علمی و تحقیقی مجلّہ

معارفِ اسلامی

جلد۴ شمارہ ۱، ۲
جنوری ۲۰۰۵ء تا دسمبر ۲۰۰۵ء



کلیہ عربی و علوم اسلامیہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

حدیث کے اساسی دور کا اجمالی جائزہ

* ڈاکٹر علی اصغر چشتی

قبل از اسلام کتابت کا رواج

کتابت تہذیب وتمدن اور ثقافت وحضارت کی علامت اور نشان ہے اس لیے دنیا کی تمام متمدن قومیں اس کی طرف خصوصی توجہ دیتی ہیں۔ اور بادیہ نشین قومیں اس سے دور رہتی ہیں۔ عرب زیادہ تر خانہ بدوشانہ زندگی گزارتے تھے۔ لکھنے پڑھنے سے کوئی خاص تعلق نہ تھا اس لیے اسلام سے پہلے اس دور کے لوگوں کو امّیین کہا گیا ہے۔لیکن جزیرہ نمائے عرب کے وہ علاقے جہاں تمدن کی روشنی آ گئی تھی جیسے یمن کا خطہ، وہاں کے باشندے لکھنے پڑھنے سے کچھ واقف تھے۔ تاہم یمن میں کتابت عام طور سے مروّج نہیں تھی۔ یمن میں خواص کا طبقہ خط کی طرف مائل تھا۔ یہیں سے خط حیرہ اور انبار کے علاقوں میں منتقل ہوا اور خط جزم کے نام سے موسوم ہوا۔ ان علاقوں میں باہمی ارتباط کی وجہ سے یہ خط منتقل ہوا تھا۔ حیرہ سے خط مکہ مکرمہ میں منتقل ہوا اور یہ کام حرب بن امیہ نے انجام دیا جو اکثر وبیشتر سفر میں رہا کرتا تھا۔ اُسی کے دور میں مکہ میں خط کی ابتداء ہوئی اور قریش کے کچھ لوگوں نے لکھنا سیکھا۔ لیکن عرب کے وہ قبائل جو خانہ بدوش تھے کتابت سے بالکل نابلد رہے۔ بلکہ وہ لکھنے پڑھنے کو عار اور ذلت سمجھتے تھے اور ان کا تمام تر اعتماد قوتِ حافظہ پر تھا۔ وہ قوت حافظہ کے مالک تھے اور اسی میں بہت زیادہ ملکہ رکھتے تھے، اسی قوت حافظہ کی بدولت وہ اپنے شعراء کے ہزاروں اشعار، انساب، مفاخر، ایاّم اور واقعات کو محفوظ رکھے ہوئے تھے جس کی وجہ سے تاریخ میں عرب ''احفظ الامم'' کے لقب سے جانے جاتے تھے۔ مشیّتِ ایزدی یہی تھی کہ اسلام سے پہلے عرب میں کتابت کا سلسلہ جاری ہو جائے تاکہ نزولِ قرآن کے بعد اس کی اور سنت نبوی ﷺ کی کتابت ہو سکے۔

اسلام جب آیا اس وقت مکہ مکرمہ میں گنتی کے چند لوگ لکھنا جانتے تھے جن کی تعداد سترہ بتائی جاتی ہے۔ ان

* ڈین، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

میں عمر بن الخطابؓ، عثمان بن عفانؓ، علی بن ابی طالبؓ، ابوعبیدۃ بن الجراحؓ، طلحہ، یزید بن ابی سفیانؓ، معاویہ بن ابی سفیانؓ، ابوسفیان بن حربؓ، ابوحذیفہ ابن عتبہ بن ربیعہؓ، حاطب بن عمروؓ، ابوسلمہ عبدالاسد مخزومیؓ اور بعض خواتین بھی لکھنا جانتی تھیں۔

مدینہ میں کتابت کا حال

مدینہ منورہ جب آپ ﷺ تشریف لائے تو یہاں اوس وخزرج میں کتابت کا رواج نہ ہونے کے برابر تھا۔ ہاں بعض یہود نے عربی کتابت سیکھ لی تھی جو پہلے زمانہ میں اہل مدینہ کے بچوں کو کتابت کی تعلیم بھی دیتے تھے۔ جب آپ ﷺ تشریف لائے اس وقت اوس وخزرج کے مندرجہ ذیل افراد کتابت جانتے تھے: سعد بن عبادۃ، منذر بن عمروؓ، ابی بن کعبؓ، زید بن ثابتؓ، رافع بن مالکؓ، اسید بن حضیرؓ...... مؤرخ بلاذری نے مدینہ میں کتابت جاننے والوں کی تعداد گیارہ بتائی ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے مدینہ منورہ میں تشریف لانے کے بعد کتابت کی طرف خاص توجہ فرمائی کیونکہ وحی کی حفاظت، شاہانِ عالم اور اہل آفاق میں رسالت کی دعوت وتبلیغ کے لیے تحریر کی بہت ضرورت تھی۔ اہل مدینہ میں کتابت کی ترویج کے لئے بھی آپ ﷺ نے توجہ مبذول فرمائی۔ بدر کی جنگ میں جتنے مشرکین گرفتار کئے گئے تھے ان میں جتنے افراد لکھنا پڑھنا جانتے تھے ان کی رہائی کے لیے زرِفدیہ کے بدلہ میں آپ ﷺ نے یہ حکم فرمایا کہ ایک ایک قیدی مسلمانوں کے دس دس بچوں کو پڑھنا لکھنا سکھا دے۔ اور مکمل تعلیم کے بعد ان کی رہائی عمل میں آ جائے گی۔ چنانچہ اس پر عمل ہوا اور کافی تعداد میں مدینہ کے مسلمان بچوں نے کتابت سیکھ لی۔

مدینہ میں رسول اللہ ﷺ نے سب سے پہلے ابی بن کعبؓ کو کاتب مقرر فرمایا اور ان کی غیرموجودگی میں زید بن ثابتؓ آیات بھی لکھتے تھے اور مراسلات بھی۔ جب مکہ فتح ہوا اور حضرت معاویہؓ بن ابی سفیانؓ مشرف بہ اسلام ہوئے تو آپ بھی وحی لکھنے کی خدمت انجام دینے لگے۔ ان کے علاوہ اور حضرات بھی آپ ﷺ کے لیے کتابت کی خدمت انجام دیتے تھے جیسے خلفائے راشدین، ابان بن سعیدؓ، زید بن ارقمؓ اور حنظلہ بن ربیع۔

شیخ محمد عجاج الخطیب لکھتے ہیں کہ کاتبانِ وحی کی تعداد چالیس تک پہنچ گئی تھی اور صدقات، دیون، معاملات اور مراسلات کے کاتبین اور مختلف زبانوں کے کاتب بھی تھے۔ اور مسجد نبوی ﷺ کے علاوہ مدینہ کی نو مساجد میں طلبہ قرآن مجید اور تعلیمات اسلام کے ساتھ ساتھ لکھنا پڑھنا بھی سیکھتے تھے اور معلمین جو اوائل اسلام میں تعلیم دیتے تھے ان میں سعد بن ربیع خزرجی جو بارہ نقباء میں ایک تھے کے علاوہ بشیر بن سعد بن ثعلبہ اور ابان بن سعید بن العاص تھے۔ یہ سب بغیر اُجرت کے تعلیم دیتے تھے۔ ان مساجد کے علاوہ بھی مدارس اور مکاتب تھے جہاں قرآن کے ساتھ ساتھ لکھنا پڑھنا بھی سکھایا جاتا تھا۔ رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں قرآن کی کتابت کھال کے ٹکڑوں، باریک چکنے پتھروں، درخت اور کھجور کی چوڑی شاخوں اور اونٹ کی چوڑی پسلیوں پر ہوتی تھی۔

کتابتِ حدیث کی ممانعت

قرآن کریم کی آیات کی کتابت ابتدائے نزول سے برابر تسلسل کے ساتھ ہوتی رہی۔ لیکن حدیث کی کتابت ہجرت سے پہلے اور پھر مدینہ میں ہجرت کے بعد ایک عرصہ تک ممنوع کر دی گئی تھی۔ سوائے ان احکام، عہد ناموں اور مراسلات کے جو آپ ﷺ کے حکم سے لکھوائے جاتے تھے جیسے یہودِ مدینہ کے درمیان عہد نامہ، حدیبیہ میں کفارِ مکہ سے صلح کا عہد نامہ، قبائلی سرداروں کے نام فرامین، سلاطین عالم کے نام خطوط وغیرہ۔ اس دور میں آپ ﷺ نے حدیث کی کتابت کی عام اجازت صحابہ کرام ﷺ کو نہیں دی۔ حضرت ابو سعید خدری ؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((لا تکتبوا عنّی غیر القرآن، ومن کتب عنّی غیر القرآن فلیمحه)) (۱)

''قرآنی آیات کے علاوہ آپ لوگ مجھ سے جو کچھ سنیں وہ قلم بند نہ کریں۔ اگر کسی نے آیات کے علاوہ کوئی چیز لکھ دی ہو تو اسے چاہیے کہ اسے مٹا دے''۔

ابو سعید خدری ؓ کہتے ہیں کہ ہم نے اس بات کی کوشش کی کہ آپ ﷺ ہمیں حدیث لکھنے کی اجازت دیں لیکن آپ ﷺ نے انکار فرمایا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے حدیث لکھنے کی اجازت طلب کی لیکن آپ نے اجازت نہیں دی۔

حضرت ابوہریرۃ ﷛ کہتے ہیں: ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس ایسے وقت تشریف لائے کہ ہم روایات لکھ رہے تھے۔ آپ ﷺ نے پوچھا: تم لوگ کیا لکھ رہے ہو؟...... ہم نے عرض کیا: وہ روایات جو آپ سے سنتے ہیں...... آپ ﷺ نے فرمایا: کیا کتاب اللہ کے سوا کوئی اور کتاب۔ تم سے پہلے کی قومیں اس لیے گمراہ ہوئیں کہ انہوں نے کتاب اللہ کے ساتھ دوسری کتابیں بھی لکھیں۔

کتابتِ حدیث کی ممانعت کی حکمت

رسول اللہ ﷺ نے اوائل میں کتابتِ حدیث سے جو ممانعت فرمائی تھی اس کی حکمت پر علمائے حدیث نے مختلف پہلوؤں پر بحث کی ہے۔ یہاں چند نکات پیش کیے جاتے ہیں:

① قرآن مجید بلحاظ بلاغت اعجاز کے جس اعلیٰ مرتبہ میں ہے اس کا مقابلہ کوئی دوسرا کلام نہیں کرسکتا ہے۔ صحابہ کرام ﷡ چونکہ فہم وادراک میں متفاوت درجہ رکھتے تھے اس لیے یہ اندیشہ تھا کہ اگر حدیث کی کتابت ہوئی تو اکثر لوگ قرآن اور حدیث کے درمیان فرق نہ کرسکیں گے اور حدیث کو بھی قرآن لکھیں گے۔ جب کہ قرآن کی اشاعت ابھی عام طور سے نہیں ہوئی تھی اور نہ حفاّظ قرآن کی تعداد زیادہ ہوئی تھی۔ اس لیے قرآن اور حدیث میں التباس واشتباہ ہوجائے گا۔ اس التباس کے خطرہ کو مدنظر رکھتے ہوئے اور قرآن کی آیات میں کسی قسم کا تغیر وتبدل نہ آنے کے لیے حدیث کی کتابت ممنوع قرار دی گئی تھی جیسا کہ اسلام سے پہلے اہلِ کتاب (یہود ونصاریٰ) اس التباس واشتباہ کے خطرہ میں پڑ گئے تھے۔ اس لیے رسول اللہ ﷺ نے کتابت حدیث کی ممانعت اس وقت تک قائم رکھی جب تک قرآن مجید کی اشاعت عام نہ ہوگئی اور اس کے حفاظ بہت کافی تعداد میں پیدا نہ ہوگئے۔ اس دور میں آپ ﷺ نے صرف حدیث کی روایت اور زبانی نقل اور زبانی حفظِ حدیث کی اجازت عطا فرمائی۔ ساتھ ہی روایتِ حدیث میں کذب سے منع فرمایا۔

② ابتداء میں لکھنے والوں کی تعداد بہت کم تھی، کتابت عام طور سے اس وقت رائج نہیں ہوئی تھی...... جو اچھے کاتب تھے وہ قرآن مجید کی کتابت میں مشغول تھے۔ اگر حدیث کی کتابت بھی اس وقت جاری ہوجاتی تو کاتبوں کی توجہ بٹ جاتی اور یکسوئی سے قرآن مجید کی کتابت نہیں ہوسکتی تھی۔ اس لیے کچھ عرصہ تک کتابتِ

حدیث کی ممانعت کی گئی تھی۔

③ صحابہ کرام ﷺ کی اکثریت ایسی تھی کہ اعلیٰ درجہ کی قوتِ حافظہ رکھتے تھے۔ان کے اس قدرتی قوتِ حافظہ کے ملکہ کو برقرار رکھنے کی خاطر کتابتِ حدیث کی ممانعت کی گئی تھی۔

④ اس دور میں چونکہ کتابت کا عام رواج نہ تھا اس لیے عام طور پر کتابت ضروری نہیں سمجھی جاتی تھی۔لوگ طول طویل نظمیں زبانی یاد کرتے تھے۔انساب اور تاریخی روایات لوگوں کو ازبر ہوتی تھیں۔معلومات کے حصول اور انتقال کا دارومدار حافظہ پر تھا۔آپ ﷺ نے روایات بیان کرنے کی عام اجازت عطا فرمائی تھی البتہ کتابت کی عام اجازت نہیں تھی۔خواص کو اجازت تھی۔

کتابتِ حدیث کی اجازت

جب حفاظِ قرآن کی تعداد بڑھ گئی، لکھنے والوں کی تعداد بھی زیادہ ہوگئی اور قرآنِ مجید کا نزول اور اس کی اشاعت بھی بڑی حد تک ہو چکی تو رسول اللہ ﷺ نے بعض صحابہ کرام ﷺ کو جنہوں نے کتابتِ حدیث کی اجازت طلب کی تھی اجازت دے دی۔کیونکہ قرآن اور حدیث میں اب التباس واشتباہ نہیں ہوسکتا تھا۔

حضرت ابوہریرۃ ﷺ کی روایت ہے کہ انصار کے ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔وہ آپ ﷺ کے ارشادات سنتے تھے لیکن یاد نہیں رکھ سکتے تھے۔وہ مجھ سے پوچھتے تھے تو میں بتا دیتا تھا۔بعد میں انہوں نے اپنی اسی کمزوری کے بارے میں آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا۔رسول اللہ ﷺ نے انہیں ہدایت فرمائی:

((استعن علی حفظک بیمینک)) (۲)

''اپنے حافظہ کی مدد اپنے دائیں ہاتھ سے کرلیا کرو۔(یعنی لکھ لیا کرو)''

اس صحابی ﷺ کو اجازت مل جانے کے بعد دیگر صحابہ کرام ﷺ نے بھی اجازت طلب کرنے کی جسارت کی۔ حضرت رافع بن خدیج نے کہا: اللہ کے رسول! ہم آپ سے بہت ساری باتیں سنتے ہیں کیا ان کو لکھ لینے کی اجازت ہے؟......رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لکھ لیا کرو۔کوئی حرج نہیں۔(۳)

حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

قیّدوا العلم بالکتاب......(۴) ''علم کو لکھ لیا کرو''۔

سعید بن بلال رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب ہم حضرت انس سے زیادہ پوچھنا شروع کر دیتے تو آپ اپنے پاس سے چونگہ نکالتے اور فرماتے: یہ ہیں وہ احادیث جو رسول اللہ ﷺ سے میں نے سنیں اور ان کو لکھا اور لکھ کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کیں۔ (۶)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دس سال کی عمر میں ان کی والدہ امّ سلیم نے رسول ﷺ کی خدمت میں یہ کہتے ہوئے پیش کیا تھا کہ: **هذا ابني وهو غلام كاتب**.......... ''یہ میرا بیٹا ہے جو کتابت جانتا ہے''۔ حضرت انس آخر وقت تک حضور ﷺ کی خدمت میں رہے۔ خود فرماتے تھے کہ نو سال تک حضور ﷺ کی خدمت میں رہا۔ بارگاہ نبوت میں اس رسوخ کا یہ حال تھا کہ بسا اوقات آپ ﷺ ان کو یا بنیّ! کے لفظ سے پکارتے تھے۔ انہی وجوہ سے ان کو کتابتِ حدیث کی اجازت حاصل تھی۔

محمد بن سعید کی روایت ہے کہ محمد بن مسلمہ انصاری (م ۴۲ھ) کی جب وفات ہوئی تو ہمیں ان کی تلوار کی نیام میں ایک تحریر ملی۔ محمد بن مسلمہ خواص صحابہؓ میں سے تھے۔ آپ ان تین اصحابؓ میں ایک تھے جنہوں نے کعب بن اشرف یہودی کو جو سخت دشمنِ رسول تھا، قتل کیا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے محمد بن مسلمہ کو بعض غزوات میں اہم ذمہ داری بھی سونپی تھی۔ آپ ''جمل'' اور ''صفین'' کے مواقع پر موجود تھے لیکن ان ہنگاموں سے دور رہے۔ آپ کے پاس جو روایات تحریر کی شکل میں موجود تھیں غالباً اس دور کی ہوں گی جب کتابتِ حدیث کی اجازت دے دی گئی تھی۔
صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ وہ صحابی ہیں جنہوں نے کتابتِ حدیث میں سب سے زیادہ دلچسپی لی۔ آپ کی ولادت ہجرت سے تقریباً سات سال پہلے ہوئی۔ سات سال کی عمر میں ایک ۱ھ میں مدینہ آئے۔ یہاں آ کر آپ نے لکھنا پڑھنا سیکھا۔ جب آپ کی عمر چودہ سال تھی تو آپ اچھی طرح پڑھ لکھ سکتے تھے۔ قرآن مجید بھی حفظ کر لیا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں آپ کا زہد و تقویٰ اور عبادت بہت مشہور تھی۔ آپ قائم اللیل اور صائم النہار تھے۔ آپ نے جب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں کتابتِ حدیث کی اجازت طلب کی تو رسول اللہ ﷺ نے آپ کی

درخواست قبول فرمائی۔ ابن سعد کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عمروؓ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں کتابتِ حدیث کی اجازت کے لیے عرض کیا۔ آپ ﷺ نے مجھے اس ضمن میں اجازت دی۔ اجازت مل جانے کے بعد میں نے لکھنا شروع کیا۔ آپ نے روایات کا جو مجموعہ تیار کیا تھا اس کا نام ''صادقہ'' رکھا تھا۔

عبداللہ بن عمروؓ اپنی کتابتِ حدیث کی مزید تفصیل اس طرح بیان کرتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ سے جو کچھ سنتا تھا اسے اپنے پاس لکھ لیا کرتا تھا اور نیّت تھی کہ اسے زبانی یاد کرلوں۔ جب قریش نے دیکھا کہ میں آپ ﷺ کے ارشادات لکھتا رہتا ہوں تو انہوں نے مجھے لکھنے سے منع کیا اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ بشر ہیں۔ کبھی خوش ہوتے ہیں اور کبھی غصہ میں ہوتے ہیں اس لیے ہر قسم کی روایات نہ لکھ لیا کرو۔ میں ان کی باتوں میں آ گیا اور لکھنا چھوڑ دیا۔ پھر میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں قریش کی بات عرض کی۔ آپ ﷺ نے اس موقع پر اپنی انگشتِ مبارک سے زبان مبارک کی طرف اشارہ فرمایا اور ارشاد فرمایا:

''اکتب! فوالذی نفسی بیدہ ما خرج منہ إلا حق'' (۷)

''تم مجھ سے جو کچھ سنتے ہو لکھ لیا کرو۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میری اس زبان سے جو کچھ نکلتا ہے وہ حق ہوتا ہے''۔

صحیفۂ صادقہ کا تعارف

رسول اللہ ﷺ کے مذکورہ بالا ارشادات اور باقاعدہ اجازت کے بعد عبداللہ بن عمروؓ نے کتابتِ حدیث کا کام جاری رکھا اور جو روایات جمع کیں ان کے مجموعہ کا نام ''الصحیفة الصادقة'' رکھا۔ اس کوشش کو عہدِ نبوی ﷺ میں تدوینِ حدیث کی ابتدا سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ اس صحیفہ کو مجاہد بن جبر نے ابن عمروؓ کے پاس دیکھا تھا۔ مجاہد نے اس کو لے کر دیکھنا چاہا تو ابن عمروؓ نے فرمایا: **مہ یا غلام بنی مخزوم** (''اے بنی مخزوم کے لڑکے! رک جا'')۔ مجاہد کہتے ہیں: میں نے پوچھا: یہ کس قسم کی تحریر ہے؟...... آپؓ نے فرمایا: یہ ''صادقہ'' ہے۔ اس میں وہ احادیث لکھی ہوئی ہیں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے براہِ راست سنی ہیں۔ یہ مجموعہ حضرت ابن عمروؓ کو اتنا عزیز تھا کہ اس کے بارے میں فرمایا کرتے تھے: میری زندگی میں ''صادقہ'' اور ''رہط'' سے زیادہ کوئی چیز مجھے پسندیدہ

نہیں (۸) حفاظت کی خاطر آپ اس مجموعہ کو صندوق میں رکھتے تھے۔ آپ کا یہ مجموعہ آپ کے خاندان میں محفوظ رہا۔ آپ کے پر پوتے عمرو بن شعیب اسی سے روایت کرتے تھے۔ مصادرِ حدیث میں جتنی روایات ''عمرو بن شعیب عن أبیه عن جده'' کی سند سے وارد ہیں وہ صحیفۂ صادقہ سے منقول ہیں۔ امام احمد نے اپنی مسند میں اسی کی بیشتر روایات اخذ کی ہیں۔ حافظ ابن اثیر کہتے ہیں کہ اس صحیفہ میں تقریباً ایک ہزار روایات تھیں۔ صحابہ کرام ﷡ میں سب سے زیادہ روایات سیدنا ابو ہریرۃ ﷛ سے مروی ہیں جن کی تعداد پانچ ہزار تین سو چوہتر بنتی ہے۔ ابو ہریرۃ ﷛ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عمرو ﷛ ان کے مقابلہ میں زیادہ روایات کے حامل تھے اس لیے کہ وہ لکھتے تھے اور ابو ہریرۃ ﷛ نہیں لکھتے تھے۔

معلوم ہوتا ہے کہ مختلف اسباب وعوامل کی بنا پر عبداللہ بن عمرو ﷛ کی ساری روایات مصادرِ حدیث میں منتقل نہیں ہو سکیں۔ ورنہ ابو ہریرۃ ﷛ کے مقابلہ میں ان کی روایات زیادہ ہوتیں۔ عبداللہ بن عمرو ﷛ چونکہ عبادت وریاضت اور خلوت میں زیادہ رہنے لگے تھے اس لیے جو روایات ان کے حافظہ میں تھیں وہ حافظہ میں رہ گئیں۔ البتہ جو مخطوطہ کی شکل میں تھیں وہ منتقل ہو گئیں۔ ۲۱ھ میں جب سیدنا عمرو بن العاص ﷛ نے مصر فتح کر لیا تو عبداللہ بن عمرو ﷛ بھی ان کے ساتھ مصر تشریف لے گئے۔ مصر اگر چہ بہت متمدن اور مہذب علاقہ تھا لیکن حجاز میں صحابہ کرام ﷡ کی جتنی تعداد تھی وہ یہاں نہ تھی۔ اس لیے ابو ہریرۃ ﷛ کو مرکز میں رہنے سے جو فائدہ ہوا وہ عبداللہ بن عمرو ﷛ کو مرکز سے دور رہنے کی وجہ سے نہیں مل سکا۔

خطبۂ فتحِ مکہ کی کتابت

۸ ہجری میں مکہ مکرمہ فتح ہوا۔ اس موقع پر آپ ﷺ نے ایک خطبہ ارشاد فرمایا۔ یہ خطبہ حدیث وسیرت کے مصادر میں موجود ہے۔ اس کے راوی سیدنا ابو ہریرۃ ﷛ ہیں۔ اس موقع پر سامعین میں ابوشاہ بھی موجود تھے۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: اللہ کے رسول ﷺ! یہ خطبہ میرے لیے لکھوا دیجئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اکتبوا لأبی شاہ (۹)۔ اس حدیث کے منجملہ رواۃ میں ولید بن مسلم اور ان کے شیخ امام اوزاعی بھی ہیں۔

ولید نے امام اوزاعی سے دریافت کیا کہ آپ ﷺ کے اس قول: ''اکتبوا لأبی شاہ'' کا کیا مطلب ہے؟......امام اوزاعی نے جواب دیا: رسول اللہ ﷺ کے ارشاد کا منشا یہ تھا کہ ابوشاہ نے جو خطبہ سنا ہے اسے لکھ کر دیا جائے کیونکہ ابوشاہ کا حافظہ اچھا نہ تھا اور خطبہ زبانی یاد رکھنا اس کے لیے مشکل تھا۔ اس حدیث سے واضح طور پر کتابتِ حدیث کا نہ صرف ثبوت ملتا ہے بلکہ اس کے حکم کا علم بھی حاصل ہوتا ہے۔

عہدِ نبوی ﷺ میں مکتوبہ روایات کا ذخیرہ

رسول اللہ ﷺ نے بہ نفسِ نفیس معاہدے، فرامین، خطوط اور ضروری ہدایات و احکام لکھوائے۔ یہاں اس ضمن میں اجمال کے ساتھ گفتگو کی جاتی ہے۔

رسول اللہ ﷺ کا ایک مشہور دستور نامہ وہ ہے جو آپ ﷺ نے ہجرت کے بعد لکھوایا۔ اس دستور میں مہاجر، انصار اور اہل یثرب کے حقوق کا ذکر کیا گیا ہے۔ دستور کی ابتداء ان کلمات سے کی گئی ہے:

> ''ھذا کتاب محمّد النبی رسول اللہ من المؤمنین والمسلمین من قریش وأھل یثرب ومن تبعھم فلحق بھم وجاھد معھم أنھم أمة واحدة من دون الناس'' (۱۰)
>
> ''یہ محمد، اللہ کے نبی اور رسول کا نامہ ہے تمام مؤمنین اور مسلمین کی طرف سے جن کا تعلق قریش اور اہلِ یثرب سے ہے اور جو ان کے متعلقین ہیں اور ان کے ساتھ رہ کر جہاد میں شریک رہے ہیں کہ وہ سب امة واحدة میں داخل ہیں۔ مخالفین کے مقابلہ میں یہ سب کے سب ایک ساتھ رہیں گے''۔

یہودِ مدینہ کے ساتھ معاہدہ

رسول اللہ ﷺ جب مدینہ تشریف لائے تو آپ ﷺ کی خواہش تھی کہ مسلمانوں اور یہودیوں کے تعلقات واضح اور منضبط ہو جائیں۔ آپ ﷺ نے انصار اور یہود کو بلا کر درج ذیل شرائط پر ایک معاہدہ لکھوایا جس کو دونوں فریقوں

نے منظور کیا یہ معاہدہ تاریخ ابن ہشام میں پوری طرح منقول ہے۔ یہاں ہم اس کا خلاصہ پیش کرتے ہیں:

① خون بہا اور فدیہ کا جو طریقہ پہلے سے رائج ہے اب بھی اسی طرح رائج رہے گا۔

② یہود کو مذہبی آزادی حاصل ہوگی اور ان کے مذہبی امور سے کوئی تعرض نہیں کیا جائے گا۔

③ یہود اور مسلمان باہم دوستانہ برتاؤ رکھیں گے۔

④ یہود یا مسلمان کو کسی سے لڑائی پیش آئے گی تو دونوں مل کر اس کا مقابلہ کریں گے۔

⑤ کوئی فریق قریش کو امان نہیں دے گا۔

⑥ مدینہ پر حملہ ہوگا تو دونوں فریق مل کر حملہ آوروں کا مقابلہ کریں گے۔

⑦ کسی دشمن سے اگر ایک فریق صلح کرے گا تو دوسرا بھی شریک صلح ہوگا۔ البتہ مذہبی لڑائی اس سے مستثنیٰ ہوگی۔

کفارِ مکہ سے معاہدہ کی شرائط

۶ ہجری میں حدیبیہ کے مقام پر کفارِ مکہ سے آپ ﷺ نے جو صلح کی تھی اس کی شرائط حسب ذیل تھیں:

① مسلمان اس سال واپس چلے جائیں۔

② اگلے سال آئیں اور صرف تین دن قیام کر کے چلے جائیں۔

③ مسلح ہو کر نہ آئیں صرف تلوار ساتھ لائیں اور وہ بھی نیام میں اور نیام بھی جلبان (تھیلا) میں۔

④ مکہ میں جو مسلمان مقیم ہیں ان میں سے کسی کو اپنے ساتھ نہ لے جائیں اور مسلمانوں میں سے کوئی مکہ میں رہ جانا چاہے تو اس کو نہ روکیں۔

⑤ کافروں یا مسلمانوں میں سے کوئی شخص اگر مدینہ جائے تو واپس کر دیا جائے۔ لیکن اگر کوئی مسلمان مکہ میں آ جائے تو وہ واپس نہیں کیا جائے گا۔

⑥ قبائل عرب کو اختیار ہوگا کہ فریقین میں سے جس کے ساتھ چاہیں معاہدہ میں شریک ہوجائیں۔

ان معاہدات کے علاوہ رسول اللہ ﷺ نے مختلف صحابہ کرام ؓ کو ہدایات اور فرامین واحکام تحریری شکل میں دیئے مثلاً:

① رسول اللہ ﷺ نے عمرو بن حزم کو یمن کا حاکم مقرر فرمایا اور انہیں ایک تحریر دی جس میں فرائض، سنن اور دیات وغیرہ کا ذکر تھا۔ (۱۱)

② رسول اللہ ﷺ نے وائل بن حجر کو جو علاقہ حضر موت میں اپنی قوم کے سردار تھے مکتوب بھیجا جس میں اسلام کے ارکان، نماز و روزہ اور زکوٰۃ کا نصاب، حدِ زنا اور تحریم خمر کا ذکر تھا اور یہ بھی مذکور تھا کہ ہر نشہ لانے والی چیز حرام ہے۔

③ ابن ابی لیلیٰ نے عبداللہ بن حکم سے روایت کی ہے کہ ہمارے سامنے رسول اللہ ﷺ کی طرف سے ایک مکتوب پڑھا گیا اس میں مردار جانور کی کھال اور پٹھوں سے متعلق احکام تھے۔

④ ابن حنفیہ محمد بن علی بن ابی طالب کی روایت ہے کہ میرے والد نے مجھے بلایا اور فرمایا کہ یہ مکتوب لو اور عثمان ؓ کے پاس لے جاؤ اس میں رسول اللہ ﷺ کا وہ فرمان ہے جو صدقہ سے متعلق ہے۔

⑤ حضرت ابوبکر ؓ نے انس بن مالک ؓ کے پاس وہ مکتوب ارسال کیا جس میں ان صدقات کا بیان تھا جن کو رسول اللہ ﷺ نے مقرر کیا تھا۔ اور ایک دوسری روایت سے پتہ چلتا ہے کہ اس مکتوب پر رسول اللہ ﷺ کی مہر لگی تھی۔ (۱۲)

⑥ ضحاک بن سفیان کے پاس رسول اللہ ﷺ کی تحریر کرائی ہوئی ایک ہدایت تھی جس میں شوہر کی دیت (خون بہا) کا حکم تھا۔

⑦ حضرت معاذ بن جبل ؓ کے پاس عہد نبوی ﷺ میں لکھی گئی وہ تحریر تھی جس میں سبزیوں، ترکاریوں پر زکوٰۃ نہ ہونے کا حکم تھا۔ (۱۳)

⑧ مدینہ منورہ کے حرم ہونے سے متعلق رسول اللہ ﷺ کی تحریر حضرت رافع بن خدیج کے پاس تھی۔

⑨ رسول اللہ ﷺ نے سلاطین اور حکّام کو جو خطوط بھجوائے۔ ان کے مضامین سیرت اور حدیث کے مصادر میں منقول ہیں۔

RESEARCH INDEX APPROVED PROJECT IRI اسلامی تحقیق کا اشاریہ

سنّت ......خلافتِ راشدہ کے عہد میں

سنت نبوی ﷺ......عہدِ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ میں

دورِ رسالت میں اللہ جل شانہ کی کتاب اور رسول اللہ ﷺ کی سنت سے تشریع اسلامی کا کام ہوتا رہا۔ وحی الٰہی کا نزول جاری تھا جس کی مسلسل تبلیغ پورے انہماک سے رسول اللہ ﷺ لوگوں میں فرماتے اور اس کے مقاصد کو بیان فرماتے اور سارے عالم کے اہل ادیان کو دعوت حق دیتے تھے۔ رسول اللہ ﷺ امت کے تمام امور، قضایا، فتاویٰ، مالی، سیاسی اور عسکری تنظیم میں مرجع اعلیٰ تھے اور تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے روبرو دینی اور دنیاوی تمام امور سرانجام دیتے تھے یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ رفیقِ اعلیٰ سے جا ملے اور وحی منقطع ہوگئی اور امت کے پاس دو ہی چیزیں رہ گئیں: ایک کتاب اللہ اور دوسری سنتِ رسول اللہ۔ آپ ﷺ نے ان دونوں کے بارے میں فرمایا:

((ترکت فیکم أمرین، لن تضلوا ما تمسکتم بهما، کتاب الله و سنّتی))

(مستدرک امام حاکم، ج ۱ .ص ۹۳)

''میں تمہارے پاس دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں جب تک تمہارا تعلق ان کے ساتھ رہے گا تم سیدھی راہ پر رہو گے: ایک کتاب اللہ اور دوسری میری سنت''۔

رسول اللہ ﷺ کے وصال کے بعد جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سقیفہ بنی ساعدہ کے جلسۂ عام میں تمام مسلمانوں کے اتفاقِ رائے سے خلیفہ منتخب کئے گئے تو آپ نے زمامِ خلافت ہاتھ میں لینے کے ساتھ ہی اطراف ملک کے حالات پر گہری نظر ڈالی۔ آپؓ نے دیکھا کہ مخالفین اسلام کی وہ طاقتیں جو رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں روپوش ہوگئی تھیں آپ ﷺ کی وفات کی خبر سنتے ہی دفعتاً نمودار ہوگئیں۔ ایک طرف مسیلمۂ کذاب تھا جس نے رسول اکرم ﷺ کے زمانے میں اپنی نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا وہ مسلمانوں کے مقابلہ کے لیے لشکرِ جرار تیار کر رہا ہے۔ دوسری طرف مسلمانوں کی ایک معقول تعداد نے زکاۃ کی ادائیگی سے انکار کر دیا جس کی وجہ سے اسلامی ریاست کے مالی نظام کا ڈھانچہ درہم برہم ہونے والا تھا اور اقتصادی نظام کی برہمی سے تمام دینی اور دنیاوی کام رک جاتے۔ تیسری طرف روم کی سلطنت کی طرف سے مسلمانوں کو دھمکیاں دی جا رہی تھیں۔ ان متعدد خطرات کا مقابلہ کرنے

کے لیے خلیفہ اول سیدنا ابوبکر صدیق ﷺ اللہ تعالیٰ کا نام لے کر آمادہ ہو گئے۔ پہلے حضرت اسامہ بن زید ﷺ کو طلب کیا جن کو رسول اللہ ﷺ نے ایک اسلامی لشکر کا سردار بنا کر علم دیا تھا۔ اور وہ اہلِ روم کا مقابلہ کرنے کے لیے روانہ ہونے والے تھے کہ آپ ﷺ کی طبیعت ناساز ہو گئی اور چند روز کی علالت کے بعد اپنے پروردگار سے جا ملے۔ جس کی وجہ سے حضرت اسامہ ﷺ کی روانگی ملتوی ہو گئی تھی۔ سیدنا صدیق اکبر ﷺ نے حضرت اسامہ ﷺ کو دوبارہ سالارِ لشکر بنایا اور علم عطا کیا اور فرمایا: ''جس جھنڈے کو رسول اللہ ﷺ نے باندھا ہے اس کے کھولنے کا مجھے اختیار نہیں ہے''۔ دوسری طرف خالد بن ولید ﷺ کو جھنڈا دیا تا کہ وہ زکوۃ سے انکار کرنے والے باغیوں اور مسیلمۂ کذاب اور اس کی قوم سے جہاد کریں۔ مانعینِ زکاۃ کہتے تھے کہ ہم نماز پڑھیں گے مگر زکوۃ نہیں دیں گے۔ مدینہ کے مسلمانوں نے کہا: خلیفۂ رسول اللہ! مانعینِ زکوۃ کی بات مان لیجئے اور ان سے جنگ نہ کیجئے کیونکہ وہ سب دائرہ اسلام میں نو وارد ہیں۔ ان کی تعداد بھی بہت زیادہ ہے اور رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

((أمرت أن أقاتل الناس حتى يقولوا لا إله إلا الله، فاذا قالوها عصموا منّي دمائهم وأموالهم إلا بحقها وحسابهم على الله))

(الجامع الصحيح للامام مسلم. كتاب الزكاة)

مقصد یہ کہ یہ لوگ کلمہ گو ہیں ان کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے ارشاد کے مطابق لڑنا اور ان کو جان سے مارنا جائز نہیں۔ سیدنا عمر ﷺ فاروق بھی اسی رائے کے قائل تھے۔ صدیق اکبر ﷺ نے فرمایا کہ زکوۃ حق المال ہے جس کے انکار پر جنگ ضروری ہے۔ اور حضرت عمر ﷺ کی رائے کو بھی تسلیم نہیں کیا۔ جو جنگ کرنا نہیں چاہتے تھے۔ ابوبکر صدیق ﷺ نے اس موقع پر فرمایا:

اللہ تعالیٰ کی قسم! میں نماز اور زکوۃ میں تفریق نہیں کرتا ہوں۔ اگر مانعینِ زکوۃ ایک عقال (اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی) سے بھی انکار کریں گے جسے وہ رسول اللہ ﷺ کے دور میں بطورِ زکوۃ ادا کرتے تھے تو میں ان سے جہاد کروں گا۔ اگر کوئی میرا ساتھ نہ دے گا تو میں تنہا ان سے جہاد کروں گا تا آنکہ اللہ تعالیٰ ہمارے اور ان کے درمیان فیصلہ فرما دے اور وہ خیر الحاکمین ہے۔ آخر اللہ تعالیٰ نے سب مسلمانوں کے سینوں کو کھول دیا اور سب ابوبکر صدیق ﷺ کے قول سے متفق ہو گئے۔ حضرت ابو ہریرۃ ﷺ کہتے ہیں کہ ہم سب نے جنگ کی اور ہم لوگوں کی یہی

رائے ہوگئی کہ یہی راستی اور سچائی تھی۔ صدیق اکبرؓ نے خالد بن ولیدؓ اور اسامہ بن زیدؓ کی سرکردگی میں دو اسلامی لشکر روانہ کیئے تھے۔ یہ دونوں مہمات کامیابی سے ہمکنار ہوئیں۔ حضرت خالد بن ولیدؓ کے لشکر والوں نے مسیلمۂ کذاب کو قتل کیا اور اس کی فوج پراگندہ ہو کر ملیامیٹ ہوگئی۔ مانعینِ زکوٰۃ بھی زکوٰۃ دینے پر آمادہ ہو گئے اور حضرت اسامہ بن زیدؓ کو اپنی مہم میں کامیابی ہوئی۔

مسیلمۂ کذاب کے مقابلہ میں جو جنگ لڑی گئی۔ وہ چونکہ مدعیٔ نبوت کے خلاف تھی اس لیے صحابہ کرامؓ نے بہت جوش و جذبہ کے ساتھ اس میں حصہ لیا۔ اور ایسے صحابہ کرامؓ جو کبار اور حفاظ تھے اس جنگ میں رسول اللہ ﷺ کی ذات اور ناموس کی خاطر شریک ہوئے۔ جنگ کا نتیجہ مسلمانوں کے حق میں رہا۔ لیکن اس میں حفاظ صحابہ کرامؓ کی ایک بڑی تعداد نے جامِ شہادت نوش کیا۔ یہ جنگ چونکہ یمامہ کے مقام پر لڑی گئی اس لیے اس کو ''جنگِ یمامہ'' کہتے ہیں۔ ان حفاظ کی شہادت کی خبر جب مدینہ منورہ پہنچی تو مسلمانوں کو بے حد قلق اور رنج ہوا۔ حضرت عمرؓ بھی متاثر ہوئے اور فوراً صدیق اکبرؓ کی خدمت میں پہنچے اور فرمایا کہ جہاد کا سلسلہ جاری ہے اور جاری رہے گا لیکن اگر اسی طرح حفاظِ قرآن شہید ہوتے رہے تو قرآن کریم کی حفاظت مشکل ہو جائے گی کیونکہ ابھی تک قرآن کی آیات مختلف قطعات پر لکھی ہوئی ہیں۔ اس لیے میری تجویز یہ ہے کہ جلد از جلد قرآنِ کریم کی آیات کو لکھوا کر مدوّن کیا جائے۔ صدیق اکبرؓ نے نہایت غور و فکر اور سوال و جواب کے بعد حضرت عمرؓ کی تجویز کو پسند کیا اور زید بن ثابتؓ کو طلب کیا جو پہلے بھی رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں کاتبِ وحی رہ چکے تھے اور ان کی نگرانی میں قرآنی آیات کو لکھوا کر مدوّن کر دیا۔ یہ نسخہ ابوبکر صدیقؓ کی امانت میں رکھا گیا۔

قرآن کریم کے بعد دوسرا درجہ سنتِ رسول ﷺ کا تھا اس کی تدوین کی طرف بھی صدیق اکبرؓ توجہ دینا چاہتے تھے لیکن آپؓ کی عمر نے وفا نہیں کی۔ دو سال تین ماہ تک آپؓ نے خلافت کے امور کو انجام دیا۔ صدیق اکبرؓ نے خلافت کی ذمہ داریاں سنبھالتے ہی یہ دیکھا کہ صحابہ کرامؓ حدیث کی روایت اور فہم میں متفاوت ہیں۔ اس لیے کہ سارے صحابہ فقیہ نہ تھے۔ ان صحابہ کرامؓ نے رسول اللہ ﷺ سے جو کچھ سنا تھا اور آپ ﷺ کو جو کچھ کرتے دیکھا تھا اسے اپنے پاس محفوظ کر لیا تھا لیکن روایات کی تطبیق اور استنباط کے ضمن میں اس وقت کوئی ایسا سلسلہ نہیں تھا۔ صحابہ کرامؓ زیادہ تر حدیث کے راوی تھے وہ احادیث کو انہی الفاظ میں بیان کرتے

تھے جن الفاظ میں انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا۔ ان کو اس سے مطلب نہ تھا کہ کونسی حدیث ناسخ ہے اور کونسی منسوخ ہے۔ عزیمت والی حدیث کون سی ہے اور رخصت والی حدیث کون سی ہے اس بنا پر ایک صحابی کسی مسئلہ کی رخصت والی حدیث بیان کرتے اس پر عمل کرنے کے لیے زور دیتے تھے تو دوسرے صحابی رضی اللہ عنہ اس کے خلاف اس مسئلہ میں عزیمت پر عمل کرنے کے لیے لوگوں کو مجبور کرتے تھے۔

رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں بھی ایک شخص کو سفر کی حالت میں سر میں چوٹ لگی تھی جس سے سر زخمی ہو گیا تھا اسی حالت میں اسے غسل کرنے کی ضرورت پڑ گئی۔ اس نے اپنے ساتھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے پوچھا تو انہوں نے تیمّم کے بجائے اسے غسل کرنے کی ہدایت دی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ غسل کرنے کے بعد اس کی تکلیف بڑھ گئی اور وہ انتقال کر گیا۔ رسول اللہ ﷺ کو اس واقعہ کی اطلاع دی گئی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کے لیے رخصت پر عمل کرنا چاہئے تھا۔ تیمّم کر لیتا تو کافی تھا۔

رسول اللہ ﷺ جو احکام دیتے تھے ان میں بعض احکام وقتی ہوتے تھے پھر وہ وقت گذر جانے اور حالات کے مناسب ہونے پر ان کو منسوخ فرما دیتے یا کراہت کو اجازت میں بدل دیتے تھے جیسا کہ ایک سال آپ ﷺ نے قربانی کے اضافی گوشت کو تین دنوں سے زیادہ بطور ذخیرہ رکھنے سے منع فرمایا۔ دوسرے سال لوگوں نے جب اس ہدایت پر عمل کرنے کی بابت پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے قربانی کے دن مساکین کی کثرت کو دیکھ کر تمہیں گوشت بچانے سے روکا تھا۔ اب تمہیں اجازت ہے۔ تم قربانی کا گوشت کھاؤ، خیرات کرو اور بچاؤ۔

روایات میں اختلاف کو دیکھ کر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حدیث کی روایت کرنے میں احتیاط کا مشورہ دیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے خیال کیا کہ روایت کے نتیجہ میں اگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ان راجح و مرجوح کی اختلافی مسائل میں پڑ گئے تو وہ فتنے جو چاروں طرف منہ کھولے کھڑے تھے تقویت حاصل کر لیں گے۔ یہی وجہ تھی کہ آپ رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو روایتِ حدیث میں انتہائی احتیاط اور سوچ و بچار کی ہدایت کی۔ ابن ابی ملیکہ کی مراسیل میں ہے:

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے وصال کے بعد لوگوں کو جمع کیا اور فرمایا: آپ لوگ رسول اللہ ﷺ کی احادیث میں روایت کرتے وقت آپس میں اختلاف کرتے ہیں۔ آپ کے بعد لوگوں میں اختلاف اور شدید ہو

جائے گا اس لیے آپ لوگ رسول اللہ ﷺ کی کوئی حدیث نہ بیان کریں آپ سے کوئی پوچھے تو یہ کہہ دیجئے کہ ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب ہے اس کی حلال کردہ چیزوں کو حلال اور حرام کردہ چیزوں کو حرام سمجھو۔ ایسی صورت حال میں جبکہ قرآن مجید کی آیات کی تدوین کا کام شروع بھی نہ ہوا تھا اور طاقتور دشمنوں کے حملے سروں پر منڈلا رہے تھے روایتِ حدیث کو وقتی طور پر روکنا صدیق اکبر ؓ کے لیے ضروری ہو چکا تھا کیونکہ احادیث کی روایت سے باہم اختلافات ہونے لگے تھے۔ اس کے یہ معنی نہیں کہ صدیق اکبر نفس حدیث یا اس کی کتابت کے مخالف تھے جس کی اجازت عہدِ نبوی ﷺ کے آخری ایام میں ہو چکی تھی۔ اگر صدیقِ اکبر ؓ کتابتِ حدیث کے جواز کے قائل نہ ہوتے تو وہ خود رسول اللہ ﷺ کی پانچ سو حدیثیں نہ لکھتے جیسا کہ حافظ ذہبیؒ نے تذکرۃ الحفاظ میں حاکم کی روایت نقل کی ہے۔

امام حاکم کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ابوبکر صدیق ؓ کتابتِ حدیث کے جواز کے قائل تھے جب ہی تو انہوں نے پانچ سو حدیثیں دوسرے صحابہ کرام ؓ سے نقل کر کے یا لکھوا کر کے اپنے پاس رکھی تھیں۔ اور ایک عرصہ تک یہ روایات ان کے پاس محفوظ رہیں۔ بعد میں انہوں نے اس مجموعہ کو نذرِ آتش کر دیا اور اس کا سبب یہ بتایا کہ ان روایات کے رُواۃ تو معتمد اور ثقہ وعادل تھے لیکن روایات کو نقل کرنے میں وہ اہتمام نہیں تھا جو ہونا چاہئے تھا۔ اس واقعہ کو پیشِ نظر رکھ کر ہرگز یہ گمان نہیں کرنا چاہئے کہ ابوبکر صدیق ؓ حدیث اور کتابتِ حدیث کے مخالف تھے۔ پانچ سو روایات کا جمع کرنا سنت کی حجت کی بنا پر تھا اور پھر ان کی نقل میں شک ہو جانے کے باعث نذرِ آتش کرنا دوسری علت کی بنا پر تھا۔ حدیث یا کتابتِ حدیث کی مخالفت کی بنا پر نہ تھا۔ رسول اللہ ﷺ اور سنتِ نبوی ﷺ پر جس قدر جان نثار اور شیفتہ ابوبکر صدیق ؓ تھے اس کی مثال پیش کرنی مشکل ہے۔ آپ ؓ کو قضایا، فتاویٰ اور مقدمات کے متعلق قرآن مجید میں اگر حکم نہ ملتا تو صحابہ کرام ؓ سے حدیث دریافت کر کے اس کے مطابق فیصلہ کرتے تھے۔ ابوبکر صدیق ؓ سابقین اولین میں سے تھے بلکہ ایمان لانے والے مردوں میں پہلے شخص تھے اور سفر وحضر میں ہمیشہ رسول اللہ ﷺ کی رفاقت میں رہے تھے۔ ان سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کی حدیثوں کا جاننے والا کون ہو سکتا ہے۔ مگر وہ بہ نظرِ احتیاط حدیث کی روایت بہت کم کرتے تھے اور ایک لفظ وحرف کے فرق کو بھی گوارا نہیں کرتے تھے۔ پھر بھی ان سے مروی احادیث کی تعداد ایک سو بیالیس (۱۴۲) کے لگ بھگ ہے۔

ایک دفعہ حضرت علی ﷜ نے فرمایا: حد ثنی ابو بکر، وصدق ابو بکر۔

ایک موقع پر ابو بکر صدیق ﷜ نے حضرت براء﷜ کے والد عازب کو ہجرت کے پورے واقعات سنائے۔ انبیاء کی میراث سے متعلق روایت آپ نے بطورِ استدلال پیش کی۔ اس روایت کی تصدیق ان ممتاز صحابہ کرام ﷢ نے کی جو آپ کے قریب بیٹھے ہوئے تھے۔ مقصد یہ کہ صدیق اکبر ﷜ نے انتظاماً صحابہ کرام ﷢ کو حدیث کی روایت میں احتیاط کا مشورہ دیا تھا۔ اگر آپ ﷜ کی خلافت کی مدت طویل ہو جاتی تو جس طرح آپ نے قرآن مجید کی آیات لکھوا کر ان کی با قاعدہ تدوین کی اسی طرح قرآنِ کریم کے بعد احادیثِ نبوی ﷺ کو صحابہ کرام ﷢ کے سینوں سے اور مکتوبہ اجزاء سے جمع کرا کر تدوین حدیث کی خدمت بھی انجام دے دیتے۔ اور روایات کے اختلافات کو تطبیق دے کر مٹا دیتے لیکن اللہ جل شانہ کی یہی مشیت تھی کہ تدوین حدیث کی خدمت دیگر صحابہ، تابعین اور تبع تابعین اور محدثین کا طبقہ اپنی مسلسل کوشش اور جدوجہد سے انجام دے تاکہ حدیث کی طلب میں نشاطی حرکت تیز تر ہو اور اسی حرکت وطلب اور جستجو سے حدیث کے بہت سے دوسرے علومِ متعلقہ بھی پیدا ہوں جس سے امتِ مسلمہ کی آنے والی نسلیں زیادہ سہولت کے ساتھ استفادہ کر سکیں۔

سنتِ نبوی ﷺ ...... عہدِ فاروق ﷜ میں

ابو بکر صدیق ﷜ کی وفات کے بعد عمر فاروق ﷜ کا عہدِ خلافت آیا۔ آپ نے بھی اپنے عہدِ خلافت میں قرآنِ مجید کی تعلیم، ترویج اور اشاعت میں انتہائی کوشش کی۔ ساتھ ہی روایات کے جمع کرنے اور کتابت کر کے تدوینِ حدیث کا خیال آیا۔ اس بارے میں جب صحابہ کرام ﷢ سے مشورہ کیا تو اکثریت کی طرف سے مثبت جواب ملا۔ لیکن آپ نے صورتِ حالات کا جائزہ لینے کے بعد تدوینِ حدیث کے ارادہ کو بدل دیا۔ حضرت عروۃ بن الزبیرؒ اس بارے میں بیان کرتے ہیں:

> ''حضرت عمر بن الخطاب ﷜ نے سنن لکھوانے کا ارادہ کیا۔ اس بارے میں صحابہ ﷢ سے مشورہ کیا۔ سبھوں نے مشورہ دیا کہ سنن لکھے جائیں۔ اس سلسلہ میں حضرت عمر ﷜ ایک ماہ تک استخارہ کرتے رہے۔ پھر ایک دن جب انہیں شرح صدر ہوا تو فرمایا: میں سنن کی

کتابت کرانا چاہتا تھا کہ ایک قوم یاد آ گئی جو تم سے پہلے تھی۔ جس نے بہت کتابیں لکھیں اوران کتابوں پر جھک گئی اور اللہ جل شانہ کی کتاب کو چھوڑ دیا۔ بخدا! میں کتاب اللہ میں کبھی کوئی چیز ملانا نہیں چاہتا ہوں''۔(۱۴)

حضرت عمرؓ نے سنن کی عدمِ کتابت کا فیصلہ عجلت کے نتیجہ میں نہیں بلکہ کامل غور وفکر اور ایک ماہ تک استخارہ کرنے کے بعد فرمایا۔ آپ کا مقصد بھی وہی تھا جو خلیفۂ اول کا تھا کہ پہلے کتاب اللہ کی پوری اشاعت ہو جائے اور حفاظِ قرآن بکثرت پیدا ہو جائیں۔ اس کے بعد سنت کی تدوین عمل میں آئے۔ بہ یک وقت دو اہم کام جاری نہیں رہ سکتے ہیں۔ سنت کے محافظین حفاظ حدیث کی کافی تعداد موجود ہے۔ انہوں نے اپنے سینوں میں محفوظ طریقہ سے سنن کو رکھا ہے اور مسلسل مذاکرہ کی وجہ سے اس کی حفاظت ہوتی رہے گی یہاں تک کہ مناسب وقت میں اس کی تدوین بھی عمل میں آ جائے گی۔ مگر ضرورت اس کی تھی کہ حدیث کی روایت میں اعتدال آ جائے۔ اگر کثرتِ حدیث کی روایت اس زمانے میں کی جائے جبکہ تدوینِ حدیث عمل میں نہیں آئی ہے تو مخالفین اسلام اور منافقین کو موضوع حدیث بیان کرنے کا موقع مل جائے گا اس خیال سے حضرت عمرؓ نے روایتِ حدیث کی کثرت کو روکا اور اس پر سختی سے عمل کیا۔ امام ابن قتیبہ لکھتے ہیں:

''عمر فاروقؓ زیادہ روایت کرنے والوں کو سختی سے روکتے تھے اور ایسے لوگوں کے ساتھ بھی سختی برتتے تھے جو کسی حکم میں کوئی خبر بغیر شاہد (گواہ) کے لاتے تھے''۔(۱۵)

یہاں یہ بات ذہن میں رہے کہ کثرتِ روایت پر سختی کا عمل عمر فاروقؓ کی تنہا ذاتی رائے کا نتیجہ نہ تھا بلکہ دیگر جلیل القدر صحابہ کرامؓ کا بھی اس زمانے میں یہی خیال تھا۔ ابن قتیبہ اس ضمن میں لکھتے ہیں:

''اکثر جلیل القدر صحابہ کرامؓ اور رسول اللہ ﷺ کے خاص الخاص حضرات جیسے ابوبکر صدیقؓ، زبیرؓ، ابوعبیدہؓ، عباسؓ بن عبدالمطلب رسول اللہ ﷺ سے بہت کم روایت کرتے تھے، بلکہ بعض تو تقریباً روایت ہی نہیں کرتے تھے۔ جیسے سعید بن زید بن عمرو بن نفیل جو عشرہ مبشرہ میں سے تھے''۔ (۱۶)

حضرت عمرؓ نے قرظہ بن کعبؓ کو وفد کی صورت میں کوفہ روانہ کرتے وقت وصیت کی تھی کہ روایت کم کرنا۔ قرظہ بن کعبؓ کا بیان ہے:

''ہمیں عمر بن الخطابؓ نے کوفہ روانہ کیا اور مقام جرار تک جو مدینہ کے قریب ہے ہمارے ہمراہ رہے۔ یہاں آ کر آپؓ نے پوچھا: تم جانتے ہو کہ میں کیوں تمہارے ساتھ یہاں تک آیا؟...... ہم نے جواب دیا: چونکہ ہمیں رسول اللہﷺ کے ساتھ رہنے کا شرف حاصل ہے اور ہمارا تعلق انصار سے ہے۔ تو آپ نے اِن دونوں پہلوؤں کو مدنظر رکھ کر ہماری عزت افزائی کی ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں آپ کے ساتھ یہاں تک اس لیے آیا ہوں کہ مجھے آپ لوگوں سے ایک اہم بات کرنی ہے۔ آپ میری اس بات کو سنیں اور اس پر عمل کرنے کی پوری پوری کوشش کریں۔ پھر فرمایا: آپ لوگ ایسی قوم کے پاس جا رہے ہیں جس کے دل میں قرآن کے ساتھ اتنا تعلق اور عقیدت ہے کہ تلاوت کرتے وقت ان کے دل اس طریقہ سے حرکت کرتے ہیں جس طرح حرارت کی وجہ سے دیگچی متحرک ہوتی ہے۔ وہ لوگ جب آپ کو دیکھیں گے تو آپ کی طرف آگے بڑھیں گے اور کہیں گے کہ یہ صحابہ کرامؓ ہیں۔ وہ آپ سے سننا چاہیں گے۔ میری وصیت ہے کہ ان کے سامنے احادیث کم سے کم بیان کریں۔ اس معاملہ میں آپ مجھے اپنے ساتھ پائیں گے''۔ (۱۷)

حضرت عمرؓ نے جب ابوموسیٰ اشعریؓ سے یہ حدیث سنی:

((إذا سلم احدكم ثلاثاً فلم يجب فليرجع))

''جب تم میں سے کوئی کسی کو تین بار سلام کرے اور گھر کے اندر سے جواب نہ ملے تو اسے واپس چلا جانا چاہیے''۔

تو فرمایا: ابوموسیٰ! اس حدیث پر تم گواہ پیش کرو۔ ورنہ اچھا نہیں ہوگا۔ اور جب دوسرے صحابہؓ نے

ابوموسیٰ ﷺ کی روایت کردہ حدیث کی تصدیق کی۔تو عمر فاروق ﷺ نے اسے قبول کیا۔حافظ ذہبی ﷺ لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ ابی بن کعب نے عمر فاروق ﷺ کی موجودگی میں حدیث بیان کی۔حضرت عمر ﷺ نے ابی بن کعب سے اس کی تصدیق کے لیے گواہ طلب کیا۔ جب انصار میں سے بعض حضرات نے اس کی تصدیق کی تو عمر فاروق ﷺ نے ابی بن کعب کو مخاطب کیا اور فرمایا:

((اما إنی لم اتهمک ولکن أحببت أن أثبّت))

''میں آپ کو نا قابل اعتماد نہیں سمجھتا لیکن میری خواہش تھی کہ اس حدیث کی مزید تائید ہو''۔(۱۸)

ابوسلمہ نے حضرت ابو ہریرۃ ﷺ سے پوچھا: کیا آپ حضرت عمر ﷺ کے دورِ خلافت میں اسی طرح روایات بیان کرتے تھے؟......ابو ہریرۃ ﷺ نے جواب دیا: اگر میں حضرت عمر ﷺ کے دور میں اسی طرح کثرت سے روایات بیان کرتا تو وہ مجھے سختی سے منع فرماتے۔(۱۹)

جو لوگ حدیث وسنت کی تشریعی حیثیت کے قائل نہیں وہ حضرت عمر ﷺ کی کثرت روایت کے ضمن میں سختی کو بنیاد بنا کر استدلال کرتے ہیں کہ حضرت عمر ﷺ صرف قرآن مجید کو اسلامی تشریع کا مصدر قرار دیتے تھے اور حدیث سے انہیں کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ ان لوگوں کا کہنا ہے کہ حضرت عمر ﷺ نے تین جلیل القدر صحابہ کرام ﷺ کو کثرت روایت کی بناء پر قید میں ڈالا تھا۔ثبوت کے لیے یہ حضرات حافظ ذہبی کی نقل کردہ یہ روایت پیش کرتے ہیں:

"إن عمر حبس ثلاثة، ابن مسعود وأبا الدرداء وأبا مسعود الأنصاری فقال: قد أکثر تم الحدیث عن رسول اللہ ﷺ."

حدیث کے مخالفین اپنے دعویٰ کے ثبوت میں حدیث قرظہ کو بھی پیش کرتے ہیں جو شعبی نے قرظہ بن کعب سے روایت کی ہے۔ان حضرات کے اس فرضی الزام کا جواب یہ ہے کہ حافظ ذہبی کی کتاب تذکرۃ الحفاظ میں تین صحابہ کرام ﷺ کے متعلق ''حبس'' کا لفظ آیا ہے۔یہاں حبس کے معنی قید کرنے کے نہیں ہیں۔اس شبہ کو دور کرنے کے لیے امام رامہرمزی نے اپنے شیخ ابوعبداللہ ابن البری کی یہ روایت نقل کی ہے:

((أن عمر بن الخطاب حبس بعض أصحاب النبیﷺ، فیهم إبن مسعود وأبو الدرداء، فقال: قد اکثرتم الحدیث عن رسول اللهﷺ.قال أبو عبد الله ابن البری، یعنی منعهم من الحدیث ولم یکن لعمر حبس)) (۲۰)

''عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ''حبس'' میں کر دیا تھا جن میں ابن مسعود اور ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ اور فرمایا کہ تم نے روایت حدیث میں بہت کثرت کر دی ہے''۔ ابوعبداللہ ابن البری کہتے ہیں کہ عمر فاروق نے ان اصحاب کو حدیث کی روایت کرنے سے صرف منع کیا تھا۔ کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں کوئی قید خانہ نہیں تھا۔ مطلب یہ کہ روایتِ مذکورہ میں ''حبس'' کا جو لفظ آیا ہے وہ ''قید'' کے معنی میں نہیں بلکہ منع کے معنی میں ہے''۔

حافظ ابن البر کی یہ تعبیر بہت عمدہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ممانعت کثرتِ حدیث میں اس لیے ہوتی تھی کہ سامعینِ حدیث میں زیادہ غور وفکر نہ کر سکیں گے، اور راویانِ حدیث کثرت روایت کے باعث ضبط، تثبت اور اتقان کے اصول کو ملحوظ نہ رکھیں گے جس کی وجہ سے حدیث میں کمی بیشی کا اندیشہ رہے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نزدیک حدیث کی روایت مذموم نہ تھی کیونکہ خود ان سے بکثرت حدیث کی روایت ثابت ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پانچ سو سے زیادہ احادیث روایت کی ہیں۔ اور چند صحابہ رضی اللہ عنہم کو چھوڑ کر تمام صحابہؓ میں سب سے زیادہ حدیث کے راوی ہیں۔ یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ صحابہؓ میں سب سے زیادہ حدیث کے راوی حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ ہیں وہ قید نہ ہوں اور تین جلیل القدر صحابہ رضی اللہ عنہم قید کر دیئے جائیں۔ ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ نے پانچ ہزار تین سو چوہتر (۵۳۷۴)، ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے آٹھ سو اڑتالیس (۸۴۸)، ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے ایک سو اناسی (۱۷۹) اور ابومسعود رضی اللہ عنہ نے ایک سو دو (۱۰۲) احادیث روایت کی ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ مکثرین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی جانچ لیا کرتے تھے۔ جب انہیں اس بات کا اطمینان ہو جاتا تھا کہ زیادہ روایت کرنے والے صحابی رضی اللہ عنہ کا حافظہ قوی ہے اور وہ حدیث پورے ضبط کے ساتھ بیان کرتا ہے تو اسے حدیث کی روایت کی عام اجازت دیتے تھے جو اجازت نامہ اور سند کی حیثیت ہوتی تھی۔ حافظ ذہبیؒ، ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ کی روایت بیان کرتے ہیں:

''ابوہریرۃ ﷛ کہتے ہیں کہ حضرت عمر ﷛ کے پاس میری کثرتِ روایت کی خبر پہنچی۔ انہوں نے مجھے طلب کیا اور کہا: کیا تم ہمارے ساتھ اس دن تھے جس دن ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ فلاں شخص کے گھر میں تھے۔ میں نے کہا: جی ہاں! میں موجود تھا۔ میں حضرت عمر ﷛ کے سوال کا مقصد سمجھ گیا تھا۔ آپ ﷛ نے مجھے مخاطب کیا اور پوچھا: میں نے تم سے یہ سوال کیوں کیا؟ میں نے کہا: جس دن ہم ساتھ تھے اس موقع پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا: جس نے میری طرف ایسی بات منسوب کی جو میں نے نہ کی ہو اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔ حضرت عمر ﷛ نے میری زبان سے یہ حدیث سنی اور فرمایا: جاؤ اور حدیث کی روایت کرو''۔ (۲۱)

اس روایت سے معلوم ہوا کہ حضرت عمر ﷛ نے حضرت ابوہریرۃ ﷛ کو جو حدیث کی روایت میں سب سے زیادہ مشہور ہیں محض ان کے حفظ، تثبت اور اتقان کے امتحان کے لیے طلب کیا تھا جب وہ حضرت عمر ﷛ کے امتحان میں پورے اترے تو انہیں حدیث کی روایت کی عام اجازت دے دی گئی۔ اسی طرح تین جلیل القدر صحابہ کرام ﷡ کو حفظ، تثبت اور اتقان کے امتحان اور جانچ کے لیے کچھ دنوں تک حدیث کی روایت سے منع کر دیا گیا تھا۔ اس مفہوم کی تائید خطیب بغدادی کی اس روایت سے ہوتی ہے:

((بعث عمر بن الخطاب إلى عبدالله بن مسعود وإلى أبى الدرداء، وإلى أبى مسعود الأنصارى، فقال: ما هذا الحديث الذين تكثرون عن رسول الله ﷺ؟ فحبسهم بالمدينة حتى استشهد لفظهم سواء)) (۲۲)

''عمر فاروق ﷛ نے عبداللہ بن مسعود، ابوالدرداء اور ابومسعود انصاری ﷡ کو اپنے پاس بلایا اور پوچھا: یہ کیا حدیث ہے جس کی روایت آپ لوگ کثرت سے کر رہے ہیں؟...... حضرت عمر ﷛ نے ان حضرات کو مدینہ میں روایت کرنے سے منع کر دیا تھا تا آنکہ حضرت عمر ﷛ کو شہادت مل گئی کہ ان سب کی روایت میں الفاظ و کلمات برابر اور یکساں ہیں''۔

خطیب بغدادی کی اس روایت سے واضح ہو گیا کہ ''حبس'' کے معنی صرف قید کرنے ہی کے نہیں بلکہ منع کرنے کے بھی

ہیں۔ چنانچہ حضرت عمرؓ کو جب ان تینوں کی روایت میں الفاظ متفق اور یکساں نظر آئے اور روایت میں اختلاف نہیں پایا تو ان تینوں کے لیے روایت کی ممانعت باقی نہ رہی۔ حضرت عمرؓ نے معاذ بن جبلؓ کے متعلق بھی حبس کا لفظ استعمال کیا تھا جو ابن سعد کی روایت میں ہے۔ ابن سعد نے روایت کی ہے کہ جب معاذ بن جبل ملک شام جانے لگے تو حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ ان کے چلے جانے سے مدینہ میں فقہ اور فتویٰ دینے میں خلل ہوگا اس لیے حضرت عمرؓ نے ابوبکر صدیقؓ خلیفہ اول سے ان کو روکنے کے لیے کہا۔ اس روایت کی عبارت یوں ہے:

((لقد كنت كلمت ابا بكر رحمه الله أن يحبسه لحاجة الناس إليه، فأبى علي فقال: رجل أراد الجهاد يريد الشهادة فلا أحبسه))

''حضرت عمرؓ فرماتے ہیں: میں نے ابوبکر صدیقؓ سے لوگوں کی ضرورت کو مدنظر رکھ کر معاذ بن جبلؓ کو روکنے کے لیے کہا مگر انہوں نے انکار کیا اور کہا کہ وہ جہاد اور شہادت چاہتے ہیں اس لیے میں انہیں نہیں روکنا چاہتا''۔

اس عبارت میں دو جگہ ''حبس'' کا لفظ آیا ہے جس کے معنی قید میں ڈالنے کے نہیں ہیں بلکہ روکنے کے ہیں۔ اسی طرح تینوں صحابہ کرامؓ جن کا ذکر اوپر ہوا ہے ان کے متعلق بھی راوی نے حبس کا لفظ استعمال کیا ہے وہاں بھی معنی روکنے ہی کے ہیں نہ کہ جیل میں ڈالے جانے کے۔

حضرت عمرؓ ان تینوں صحابہ کرامؓ کی قدر و منزلت کو جانتے تھے، ان کے زہد و تقویٰ سے واقف تھے۔ ان کے علمی رتبے سے آگاہ تھے چنانچہ جب حضرت عمرؓ نے حضرت ابن مسعودؓ کو کوفہ کی طرف روانہ کیا تو کوفہ والوں کے نام خط میں ابن مسعودؓ کا اس طرح تعارف کرایا۔

''كتب إلى أهل الكوفة: إني والله الذى لا إله إلا هو، أثرتكم به على نفسى فخذوا منه'' (۲۳)

''اس اللہ کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں نے ابن مسعودؓ کو اپنے پاس رکھنے کی بجائے تمہارے پاس بھیجنے کے لیے ترجیح دی ہے۔ تم ان سے بھرپور استفادہ کرو۔

ایک اور موقع پر حضرت عمرؓ، ابن مسعودؓ کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

كنيف ملئ علماً، أثرت به أهل القادسية

''ابن مسعود وہ ظرف ہے جو علم سے بھرا ہوا ہے۔ میں نے انہیں اہلِ قادسیہ کی تعلیم و تربیت کے لیے منتخب کیا ہے''۔

ابو دالدرداءؓ بھی اپنی اعلیٰ شخصیت اور علمی خصوصیت کی بنا پر بلادِ شام میں قاضی اور معلم کی حیثیت سے بھیجے گئے۔ کیا ایسی بلند تر ہستیوں کے لیے کہا جا سکتا ہے کہ حضرت عمر فاروقؓ نے انہیں کثرت روایت کی بنا پر جیل میں ڈال دیا تھا۔ حضرت عمرؓ کے بارے میں ایسا خیال کرنا انتہائی نامناسب ہے جب کہ عمر فاروقؓ خود حدیث کی اشاعت میں بھی اسی طرح کوشاں تھے جس طرح وہ قرآن مجید کی تعلیم اور اشاعت میں تھے۔ وہ اپنے تمام فیصلوں میں خلیفہ اول کے طریق کار اور منہج پر عمل کرتے تھے۔ پہلے وہ قرآن کریم کی طرف رجوع کر کے اس سے ہدایت حاصل کرتے تھے اگر کسی مسئلہ میں قرآن میں حکم نہ ملتا تو حدیث کی طرف رجوع کرتے تھے اور صحابہ کرامؓ سے بھی سنت کے احکام حاصل کرتے تھے۔

حضرت طاؤس کہتے ہیں کہ ایک موقع پر حضرت عمرؓ نے صحابہ کرامؓ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: اللہ جل شانہ کا نام لے کر میں آپ لوگوں سے پوچھتا ہوں کیا تم میں سے کسی نے رسول اللہ ﷺ سے جنین کے متعلق سنا ہے؟...... جمل بن مالک نے سنا تو کھڑے ہو کر کہا: میری دو بیویاں ہیں۔ ان میں سے ایک نے دوسرے کو خیمہ کی لکڑی سے مارا جس سے اس کا مردہ جنین ساقط ہو گیا۔ اس واقعہ میں رسول اللہ ﷺ نے ایک غرۃ ادا کرنے کا فیصلہ فرمایا۔ یہ سن کر حضرت عمرؓ نے فرمایا: اگر میں یہ حدیث نہ سنتا تو دوسرا فیصلہ کر دیتا۔

شام میں جب طاعون کی وبا پھیلی تھی حضرت عمرؓ نے مقام سرغ پر مڑ کر تمام صحابہ سے مشورہ کیا۔ آخر میں عبدالرحمٰن بن عوف نے جب حدیث پیش کی تو اس کے مطابق فوج کو وہاں سے کوچ کرنے کا حکم دے دیا۔

حضرت عمرؓ نے سعد بن ابی وقاصؓ سے موزوں پر مسح کی حدیث سن کر قبول فرمایا اور اپنے فرزند عبداللہ بن عمر کو ہدایت کی:

''إذا حدث سعد بشيء فلا ترد عليه، فانّ رسول اللهﷺ كان يمسح على الخفين''

''جب تم سے سعد کسی چیز کے متعلق حدیث بیان کریں تو اسے رد نہ کرو بیشک رسول اللہ ﷺ نے موزوں پر مسح فرمایا ہے''۔

اس طرح کی بہت ساری مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں۔ ان سینکڑوں مثالوں سے جو مصادر میں موجود ہیں واضح طور پر ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ سنت نبوی ﷺ کے کس قدر دلدادہ تھے اور ان کا عمل سنت نبوی ﷺ کے عین مطابق ہوتا تھا اور آپ سنتِ نبوی ﷺ کو صحیح طور سے رائج کرنے میں کوشاں رہتے تھے اور جب ان کے عہد خلافت میں قرآن مجید کی مفتوحہ ممالک میں بھی اشاعت کافی ہوگئی جس کی تصدیق امام ابن حزم کی اس روایت سے ہوتی ہے کہ: جس وقت حضرت عمرؓ کی وفات ہوئی تو مصر سے عراق تک اور عراق سے شام تک اور شام سے یمن تک قرآن مجید کے جو نسخے پھیلے ہوئے تھے ان کی تعداد اگر ایک لاکھ سے زیادہ نہ تھی تو کم بھی نہ تھی۔ یہ اس وقت کا واقعہ ہے جب کہ قرآن کا وہ نسخہ جو عہدِ صدیقی میں مرتب کرا کے محفوظ کر لیا گیا تھا اور اس کی نقلیں اسلامی مراکز میں نہیں بھیجی گئی تھیں بلکہ حفاظِ قرآن سے سن کر عہدِ فاروقی میں کتاب اللہ کی اشاعت ہو رہی تھی۔ حضرت عمرؓ کو جب قرآن کی اشاعت پر اطمینان ہوگیا اور حدیث اور قرآن میں التباس کا خوف بھی نہ رہا تو حدیث کی روایت اور کتابت میں حضرت عمرؓ کا جو تشدد تھا اس میں اعتدال پیدا ہوگیا اور سنتِ نبوی ﷺ کی روایت اور ترویج میں کوشش فرمانے لگے۔ حضرت عمرؓ کا قول ہے: **خير الهدى هدى محمّد صلى الله عليه وسلم**۔ آپ نے ایک موقعہ پر صحابہ کرامؓ کو مخاطب کر کے فرمایا:

''سيأتي قوم يجادلونكم بشبهات القرآن، فخذوهم بالسنن، فإن أصحاب السنن أعلم بكتاب الله''

''تمہارے پاس ایسے لوگ آئیں گے جو قرآن میں شبہات ڈال کر تم سے جھگڑیں گے۔ انہیں سنن کے ذریعہ رام کیا کرو۔ اصحاب سنن کتاب اللہ کا زیادہ علم رکھتے ہیں''۔

حضرت عمرؓ سے مروی ہے:

"تعلموا الفرائض والسنة كما تتعلموا القرآن"

"فرائض اور سنت کو اسی طرح سیکھو جس طرح تم قرآن سیکھتے ہو"۔

حضرت عمرؓ نے جب حدیث کی روایت اور کتابت کے ضمن میں تشدد میں کمی کر دی تو خود بھی انہوں نے حدیث لکھ کر دوسروں کے پاس ارسال کی۔

ابوعثمان نہدی کا بیان ہے: ہم عتبہ بن فرقد کے پاس تھے۔ حضرت عمرؓ نے انہیں رسول اکرم ﷺ کی کچھ حدیثیں لکھ کر بھیجیں ان احادیث میں ایک حدیث یہ تھی:

لا يلبس الحرير في الدنيا إلا من ليس له في الآخرة من شيء إلا هكذا وقال بأصبعيه للسبابة والوسطى. (مسند إمام أحمد بن محمد بن حنبل، مسند عمرؓ)

اس سے حضرت عمرؓ کا منشا صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ روایت اور کتابت حدیث کے مخالف نہیں تھے بلکہ ان کی نیت قرآن مجید کی عام اشاعت اور سنت کی روایت اور کتابت میں کامل احتیاط پر مبنی تھی۔ حضرت عمرؓ نے اپنے عہد خلافت میں اسی طرزِ عمل کو اختیار کیا تھا جو حضرت ابوبکر صدیقؓ کا تھا۔

سنت......عہدِ خلافتِ عثمانی میں

حضرت عثمان خلیفۂ ثالث کا یہ اہم کارنامہ ہے کہ جب آپ کو اسلامی مملکت کے مختلف گوشوں سے یہ اطلاع دی گئی کہ قرآن کریم کی قرأت میں شدید اختلافات پیدا ہو گئے ہیں اور نزاع نے سخت صورت اختیار کر لی ہے تو اس اطلاع کے بعد آپ نے وہ صحیفۂ قرآن منگوایا جو ابوبکر صدیقؓ کے عہد میں مدون و مرتب کیا گیا تھا اور کاتبِ وحی حضرت زید بن ثابتؓ کی نگرانی میں اس کی سات کاپیاں کرا لی گئیں اور نقول کا ایک ایک نسخہ اسلامی مملکت اسلامی کے مرکزی مقام کو روانہ کیا گیا۔ اور ہدایت کی گئی کہ اس صحیفہ کے مطابق عمل کیا جائے جس سے لوگوں

کے اختلافات ختم ہوگئے۔ حضرت عثمان ﷛ نے بھی کثرت روایت حدیث کے سلسلہ میں حضرت عمر ﷛ کے طریقے پر چلنے کی کوشش کی۔ محمود بن لبید کہتے ہیں میں نے حضرت عثمان ﷛ کو منبر پر یہ کہتے ہوئے سنا: ’’کسی شخص کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ سے ایسی حدیث روایت کرے جسے میں نے عہد ابوبکر ﷛ اور عہدِ عمر ﷛ میں نہ سنی ہے۔ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرنے میں مجھے یہ امر مانع نہیں ہے کہ میں آپ کے اصحاب کے مقابلہ میں زیادہ حافظِ حدیث نہیں ہوں بلکہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص میری طرف ایسی بات منسوب کرے جو میں نے نہ کہی ہو تو اس نے اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالیا‘‘۔

لیکن اس خیال سے کہ حدیث کا ذخیرہ صحابہ کرام ﷛ کے سینوں میں محفوظ ہے۔ ان کی وفات کے بعد یہ ذخیرہ فنا ہوجائے گا آپ ﷛ نے حدیث کی روایت اور کتابت میں نرمی اختیار کی۔ آپ کے نرم طریقہ اختیار کرنے سے صحابہ کرام ﷛ حدیث کی روایت زیادہ کرنے لگے۔ دوسری طرف منافقین کو بھی من گھڑت روایات پھیلانے کا موقع ملا۔ چنانچہ حمیر کا یہودی عبداللہ ابن سبا مسلمانوں کے بھیس میں کوفہ، بصرہ اور مصر وغیرہ کی اسلامی فوجی چھاؤنیوں میں کثرت سے آنے جانے لگا۔ جہاں قبائل عرب کے بدوی فوج میں داخل تھے اور رسول اللہ ﷺ کے شرف دیدار سے محروم تھے اس لیے وہ حدیثِ نبوی ﷺ سننے کے مشتاق رہتے تھے۔ عبداللہ بن سبا کی فتنہ انگیزی سے حضرت عثمان ﷛ کی شہادت ۳۵ھ میں واقع ہوئی۔ حضرت عثمان ﷛ نے منبر پر جو خطبہ دیا اس سے واضح ہوتا ہے کہ آپ رسول اللہ ﷺ کی حدیث کے علم میں دوسرے صحابہ کرام ﷛ سے واقفیت میں کم نہ تھے۔ مگر بہ نظر احتیاط وہ بہت کم روایت کرتے تھے تاہم دوسرے صحابہ کرام ﷛ ان کے پاس آتے اور حدیث نبوی ﷺ سناتے اور حضرت عثمان سے اس کی تصدیق چاہتے تھے۔ ایک دفعہ حضرت ابوذر غفاری، حضرت عثمان ﷛ کی خدمت میں اجازت لے کر حاضر ہوئے۔ ان کے ہاتھ میں لاٹھی تھی۔ حضرت عثمان ﷛ نے قریب بیٹھے ہوئے حضرت کعب ﷛ سے پوچھا: کعب! عبدالرحمٰن کا انتقال ہوگیا ہے اور انہوں نے مال چھوڑا ہے اس کے بارے میں تمہاری رائے کیا ہے؟...... کعب ﷛ نے کہا: اگر وہ اس مال میں اللہ جلّ شانہ کا حق (زکوٰۃ) ادا کرتے تھے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ یہ سن کر ابوذر غفاری ﷛ نے اپنی لاٹھی حضرت کعب کی طرف بڑھائی اور کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے:

’’میں اس بات کو پسند نہیں رکھتا کہ اس پہاڑ کے برابر سونا میرے پاس ہو جائے اور میں

اسے خرچ کر دوں اور وہ مقبول بھی ہو جائے اور میں اس سونے میں سے چھ اوقیہ اپنے پیچھے چھوڑ جاؤں''۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا:

میں آپ کو اے عثمان! اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا آپ نے یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے؟...... حضرت ابوذر نے تین دفعہ پوچھا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: ہاں! میں نے یہ حدیث آپ ﷺ سے سنی ہے''۔

عہدِ خلافت علی رضی اللہ عنہ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جو خصوصیت اور قربت رسول اللہ ﷺ سے تھی وہ کسی دوسرے کو حاصل نہیں تھی۔ رسول اکرم ﷺ کی دعوت حق کے اعلان پر کم سن افراد میں سب سے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لبیک کہا۔ آپ رسول اللہ ﷺ کے حقیقی چچا زاد بھائی اور داماد بھی تھے۔ رسولِ اکرم ﷺ کی ابتدائے نبوت سے آپ کی وفات تک برابر ساتھ رہے اور ہر معرکہ میں آپ ﷺ کے ساتھ شریک رہے تھے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے خاندان کے محبوب ترین فرد تھے۔ اس لیے آپ کو رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات سے بہرہ اندوز ہونے کا موقع بہت زیادہ ملا اور آپ ﷺ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے احادیث کی سماعت بہت زیادہ فرمائی جن کو آپ نے محفوظ رکھا۔ جب آپ ۳۵ھ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد خلیفہ بنائے گئے تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے شدید اختلاف کی وجہ سے اسلامی مملکت کا ایک بڑا علاقہ مصر اور شام کا آپ کی حدودِ خلافت سے کٹ گیا تھا، تاہم اسلامی مملکت کے بڑے حصہ پر آپ کی خلافت قائم ہو گئی جہاں آپ رضی اللہ عنہ نے نہایت عدل و انصاف سے نظم قائم رکھا اور خانہ جنگیوں کے باوجود عادلانہ احکام میں فرق نہ آنے دیا۔ قرآن کریم کی اشاعت کے ساتھ ساتھ حدیثِ نبوی ﷺ کی ترویج کی طرف بھی توجہ فرمائی کیونکہ آپ کو اندیشہ لاحق ہو گیا تھا کہ حدیث کی تدوین ہنوز نہیں ہوئی ہے اور یہ ذخیرہ حدیث زیادہ تر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے سینوں میں محفوظ ہے۔ ان کی وفات پا جانے کے بعد یہ خزانہ مٹ جائے گا اس لیے آپ نے بجائے سختی کے حدیث کی روایت اور کتابت کی حوصلہ افزائی فرمائی

تا کہ صحابہ کرام ؓ کے ذریعہ حدیث کی تعلیم کی رفتار تیز ہو اور خود بھی علم حدیث کی تعلیم دینے کے لیے آمادگی ظاہر فرمائی۔ ابن سعد نے طبقات میں نقل کیا ہے:

''ایک دن (کوفہ) میں حضرت علی ؓ خطبہ دے رہے تھے۔ خطبہ کے دوران آپ ؓ نے فرمایا: ایک درہم میں کون علم خریدنا چاہتا ہے؟...... حارث اعور ایک درہم دے کر کچھ کاغذ خرید لائے اور ان کاغذوں کو لیے ہوئے حضرت علی ؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت علی ؓ نے حارث کے لائے ہوئے اوراق میں بہت سا علم (احادیث) لکھایا''۔

حضرت علی کے صاحبزادے محمد بن الحنفیہ کے پاس حضرت علی ؓ کی حدیثوں کا مجموعہ تھا۔ عبدالأعلیٰ بن عامر کے ترجمہ میں علماء رجال نے لکھا ہے:

''کل شیء روی عبدالأعلی عن إبن الحنفية، إنما هو كتاب أخذه ولم يسمعه''

''عبدالاعلیٰ جو کچھ روایت محمد بن حنفیہ سے کرتے ہیں وہ دراصل ایک کتاب تھی اور عبدالاعلیٰ نے براہِ راست محمد بن الحنفیہ سے ان روایات کو نہیں سنا تھا''۔

بہ ظاہر اس روایت سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ ابن الحنفیہ کے پاس احادیث کا جو مجموعہ تھا اسے خود حضرت علیؓ نے لکھا تھا اور یا اپنے صاحبزادے محمد بن حنفیہ کو لکھوا دیا تھا۔

حضرت علی ؓ کے رویہ کی وجہ سے جہاں صحابہ کرام ؓ کو روایت اور کتابتِ حدیث کا پورا پورا موقع ملا وہاں ان لوگوں نے جو بہ ظاہر مسلمانوں کی صفوں میں گھسے ہوئے تھے اور حقیقتاً مسلمانوں کے دشمن تھے اس موقع سے غلط فائدہ اٹھایا اور من گھڑت روایات خوب زور وشور سے پھیلانے لگے۔ ان لوگوں نے روایات کو کبار اور محترم صحابہ کرام ؓ کی طرف منسوب کرنا شروع کر دیا۔ یہاں تک کہ حضرت علی ؓ نے ان حالات کے پیش نظر اپنے ایک خطبہ میں لوگوں کو مخاطب کیا اور فرمایا:

''میں ہراس شخص سے پرزور مطالبہ کرتا ہوں جس کے پاس کوئی مخطوطہ ہو کہ وہ واپس جا کر اسے مٹادے۔ لوگ اسی لیے تباہ وبرباد ہوتے تھے کہ انہوں نے اپنے علماء ومشائخ کے اقول کی پیروی کی اور اپنے رب کی کتاب کو چھوڑ دیا''۔ (الأستاذ عجاج الخطیب۔ السنۃ قبل التدوین۔ ص ۳۱۴)

بعد میں احتیاط کی نوبت یہاں تک پہنچی کہ کسی سے حدیث نبوی ﷺ سنتے تو اس سے قسم لینے کے بعد اس حدیث کی تصدیق کرتے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ کا اپنا بیان ہے:

''میں جب رسول اللہ ﷺ سے کوئی حدیث سنتا تھا تو مجھے اللہ تعالیٰ جتنا نفع اس سے دینا چاہتا تھا، دیتا تھا۔ اور جب کوئی دوسرا شخص حدیث نبوی ﷺ مجھ سے بیان کرتا تو میں اس سے حلف لیتا تھا جب وہ قسم کھاتا تو میں اس حدیث کی تصدیق کرتا تھا''۔

(ابن قتیبہ، عبداللہ بن مسلم۔ تاویل مختلف الحدیث۔ ص ۳۹)

منافقین اور دشمنانِ اسلام نے موضوع احادیث کا جو طوفان اٹھایا تھا اس کے مٹانے کے لیے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جو کوششیں شروع کی تھیں وہ یقیناً بارآور ہوتیں۔ مگر انہی لوگوں نے ۴۰ھ میں آپ رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا۔ آپ کی شہادت کا واقعہ تاریخِ اسلام کا بڑا سخت المیہ ہے۔ جس کی وجہ سے ملتِ اسلامیہ کے دشمنوں کا قلع قمع نہ ہو سکا۔ لیکن آپ کے بعد دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ان کے تربیت یافتہ تلامذہ جوق در جوق ہر اسلامی شہر میں تعلیم و تربیت سے فارغ ہو کر علم وفضل کے جلیل القدر مناصب پر فائز تھے وہ سب کے سب آگے بڑھے اور سنتِ رسول اللہ ﷺ کی ترویج واشاعت میں منہمک ہو گئے اور وضاعین کا مقابلہ کرنے کے لیے سینہ سپر ہو گئے اور ایک ایک موضوع روایت کو جرح وتعدیل کے اصول کی چھلنی سے چھان کر پھینک دیا۔

حواشی وتعلیقات

۱۔ صحیح مسلم، باب التثبت فی الحدیث۔ کتاب الزھد والرقائق، اس روایت کو خطیب بغدادی نے ''تقیید العلم'' میں کتابت حدیث کے حوالہ سے نقل کیا ہے اور اس پر تفصیل کے ساتھ تعلیق کی ہے۔

۲۔ الجامع للامام الترمذی۔ ج ۴، ص ۱۰۷

۳۔ حافظ جلال الدین سیوطی۔ تدریب الراوی۔ ص ۲۸۶

۴۔ حافظ ابن عبدالبر۔ جامع بیان العلم للامام ابن عبدالبر، ج ۱، ص ۷۲۔

۵۔ المستدرک للامام الحاکم ، الصحابۃ ج ۳، ص ۵۷۴

۶۔ سنن ابوداؤد۔ ج ۲، ص ۵۱۳

۷۔ جامع بیان العلم وفضلہ۔ ج ۱، ص ۷۲

۸۔ الجامع للامام الترمذی ج ۲، ص ۱۰۷
الصحیح للامام البخاری، ج ۱۔ ص ۲۲

۹۔ سیرت ابن ہشام

۱۰۔ السنن للامام النسائی۔ ج ۲، ص ۲۵۲

۱۱۔ رواہ الترمذی وابوداؤد والداری فی کتاب الرھن

۱۲۔ رواہ البخاری ____ کتاب الزکوٰۃ۔

۱۳۔ رواہ الصحاح

۱۴۔ رواہ البخاری۔ باب وجوب الزکاۃ

۱۴۔ جامع بیان العلم وفضلہ۔ ج ۱ ص ۲۴

۱۴۔ تاویل مختلف الحدیث۔ ص ۴۸، ۴۹

۱۵۔ تاویل مختلف الحدیث۔ ص ۴۸۔

۱۶۔ سنن ابن ماجہ۔ ص ۹۔

۱۷۔ تذکرۃ الحفاظ۔ ج۱،ص۷۔

۱۸۔ جامع بیان العلم وفضلہ۔ ج۲،ص۱۲۱۔

۱۹۔ تذکرۃ الحفاظ۔ تذکرہ عبداللہ بن مسعود۔

۲۰۔ المحدث الفاصل بین الراوی والواعی۔ ص۱۳۳۔

۲۱۔ سیر اعلام النبلاء۔ ج۲،ص۴۳۴۔

۲۲۔ شرف اصحاب الحدیث۔ ص۹۷۔

۲۳۔ سیر اعلام النبلاء۔ ج۱،ص۳۵۱۔

مثالی معاشرہ کی راہ میں حائل رکاوٹیں اور سیرت طیبہ کی روشنی میں ان کا تدارک

* ڈاکٹر تاج الدین الازہری

آج کی دنیا مسائل کی دنیا ہے انسان چھوٹے بڑے گونا گوں مسائل میں الجھا ہوا ہے پیچیدہ اور سنگین مسائل، سیاسی اور معاشی مسائل، داخلی اور خارجی مسائل، قومی اور بین الاقوامی مسائل، مختصر یہ کہ مسائل ہی مسائل ہیں تہذیب وتمدن کے ارتقاء کے ساتھ ساتھ زندگی جوں جوں پیچیدہ ہوتی گئی مسائل بھی بڑھتے گئے اوران کی ژولیدگی میں اضافہ ہوتا گیا لیکن فی نفسہ مسائل کا ہونا کوئی نئی بات نہیں مسائل ہمیشہ سے ہیں اور آئندہ بھی رہیں گے مسائل زندگی کے ساتھ ہیں انسان اور مسائل لازم وملزوم ہیں اوران کا چولی دامن کا ساتھ ہے لیکن وہ مسائل جو ہمارے دانشوروں کی توجہ اپنی طرف مرکوز کیے ہوئے ہیں وہ ہمارے معاشرتی مسائل ہیں چونکہ انسان فطرتاً مدنی الطبع ہے اس لیے معاشرہ کا قیام اس کی فطرت کا تقاضا ہے وہ تنہائی سے گھبراتا ہے اور اپنے بھائی بندوں کے ساتھ مل جل کر خوش ہوتا ہے اگر جبراً انسان کو کسی جگہ تنہا رکھا جائے سب لوازمات زندگی موجود ہوں طرح طرح کی سہولتیں مہیا ہوں انواع واقسام کی نعمتیں اور لذتیں میسر ہوں پھر بھی وہ ایسی زندگی کبھی پسند نہ کریگا اور بنی نوع انسان کے ساتھ مل کر رہنے کو ترجیح دے گا شاید اسی کو دیکھ کر ارسطو کو یہ کہنا پڑا کہ اجتماعیت انسان کی جبلت ہے (۱)

معاشرہ اجتماعی زندگی کی خشت اوّل ہے اسکا مادہ (عشرۃ) ہے اور اسکا معنی مل جل کر زندگی بسر کرنا ہے چنانچہ عقلاء کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ انسان کی معاشرتی زندگی مثالی ہو انسانی تاریخ میں قدیم ترین عقلاء یونانی فلاسفہ کو تسلیم کیا جاتا ہے اوران سے پہلے کی تاریخ ابھی تک دنیا کو دستیاب نہیں ہوسکی ان کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ مثالی معاشرہ کا تصور افلاطون نے پیش کیا تھا جو ارسطو کا استاد تھا اور اس نے اس کا نام مدینہ فاضلہ رکھا تھا (۲) جو محض ایک تصور تھا کیا یہ حقیقت کا روپ دھار سکے گا یا نہیں؟ یہ ایک الگ بحث ہے اس کے برعکس اگر سلسلۂ رسالت اور بعثت انبیاء کی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ انبیاء جو صاحب کتاب یا حامل صحیفہ

---

* ایسوسی ایٹ پروفیسر، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

ہوئے جن کی اپنی قومیں تھیں اوران کی تعلیم وتربیت کے لیے وہ مبعوث ہوئے ایسے انبیاء کرام نے ان اقوام کی کایاپلٹ دی اوران کی زندگیوں میں عظیم انقلاب برپا کر دیا اگر ہم حضرت موسیٰ علیہ السلام کی آمد سے پہلے کے دور اور آمد کے بعد کے دور کا تقابلی مطالعہ کریں تو دونوں میں بڑا فرق پائیں گے اسی طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بعثت کے بعد کے دور میں ان کے متبعین کی زندگی کا ان کی آمد سے پہلے کی زندگی سے مقابلہ کریں تو معلوم ہوگا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وجہ سے ان کی قوم میں نمایاں تبدیلی ہوئی ان کے عقائد میں انقلاب آ گیا ان کے رہنے سہنے کے طریقوں میں انقلاب پیدا ہوا زندگی کے متعلق ان کے نقطہ نظر میں انقلاب رونما ہوا اور یوں ایک نبی کا دور دوسرے نبی کے دور سے مختلف معلوم ہوتا ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دور سے الگ اور جداگانہ نظر آئے گا اوران کے دور میں بہت سی ایسی خصوصیات نظر آئیں گی جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دور میں نہیں تھیں سب سے آخر میں اللہ تعالی نے حضرت محمد ﷺ کو مبعوث فرمایا آپ جب نبوت سے مشرف ہوئے اس وقت تک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت پر پانچ سو برس سے زائد کا عرصہ بیت چکا تھا اور وہ شمع بجھنے کے بالکل قریب تھی جسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے روشن کیا تھا رفتہ رفتہ اس روشنی کے مدھم پڑ جانے کی وجہ سے معاشرے میں پھر سے ان خرابیوں نے جنم لے لیا تھا جن کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اصلاح کی تھی آپ ﷺ جس معاشرے میں مبعوث ہوئے اسکا نقشہ قاضی سلیمان منصور پوری نے یوں کھینچا ہے:

''عرب اپنی وسعت میں مملکتِ فرانس سے تقریبا دو چند بڑا ہے ملک کے مختلف حصے اپنی اپنی خاص خصوصیتوں کی وجہ سے ممتاز ہیں یمن کی وادی اور طائف کے پہاڑ ایسے سرسبز ہیں کہ ہند و پاکستان کے بہترین حصوں کو رشک آتا ہے، الحجر کی پتھریلی زمین اور وسط عرب کا ریگستان اس قدر بے آب وگیاہ ہے کہ صحرائے اعظم افریقہ سے مقابلہ کرتا ہے ان کے جنوب میں سلطنت حبش کا اور مشرقی حصہ پر سلطنت فارس کا اور شمالی اقطاع پر روما کی مشرقی شاخ سلطنت قسطنطنیہ کا قبضہ تھا اندرون ملک بزعم خود آزاد تھا لیکن ہر ایک سلطنت اس پر قبضہ کرنے کیلئے ساعی تھی اندرون ملک کے باشندوں پر خودمختاری نے بہت بڑا اثر ڈالا تھا ان میں خودمختاری سے خودسری پیدا ہوگئی تھی انہوں نے اپنی شجاعت وجرأت کا نشانہ اپنے

ہی بھائیوں کو بنا رکھا تھا بے کاری اور کاہلی نے جوا اور شراب کی عادت پیدا کردی برائی طبیعت ثانیہ بن گئی تھی ممالک غیر سے الگ تھلگ رہنے کی وجہ سے ان کی زبان اور نسل بے شک کھری تھی لیکن فصاحت کا استعمال زیادہ تر خودستائی اور دوسری قوموں کی تحقیر میں کیا کرتے تھے یا اپنے فحش کارناموں کی تشہیر کرنے کیلئے زبان کی ساری طاقت خرچ کر کے اپنے ساتھ اپنی معشوقہ کی بھی تشہیر کیا کرتے تھے الگ تھلگ رہنے نے مصاہرت کی برائی ان کے ذہن میں قائم کردی تھی اور وہ فخر سے اپنی بیٹیوں کو زندہ زمین میں گاڑ دیا کرتے تھے ۔جہالت نے ان میں بت پرستی رائج کردی تھی اور بت پرستی نے انسانی دل ودماغ پر قابض ہو کر ان کو توہم پرست بنا دیا تھا۔فطرت کی ہر ایک چیز پتھر' درخت' چاند' سورج' پہاڑ اور دریا وغیرہ کو وہ اپنا معبود سمجھنے لگ گئے تھے .اور اس طرح وہ خدا کی عظمت وجلال کو فراموش کر دینے کے ساتھ ساتھ خود اپنی قدر و قیمت کو بھی بھول چکے تھے اس لئے انسانی حقوق کیلئے نہ کوئی ضابطہ تھا اور نہ ایسے حقوق کو صحیح مرکز پر لانے کیلئے کوئی قانون'قتل انسانی' رہزنی' حبس بے جا' ناجائز تصرّف' بے جا مداخلت' عورتوں کو جبراً یا پھسلاوٹ سے بھگا لے جانا' بیٹیوں کو زندہ پیوند خاک کردینا اسی شجر کے ثمر تھے' کہ بت پرستی نے ان کی نگاہ میں سب سے زیادہ حقیر ہستی انسان ہی کو بنادیا تھا' برسوں بلکہ صدیوں کے جمود نے ان کے دل ودماغ میں یہی نقش کردیا تھا کہ ان کی حالت سے بہتر کوئی حالت'ان کے تمدن سے بہتر کوئی تمدن اور ان کے تدین سے بہتر کوئی تدین ہو ہی نہیں سکتا۔''(۳)

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کی کوئی ایسی خرابی نہ تھی جو اس معاشرہ میں موجود نہ تھی'اور اس کی اصلاح کا کام اتنا آسان نہ تھا بلکہ انتہائی صبر آزما اور مشکل تھا.آپ ﷺ نے بالغ اور پختہ عمر کے لوگوں سے اپنی بات چیت کا آغاز کیا تو جاہ پرست مشتعل ہو گئے لیکن انہیں حضور ﷺ کی شیرینی گفتار اور جاذبیت کردار کا سامنا تھا.جو آپ کی پوری بات سن لیتا اور آپ کی صفات سے باخبر ہو جاتا وہ یا تو مسلمان ہو جاتا یا کفر و بت پرستی سے بدظن' اس اثر کو روکنے کے لئے دشمنوں نے عوام کے شر پسندوں سے کہہ دیا تھا کہ قرآن نہ سنو.جہاں وہ پڑھا جائے وہاں شور برپا کرو(۴)

آنحضرت ﷺ نے (قولوا لاالٰہ إلا اللّٰہ تفلحوا)(۵) سے اپنے درس کا آغاز کیا. یہی آپ ﷺ کی تعلیم کا حرف اوّل ہے. اور اسی کے منتہائے مطلب کو اپنے ظاہر و باطن پر طاری کر لینا حرف آخر اور مدعائے اسلام ہے حضور نبی کریم ﷺ اس کے مختلف پہلو سمجھاتے اور روشن مثالوں سے حقائق بتاتے تھے اور فرماتے تھے کہ سورج اور چاند کو دیکھو، چمکتے ستاروں پر غور کرو، پہاڑوں کو دیکھو، ریگستانوں میں اونٹ کو چلتے دیکھ کر غور کرو، سمندروں میں کشتیوں اور جہازوں کو دوڑتے دیکھو، صحراؤں میں اگے ہوئے نباتات اور سبزہ زاروں میں لہلہاتے ہوئے کھیتوں اور باغوں، نہروں اور دریاؤں کو دیکھو اس غور و فکر اور نظر و عبرت سے اللہ کی قدرت و حکمت سمجھ میں آ جائے گی. اپنے ماحول میں گندگی پر دھیان دو، افراتفری، ہلاکت اور خون ریزی انسان کے زندہ درگور کرنے، انسانوں کی جان لینے اور مسلسل جنگ و جدل پر غور کرو تمہارا دل کہے گا کہ یہ آدمیت کے خلاف تباہ کن شیطانی عمل ہے. لہذا باہمی احترام اور انسانی حقوق کی نگہداشت کرو. سچ، راستبازی اور درست معاملگی اختیار کرو لڑکیوں کو زندہ دفن کرنا، غیبت، جھوٹ، قتل، ناجائز اموال کی جمع آوری جیسی عادات چھوڑ دو. قیامت آئے گی اور حساب کتاب کا سامنا ہوگا۔ عبادت کرو گے تو جنت پاؤ گے اور خدا کی رضا حاصل ہوگی. بدکاریاں اور بداعمالیاں تمہیں جہنم میں لے جائیں گی اور اللہ کا غضب نازل ہوگا۔(۶)

آپ ﷺ کی تعلیم و تربیت نے صرف تیئس (۲۳) سال کی مختصر مدت میں نہ صرف پورے جزیرہ عرب کا معاشرہ بدل دیا بلکہ پوری دنیا کیلئے رشد و ہدایت کی وہ ابدی قندیلیں بھی روشن کر دیں جو رہتی دنیا تک انسانیت کو عدل و انصاف، امن و سکون اور عافیت و اطمینان کی راہ دکھاتی رہیں گی یہ آپ کی تعلیم و تربیت کا حیرت انگیز کرشمہ تھا کہ تیئس (۲۳) سال کی مختصر مدّت میں صحراء عرب کے جو وحشی علم و معرفت اور تہذیب و تمدّن سے بالکل کورے تھے وہ پوری دنیا میں علم و حکمت اور تہذیب و شائستگی کے چراغ روشن کرنے لگے جو لوگ کل تک ایک دوسرے کے خون سے اپنی پیاس بجھاتے تھے وہ آپس میں بھائی بھائی بن گئے جہاں ہر طرف قتل و غارتگری کی آگ بھڑک رہی تھی وہاں امن و آشتی کے پھول کھلنے لگے، جہاں ظلم و بربریت کا دور دورہ تھا وہاں عدل و انصاف کی شمعیں روشن ہونے لگیں جہاں پتھر کے بتوں کو سجدے کئے جاتے تھے وہاں توحید کا پرچم لہرانے لگا اور بالآخر عرب کے صحرانشین جو اپنی جہالت کی وجہ سے دنیا بھر میں ذلیل و خوار تھے ایران و روم کی عظیم سلطنتوں کے وارث بن گئے اور ساری دنیا

ان کے عدل وانصاف، ان کی رحم دلی اور ان کی شرافت نفس کے گن گانے پر مجبور ہوگئی۔(۷)

تاریخ انسانیت کی کسی بھی اور شخصیت کے ہاں اس کی نظیر نہیں ملتی اور ملے بھی کیوں؟ اللہ تعالی نے آپ ﷺ کو انسانیت کی راہنمائی کے لئے اپنا آخری نبی اور رسول بنا کر بھیجا تھا۔

ارشاد باری ہے:

﴿ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴾ (۸)

''(لوگو) محمد تمھارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں مگر اللہ کے رسول اور خاتم النبیّن ہیں اور اللہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے''۔

حضور نبی کریم ﷺ کا اپنا ارشاد گرامی بھی اس آیت کی مزید وضاحت ہے۔آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((انا خاتم النبّين لا نبی بعدی)) (۹)

میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں، بات صرف اتنی نہیں کہ آپ آخری نبی ہیں بلکہ اس کرۂ ارضی پر بسنے والے تمام انسانوں کیلئے قیامت تک کیلئے نبی اور رسول ہیں، آپؐ کی نبوت ورسالت آفاقی ہے ارشادِ خداوندی ہے:

﴿وَمَا ارسلناک إلاَّ كَافَةً لِلنّاس بشيرا ونذيرا ولٰكنَّ اكثر النَّاس لا يعلمون﴾(۱۰)

''(اور اے نبی) ہم نے تم کو تمام ہی انسانوں کیلئے بشیر ونذیر بنا کر بھیجا ہے مگر اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں۔''

اس آیت کی تشریح نبی اکرم ﷺ نے اپنے الفاظ میں یوں بیان فرمائی:((بعثت إلی الاحمر والاسود))(۱۱)

ایک دوسری روایت میں آپ نے اسی چیز کی یوں وضاحت فرمائی:

((امّا انا فارسلت إلی الناس کلهم عامة وکان من قبلی انما یرسل إلی قومه))

میں عمومیت کے ساتھ تمام انسانوں کی طرف بھیجا گیا ہوں حالانکہ مجھ سے پہلے جو نبی بھی گزرا ہے وہ صرف اپنی قوم کی طرف بھیجا جاتا تھا' ایک اور روایت میں آپ نے اس طرح فرمایا:

((كان النبيّ يبعث إلى قومه خاصة وبعثت إلى الناس عامّة)) (۱۳)

پہلے ہر نبی صرف اپنی قوم کی طرف مبعوث ہوتا تھا اور میں تمام انسانوں کی طرف مبعوث ہوا ہوں' اسی طرح اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو مخاطب کرتے ہوئے اپنی پاک کتاب میں فرمادیا:

﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ (۱۴)

''درحقیقت تم لوگوں کیلئے اللہ کے رسول میں بہترین نمونہ ہے''۔

آج کے انسان کی بدنصیبی یہ ہے کہ وہ ایک ایسے دور میں رہتا ہے جو افکار کے تصادم اور مختلف نظریات کی جنگ کی وجہ سے ابتری اور پراگندگی کا شکار ہے یہ ازم وہ ازم رنگ بدل بدل کر انسانی فکر پر یلغار کر رہا ہے اور حق اپنے علمبرداروں کی بے حسی کا ماتم' عام انسان افراتفری کے عالم میں کبھی ادھر دیکھتا ہے اور کبھی اُدھر وہ سرگشتہ وحیران ہے کہ کدھر جائے؟ کبھی اس کو آزماتا ہے اور کبھی اس کو کبھی اس کو اپناتا ہے تو کبھی اس کو جب دیکھتا ہے کہ اس سے مسائل حل نہیں ہوتے تو اسے چھوڑ دیتا ہے اور دوسرے کی طرف لپکتا ہے مگر اسے ہر طرف سے مایوسی اور ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے وہ تجربات کے اس چکر سے اس وقت تک نہیں نکل سکتا جب تک کسی ایسے دین اور کسی ایسی سیرت کو نہیں اپناتا جو اس کی فطرت کے مطابق ہو وہ دین اسلام ہے اور اسکا مکمل عملی نمونہ نبی عرب وعجم محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت ہے جو انسانیت سے مکمل طور پر ہم آہنگ ہے' زندگی کتنی ہی کروٹیں بدلے' زمانہ اپنے اوپر کتنے ہی رنگ چڑھائے' تہذیب و تمدن کا کارواں کتنی ہی منزلیں آگے بڑھ جائے' انسان علم واکتشاف' سائنس اور ٹیکنالوجی کے کتنے ہی معرکے سر کرلے' سید عرب وعجم کی سیرت طیبہ انسانیت کو اس کے سفر ارتقاء میں راستہ دکھاتے رہے گی' ہمیں تو مختصراً یہ دیکھنا ہے کہ اس وقت علاقائی اور عالمی سطح پر مثالی معاشرہ کی راہ میں وہ کون کون سی رکاوٹیں ہیں اور ان میں محمد عربی ﷺ کی سیرت سے کس طرح راہنمائی لی جاسکتی ہے آپ نے آج سے چودہ سو سال پہلے بھی اس دنیا کے انسانوں ہی کی اصلاح کرکے ایک مثالی معاشرہ قائم کر دکھایا تھا اور آج بھی اس کرۂ ارضی پر انسان ہی اصلاح کا محتاج ہے' چودہ سو

سال کے اس طویل عرصہ میں زمانہ نبوت سے دوری اور تعلیمات نبوت سے انحراف نے اس کیلئے گوناں گوں مسائل پیدا کر دے ہیں اور مسائل کی مثال ان بیماریوں کی ہے جو انسانی جسم کو لاحق ہوتی ہیں وہ جب تک ان سے چھٹکارا نہ پالے کبھی صحت یاب نہیں ہو سکتا' اگر ہم آج کے معاشرہ پر نظر ڈالیں تو س کی ان گنت خرابیاں اور لاتعداد مسائل دیکھ کر محسوس ہوتا ہے کہ اس کی اصلاح ناممکن ہے اور اسکا صحت مند ہونا محال ہے صرف سیرت نبوی ہی ہماری ڈھارس بندھاتی ہے کہ آپ ﷺ کے وقت کا معاشرہ تو اس سے بھی بدتر حالت پر پہنچا ہوا تھا اس کی اصلاح کیسے ہوگئی؟ اگر ہم بنظر غائر دیکھیں تو جلد ہی معلوم ہو جاتا ہے کہ کسی بھی معاشرے میں چند بڑی بڑی خرابیاں ہوتی ہیں جو اسکے مثالی معاشرہ بننے کی راہ میں رکاوٹ ہوتی ہیں یہ خرابیاں حسب ذیل ہیں:

① متزلزل ایمان	② جہالت	③ اخلاقی پستی
④ غربت وافلاس	⑤ کاہلی اور سستی	⑥ خودغرضی
⑦ تعصّب	⑧ عدل وانصاف کا فقدان	⑨ عدم تحفظ

متزلزل ایمان

متزلزل یقین اور متزلزل ایمان ہماری بے شمار معاشرتی خرابیوں کی جڑ ہے ہم بے شمار چیزوں کے بارے میں قطعی طور پر یہ جانتے ہیں کہ ان میں درست کون سی ہے؟ لیکن اس کے باوجود غیر درست کو استعمال کرتے ہیں' ہم بے شمار معاملات میں جانتے ہیں کہ حق پر کون ہے؟ لیکن اس کے باوجود ناحق کا ساتھ دیتے ہیں اور یوں ہمارا متزلزل یقین اور متزلزل ایمان ہماری جڑوں کو کاٹ رہا ہے' علاقائی سطح پر ہی نہیں بلکہ عالمی سطح پر بھی دنیا اس مرض کا شکار ہے اپنے مفادات کی خاطر ناحق کا ساتھ دے کر حق کو پس پشت ڈال دیا جاتا ہے اور یوں آج تک بڑے بڑے مسائل حل نہیں ہو سکے سیرت نبوی میں اسکا واضح علاج موجود ہے سیرتِ طیبہ یہ بتاتی ہے کہ انسان اگر کسی چیز کو حق سمجھ لے تو پھر اس کے لئے اٹھ کھڑا ہو دنیا کی کوئی بھی طاقت' دنیا کی کوئی بھی لالچ یا اس کی اپنی کمزوریاں اس کے حصول کی راہ میں حائل نہ ہونے پائیں' آپ ﷺ نے جب دین کی دعوت شروع کی تو آپ ﷺ کے راستے میں ہر طرح کی رکاوٹیں کھڑی کی گئیں جو سیرتِ طیبہ کا ایک مستقل باب ہے لیکن اس کے باوجود آپ نے حق بات کی تبلیغ جاری رکھی

اور کسی بھی حال میں اس کا انقطاع گوارہ نہ فرمایا۔آپ نے حق کی خاطر شعب ابی طالب میں تین سال کیلئے محصوری تو گوارہ کر لی جس کے دوران میں آپ کو پتے اور چمڑے کھانے پڑے آپ اور آپ کے ساتھیوں کی فاقہ کشی کا یہ حال تھا کہ بھوک سے بلکتے ہوئے بچوں اور عورتوں کی آوازیں گھاٹی کے باہر تک سنائی دیتی تھیں (۱۵)

سیرت رسول بتاتی ہے کہ حق کے بارے میں انسان کا یقین و ایمان اس قدر پختہ ہو کہ کسی بھی لمحے تذبذب کا شکار نہ ہو اور ہر قسم کے مذاکرات کرنے والے کو دوٹوک الفاظ میں حق کے بارے میں بتانے پر قادر ہو جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے مخالفین کے سامنے اپنے چچا جناب ابوطالب کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

> ''چچا جان اگر یہ لوگ میرے دائیں ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند بھی رکھ دیں تو میں یہ کام ہرگز نہ چھوڑوں گا یہاں تک کہ اللہ تعالی اس کو غالب کر دے یا میں اس راستے میں ہلاک ہو جاؤں'' (۱۶)

آپ ﷺ نے اپنے ساتھیوں کی بھی ایسی ہی تربیت کی تھی کہ کسی بھی قسم کی سختی یا لالچ دین حق کے بارے میں ان کے ایمان کو متزلزل نہ کر سکا حضرت بلال ؓ کی گردن میں رسی ڈال کر لڑکوں کے ہاتھ میں دے دی جاتی وہ انہیں مکہ کی پہاڑیوں میں لئے پھرتے رسی کا نشان ان کی گردن میں نمایاں ہو جاتا وادی مکہ کی گرم ریت پر انہیں لٹا دیا جاتا اور گرم گرم پتھر ان کی چھاتی پر رکھ دیا جاتا مشکیں باندھ کر لکڑی سے پیٹا جاتا' دھوپ میں بٹھایا جاتا' بھوکا رکھا جاتا' ان حالتوں میں بھی وہ احد احد کے نعرے لگاتے (۱۷) آپ کے دیگر صحابہ اور صحابیات پر ہونے والے ظلم کی تاریخ پڑھی جائے تو آج کے انسان کا دل کانپ جاتا ہے لیکن اس کے باوجود وہ حق پر ڈٹے رہے کیونکہ حضور کی تعلیم بھی یہی تھی آپ کا فرمان ہے: ((قل امنت باللّٰہ ثمّ استقم))(۱۸)'' کہہ میں اللہ پر ایمان لایا پھر ثابت قدم ہو جا''۔

قرآن مجید نے انہیں لوگوں کو دنیا و آخرت میں کامیابی کی ضمانت دی ہے جن کا ایمان متزلزل نہیں ہوتا۔ ارشاد باری ہے:

﴿اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا فَلاَ خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلاَھُمْ یَحْزَنُوْنَ
اُولٰئِکَ اَصْحَابُ الْجَنَّۃِ خَالِدِیْنَ فِیْھَا جَزَاءً ا بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْن ﴾ (۱۹)

''یقیناً جن لوگوں نے کہہ دیا کہ اللہ ہی ہمارا رب ہے پھر اس پر جم گئے ان کے لئے نہ خوف ہے اور نہ غم ایسے لوگ جنت میں جانے والے ہیں جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اپنے ان اعمال کے بدلے جو وہ دنیا میں کرتے تھے''۔

آج کے معاشرہ کی بڑی ضرورت پختہ اور غیر متزلزل ایمان ہے کیونکہ آج کی دنیا میں حق کمزور اور ضعیف ہے اور باطل طاقت ور اور بلند' اہل ایمان کے دلوں میں ایمان کمزور اور متزلزل ہے اور مسلمانوں پر آزمائشوں کی گہری گھٹائیں چھائی ہوئی ہیں' اہل باطل کے پاس عظیم سلطنتیں' بڑی قوتیں اور طاقتیں ہیں جن کے زور پر وہ باطل کی اشاعت اور شکوک وشبہات کے پھیلانے میں لگے ہوئے ہیں آج عمیق اور پختہ ایمان کی ضرورت ہے تاکہ ہم حق کا علم بلند کرنے کے لئے زیادہ جدو جہد کرسکیں اور اس دنیا سے ظلم اور ناانصافی کو ختم کر کے معاشرے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرسکیں۔ ہمارے سامنے ہمیشہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان رہنا چاہئے آپ ﷺ نے فرمایا: (دجّال آئے گا اور اسے مدینہ کی گلیوں میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی البتہ وہ مدینہ سے ملحق زمین میں آئے گا ایک شخص اس کے پاس جائے گا جو کہ بہت اچھا ہوگا وہ اس سے کہے گا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تو دجّال ہے جس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے ہم سے حدیث بیان کی ہے اس پر دجّال کہے گا کہ تمہارا کیا خیال ہے اگر میں اس شخص کو قتل کر کے زندہ کردوں' کیا تم پھر بھی شک کروگے لوگوں نے کہا نہیں وہ اسے قتل کر کے زندہ کردے گا لیکن یہ مومن شخص کہے گا مجھے تو اب تیرے بارے میں اور بھی یقین ہوگیا ہے کہ تو دجّال ہے اس پر دجّال اسے دوبارہ قتل کرنا چاہے گا مگر کر نہیں سکے گا) (۲۰)

اس حدیث کی شرح میں ڈاکٹر عبدالکریم زیدان لکھتے ہیں:

''اس حدیث سے بڑے مفید نتائج اخذ ہوتے ہیں یعنی یہ کہ دجال جب الوہیت کا اور اپنے خدا ہونے کا دعویٰ کرے گا کئی خرق عادت مظاہروں کی بنا پر لوگوں کی ایک بڑی اکثریت اس کے متبع ہو جائے گی اور وہ لوگوں کے سامنے ایک شخص کو قتل کر کے زندہ کردے گا زمین کو پیداوار کا حکم دیگا اور زمین سے افزائش ہو جائے گی پانی کو حکم دے گا اور وہ برسنے لگے گا مگر ان حالات میں بھی قوی الایمان مومن کو اس کے دجال ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہوگا وہ

بدستور اپنے ایمان پر قائم رہے گا کیونکہ وہ سمجھتا ہے کہ دجال کے دعوے مفاہیم اسلام کے خلاف ہیں اور باطل کسی بھی صورت میں حق نہیں بن سکتا خواہ اس کے لئے کتنے ہی خوارق عادت امور کا مظاہرہ کیا جائے'' (۲۱)

جہالت

آج کی دنیا میں اس بات پر تقریباً سب ہی لوگوں کا اتفاق ہے کہ جہالت مثالی معاشرے کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہر ملک کی مختلف تنظیموں سے لیکر اقوام متحدہ تک سب لوگ جہالت کو دور کرنے پر لگے ہوئے ہیں یہ بات جو دنیا کو آج سمجھ آئی ہے اللہ تبارک وتعالی نے اپنے رسول ﷺ کی زبانی آج سے چودہ سو سال پہلے اس کا اعلان کروا دیا تھا۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لاَيَعْلَمُوْنَ﴾(۲۲)

''اے نبی ان سے پوچھو کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے برابر ہو سکتے ہیں''۔

یہ سورۃ زمر کی آیت ہے جو مکی سورت ہے اس کے زمانہ نزول کے متعلق مولانا مودودی لکھتے ہیں:

آیت نمبر ۱۰ '(وارض الله واسعة) سے اشارۃ نکلتا ہے کہ یہ سورت ہجرت حبشہ سے پہلے نازل ہوئی بعض روایات میں یہ تصریح آئی ہے کہ اس آیت کا نزول حضرت جعفر بن ابی طالب اور ان کے ساتھیوں کے حق میں ہوا تھا جبکہ انھوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کا عزم کیا تھا (۲۳)

یہ ہجرت نبوت کے پانچویں سال رجب کے مہینے میں ہوئی تھی اور یوں بارہ مردوں اور پانچ عورتوں نے اسلام کی تاریخ میں پہلی مرتبہ اپنے دین کی خاطر آبائی وطن کو خیر باد کہا تھا۔ (۲۴)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنی دعوت کے ابتدائی مراحل ہی میں لوگوں کو علم کی اہمیت سے آگاہ کر دیا تھا کیونکہ آپ کی بعثت ایک ایسے معاشرے میں ہوئی جس میں جہالت کا دور دورہ تھا آپ کی بعثت کے

وقت صرف ملک عرب میں سترہ آدمی لکھنا پڑھنا جانتے تھے باقی سارا معاشرہ ان پڑھ اور امّی تھا جہالت کو دور کیے بغیر کسی قسم کی دعوتی ترقی ناممکن تھی چنانچہ آپ پر وحی کا آغاز ہی جہالت کے خلاف علم سے ہوا علم کے حصول کا ذریعہ چونکہ عام طور پر پڑھنا اور لکھنا ہی شمار ہوتا تھا اس لئے پہلی وحی میں بھی اسی کا ذکر کیا گیا' پہلی وحی کی آیات یہ ہیں:

﴿اِقْرَءْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ○ خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ○ اِقْرَءْ وَرَبُّکَ الْأَکْرَمِ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ○ عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ﴾(۲۵)

''پڑھو (اے نبی) اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا جمے ہوئے خون کے ایک لوتھڑے سے انسان کی تخلیق کی' پڑھو اور تمہارا رب بڑا کریم ہے جس نے قلم کے ذریعے علم سکھایا' انسان کو وہ علم دیا جسے وہ نہ جانتا تھا' اس طرح اللّٰہ تعالیٰ نے سورۃ القلم نازل فرمائی جس کا زمانہ نزول مکہ کا ابتدائی دور ہے اس میں علم کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے اللّٰہ تعالیٰ نے قلم اور لکھنے پڑھنے کی قسم کھائی''۔

ارشادِ الٰہی ہے:

﴿ن والقلم وما یسطرون ﴾(۲۶)

''ن قسم ہے قلم کی اور اس چیز کی جسے لکھنے والے لکھ رہے ہیں''۔

یہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ رسول اکرم ﷺ کی بعثت کے وقت عرب کے لوگ تو علم سے دور تھے ہی یورپ میں بھی تعلیم کلیسا تک محدود کر دی گئی اور برصغیر میں اس کا دائرہ برہمن کی حد تک تھا' قدیم مصر اور ایران میں بھی علم عام آدمی کیلئے شجر ممنوعہ تھا آپ ﷺ نے اسے عام کرنے کیلئے ارشاد فرمایا:

((طلب العلم فریضة علی کل مسلم))(۲۷)

''علم کا حصول ہر مسلمان پر فرض ہے''۔

اصحابِ علم کی فضیلت بیان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:

((مثل العلماء فی الأرض کمثل النجوم فی السماء یهتدی بها فی ظلمات البر والبحر فإذا انطمست النجوم اوشک ان تضل الهداة))(۲۸)

علماء زمین پر آسمان کے ستاروں کی مانند ہیں جن سے خشکی اور تری پر رات کے اندھیروں میں راہنمائی حاصل کی جاتی ہے اگر ستارے چھپ جائیں تو ممکن ہے چلنے والے راستہ بھول جائیں' آپ نے کتنی خوبصورت مثال کے ذریعے علم اور علماء کی اہمیت کو اجاگر فرمادیا کہ اس سے کسی بھی شخص کو انکار نہیں پھر خود اپنے متعلق بھی فرمادیا۔

((بعثت معلما)) (۲۹) ''کہ اللہ تعالی نے مجھے معلم بنا کر بھیجا ہے''۔

آپ نے ہجرت سے پہلے مصعب بن عمیر کو وہاں کے مسلمانوں کی تعلیم کے لئے بھیجا' اس وقت تک مدینہ میں کوئی مسجد نہیں تھی حضرت مصعب ایک مکان کو مدرسہ کے طور پر استعمال کرتے رہے' مسجد نبوی کی تعمیر کے بعد آپ نے عبداللہ بن سعید اور عبادہ بن الصامت کو اصحاب صفہ کو لکھنا پڑھنا سکھانے پر معمور فرمایا مسجد نبوی میں صحابہ کے تعلیمی حلقہ بنا کر بیٹھنے کا رواج حضور کے سامنے ہی شروع ہو گیا تھا' (۳۱) آنحضرت کی تعلیمی پالیسی کی خصوصیت یہ تھی کہ اس پر کسی طبقے کی اجارہ داری نہیں تھی' بلکہ آپکا نظام تعلیم مفت اور رضا کارانہ تھا اور یوں مفت اقامتی اور ہمہ وقتی تعلیم کا آغاز کر دیا گیا تھا آپ نے نصاب تعلیم سے مفید دنیوی علوم خارج نہیں کئے بعض جنگی صنائع کا علم اور ان کی تربیت حاصل کرنے کے لئے آپ نے بعض صحابہ کو خاص طور پر مامور کیا' اسی طرح دوسری زبانیں سیکھنے کے لئے آپ نے صحابہ کو مختص کیا زید بن ثابت نے بحکم پیغمبر سریانی اور عبرانی سیکھی دو صحابہ کرام عروہ بن مسعود اور غیلان بن مسلم دبابات اور منجنیق کی صنعت سیکھنے کی وجہ سے جنگ حنین میں شریک نہ ہو سکے تھے آپ نے خواتین کے لئے مردوں سے الگ تعلیم کا بندوبست فرمایا خود کو ہفتے میں ایک دن خواتین کی تعلیم اور ان کے مسائل کے جواب دینے کے لئے مختص فرمایا اور بعض خواتین کو دوسری خواتین سے لکھنا پڑھنا سیکھنے کی ھدایت فرمائی (۳۲) آپ ﷺ کی تعلیم محض ایک فکر اور فلسفہ نہ تھی وہ ایک متواتر اور عمل پیہم سے عبارت تھی۔ آپ کی زندگی کی ہر ہر ادا مجسم تعلیم تھی جس نے دشمنوں تک کے دل جیت لئے اور یوں آپ نے ان پڑھ اور جاہل قوم کو زیور تعلیم سے آراستہ کر دیا کیونکہ تعلیم ہی ایک ایسی بنیاد ہے جسکی وجہ سے زندگی کے تمام شعبوں میں ترقی کی جا سکتی ہے علم نہ ہو تو نہ دین کا کوئی معاملہ کما حقہ استوار ہو سکتا ہے اور نہ ہی دنیا کے کاروبار بحسن وخوبی انجام پا سکتے ہیں۔

❸ اخلاقی پستی

کردار کی پستی اور اخلاقی گراوٹ آج کے معاشرے کی ترقی میں بہت بڑی رکاوٹ ہے اسی کی وجہ سے بے شمار دوسرے معاشرتی، معاشی، اور سیاسی مسائل پیدا ہوتے ہیں جو پوری انسانی زندگی کو الجھنوں کا گورکھ دھندا بنا دیتے ہیں اخلاق انسانیت کا زیور اور سماج کی زینت ہی نہیں بلکہ اسکی حیثیت جسد زندگی میں قلب کی ہے جس کے لئے کہا جاتا ہے کہ اگر وہ بگڑ جائے تو پورا جسم بگڑ جاتا ہے اور اگر وہ ٹھیک رہے تو پورا جسم ٹھیک رہتا ہے. لیکن کتنی عجیب بات ہے کہ دنیا کے دساتیر حیات میں اخلاقی تعلیم و تربیت کا کوئی باب نہیں اور اگر اس نام کی کوئی چیز ہے تو اس کا مسمیٰ کچھ اور ہے ان کا اخلاق اغراض مصالح کے تابع ہوتا ہے مجرد اخلاق کا ان کے ہاں کوئی تصور نہیں اخلاق کو ایک مقصود بالذات کی حیثیت سے کسی دنیوی نظام نے اپنے اندر جگہ نہیں دی یہ صرف آسمانی مذہب جس کی تکمیلی شکل آنحضرت ﷺ کے پیغام دین اسلام میں ایک مستقل حیثیت سے موجود ہے آپ نے اپنی ایک حدیث میں اخلاق عالیہ کو اپنی بعثت مقصد قرار دیا۔ آپ نے فرمایا ((**بعثت لاتمم مکارم الأخلاق**)) (۳۳) میں اچھے اخلاق کی تکمیل کیلئے بھیجا گیا ہوں، آپ نے حسن اخلاق اور حسن سیرت کو ایمانی زندگی کا کمال قرار دیا، اور فرمایا ((**اکمل المؤمنین ایمانا احسنھم خلقا**)) (۳۴) مسلمانوں میں کامل ایمان والا وہ ہے جس کا اخلاق سب سے اچھا ہے، آپ ﷺ نے اخلاق کا سرا عبادات سے جوڑ کر اس کی قدر و قیمت بڑھا دی تاکہ لوگ دین کی اس جانب کسی غفلت کا شکار نہ ہوں اور اخلاق پر بھی اتنی ہی توجہ دیں جتنی وہ دین کے دوسرے امور عبادات وغیرہ پر دیتے ہیں۔

آپ کا ارشاد ہے:

> **((ما من شیء یوضع فی المیزان اثقل من حسن الخلق وان صاحب حسن الخلق لیبلغ به درجة صاحب الصوم والصلاة))** (۳۵)
>
> ''میزان اعمال میں حسن اخلاق سے زیادہ بھاری کوئی چیز نہیں اور اچھے اخلاق والا آدمی حسن اخلاق سے ہمیشہ روزہ رکھنے والے اور نماز پڑھنے والے کا درجہ حاصل کر لیتا ہے، آپ ﷺ خود بھی اکثر نماز کے بعد یہ دعا مانگا کرتے تھے''۔

(اللهم اهدنی لأحسن الأخلاق لا یھدی لأحسنھا الاّ أنت واصرف عنی سّیا تھا لایصرف عنی سَیّا تِھا اِلاّ انت) (٣٦)

اے پرودگار مجھے بہترین اخلاق کی ھدایت (توفیق) عطا فرما تیرے سوا کوئی بہترین اخلاق کی راہ نہیں دکھا سکتا اور برے اخلاق سے مجھ کو دور کردے کیونکہ مجھ سے برے اخلاق کو تیرے سوا کوئی پھیر نہیں سکتا''۔

حقیقت یہ ہے کہ عقائد اور عبادات کے بعد تعلیمات نبوی کا تیسرا باب اخلاق ہے' اخلاق سے مراد لوگوں سے شائستگی سے پیش آنا' ان سے اچھے طریقے سے معاملات کرنا اور ان کے حقوق کو ادا کرنا ہے انسان جب اس دنیا میں آتا ہے تو ہر چیز سے اس کا تھوڑا بہت تعلق ضرور ہو جاتا ہے اس تعلق کی بنا پر جو ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں ان کو حسن و خوبی کے ساتھ انجام دینے کا نام اخلاق ہے' آپ کی بعثت کے وقت معاشرے میں حقوق و فرائض کو اچھے طریقے سے انجام دینے کا نہ صرف فقدان تھا بلکہ وہ ہر قسم کے برے اخلاق کی آماجگاہ بن چکا تھا اسکا بہترین نقشہ حضرت جعفر طیار نے شاہ حبشہ کے دربار میں کھینچا تھا:

انہوں نے کہا (اے بادشاہ ہم جہالت میں مبتلا تھے' بتوں کو پوجتے تھے' نجاست میں آلودہ تھے' مردار کھاتے تھے' بیہودہ بکا کرتے تھے' ہم میں انسانیت اور سچی مہمانداری کا نشان نہ تھا' ہمسایہ کی رعائیت نہ تھی' کوئی قاعدہ و قانون نہ تھا' ایسی حالت میں خدا نے ہم میں سے ایک بزرگ کو مبعوث کیا جس کے حسب و نسب' سچائی' دیانتداری تقوی اور پاکیزگی سے ہم خوب واقف تھے' اس نے ہم کو توحید کی دعوت دی اور حق سمجھایا کہ ایک اکیلے خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں' اس نے ہم کو پتھروں کی پوجا سے روکا' اس نے فرمایا کہ ہم سچ بولیں' وعدہ پورا کریں' گناہوں سے دور رہیں' برائیوں سے بچیں' اس نے حکم دیا کہ ہم نماز پڑھیں' صدقہ دیا کریں اور روزے رکھا کریں' ہماری قوم ان باتوں پر ہم سے بگڑ گئی) (٣٧)

اسی طرح قیصر روم کے دربار میں ابوسفیان نے جو اس وقت تک دولت اسلام سے مشرف نہ ہوئے تھے حضور کے اخلاقی دعوت کا جو نقشہ کھینچا تھا اس میں تسلیم کیا تھا کہ آپ اس بات کی تلقین کرتے ہیں کہ ہم پاکدامنی اختیار کریں'

سچ بولیں اور قرابتوں کا حق ادا کریں (۳۸)

آپ کی انہی تعلیمات کی بنا پر قرآن مجید نے صاف صاف کہا اور دوست اور دشمن سب کے مجمع میں کہا:

(اِنّ لک لأ جراً غیر ممنون وانّک لعلیٰ خُلق عظیم)(۳۹)

''اے محمد ﷺ بے شک آپ کا اجر کبھی ختم نہ ہونے والا ہے اور بلا شبہ آپ اخلاق کے بلند مرتبہ پر فائز ہیں''

آپ نے صرف اعلیٰ اخلاق کی تعلیم دینے پر ہی اکتفا نہیں فرمایا بلکہ جیسا کہ قرآن گواہ ہے خود اس تعلیم کا عملی نمونہ بن کر دکھایا اخلاق سے گرے ہوئے اس معاشرے میں حضور کی بلند اخلاقی سے تاریخ بھری پڑی ہے آپ کا برتر اخلاق ہی تھا جس نے بالآخر مخالفین کو جھکنے پر مجبور کر دیا آپ کی زندگی میں بارہا ایسے مواقع آئے جب آپ کے مخالفین نے آپ کے اخلاقی رعب کے سامنے ہتھیار ڈا ل دیئے اور آہستہ آہستہ پورے معاشرے پر آپ کے اعلیٰ اخلاق کا رنگ غالب آ گیا جس کی نظیر دنیا آج تک پیش کرنے سے قاصر ہے' آج پھر سے معاشرے کو مثالی بنانے کے لئے اخلاقی پستی سے نکال کر اسی رنگ میں رنگنے کی ضرورت ہے' اور اس کے لئے سیرت رسول پر عمل پیرا ہونے کے بغیر کوئی چارہ نہیں۔

❹ غربت وافلاس

دنیا میں بسنے والے سب انسانوں کی تقدیر کبھی یکساں نہیں رہی' سوسائٹی میں حکمران ورعایا' قوی وضعیف' بیمار وصحت مند' اور غریب ودولت مند نہ جانے کتنے ہی طبقات شروع ہی سے چلے آ رہے یہ طبقات باہمی افہام وتفہیم اور ایک دوسرے کے تعاون سے امن کی زندگی گزارتے رہے۔ اگر کبھی بدامنی پھیلی یا سماجی توازن میں خلل پیدا ہوا تو اسکی وجہ یہی تھی کہ ایک فرد نے دوسرے فرد پر' ایک قبیلہ نے دوسرے قبیلہ پر یا قوی نے ضعیف پر ناجائز طور پر اپنی مرضی چلانا چاہی اور ہوس میں آ کر ظلم واستبداد کا رویہ اختیار کیا جس سے غریب اور مفلس طبقے کی حالت بگڑتی ہی چلی گئی' تاریخ کے ہر دور میں مختلف ادیان اور اصحاب فلسفہ نے اپنے اپنے دور سے غربت وافلاس کو ختم کرنے کے لئے

کوششیں کیں تا کہ فقراء کے دکھوں کا مداوا کر سکیں لیکن کوئی بھی کبھی پوری طرح کامیاب نہ ہوسکا' افلاطون کا بھی یہی تصور تھا کہ اس کے مثالی جمہوریہ میں غربت وافلاس نہ ہولیکن عملاً ایسا نہ ہوسکا۔ (۴۰)

نبی کریم ﷺ جس معاشرے میں تشریف لائے اس میں غریب افلاس کی چکی میں پس رہا تھا ' اس کا کوئی پرسان حال نہ تھا طاقت ور کوضعیف پر ظلم کرنے سے کوئی روکنے والا نہ تھا یہ حالت دیکھ کر آپ ﷺ نے مختلف سرداروں اور سمجھدار لوگوں کی اس طرف توجہ دلائی اور بالآخر ایک انجمن قائم ہوگئی جس کے منشور میں یہ بھی شامل تھا کہ ہم غریبوں کی امداد کرتے رہیں گے اور زبردست کو زیردست پر ظلم کرنے سے روکا کریں گے' آپ ﷺ نبوت کے زمانے میں بھی فرمایا کرتے تھے کہ اگر آج بھی کوئی اس انجمن کے نام سے کسی کو مدد کے لئے بلائے تو میں سب سے پہلے اس کی امداد کو تیار ہو جاؤں گا۔(۴۱)

غربت کے خاتمے کیلئے آپ کی یہ کوشش زمانہ نبوت سے پہلے کی تھی زمانہ نبوت میں تو آپ نے اپنی تعلیمات اور عمل کے ذریعے اس کا مکمل طور پر قلع قمع کر دیا' اپنی دعاؤں میں آپ نے غربت وافلاس سے خدا کی پناہ مانگی آپ کے دعائیہ کلمات ہیں۔

(اللھمّ انی اعوذ بک من الفقر والقلةوالذلة واعوذ بک من ان اظلم او اظلم) (۴۲)

''اے اللہ میں غربت وافلاس اور ذلت سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور اے اللہ میں ظلم کرنے اور اپنے اوپر ظلم کئے جانے سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

آپ ﷺ غربت وافلاس سے خدا کی پناہ اس لئے چاہتے تھے کہ غربت افلاس انسان کے عقیدے اور اخلاق دونوں کو خراب کر دیتا ہے اس کے گھر کا امن تباہ و برباد ہو جاتا ہے اور اس کے افکار منتشر رہنے لگتے ہیں غربت کے بارے میں ایک مشہور قول ہے کہ کفر نے غربت سے کہا کہ جب تو کسی جگہ جائے تو مجھے بھی ساتھ لے جانا کیونکہ لوگ تیرے ساتھ مجھے آسانی سے قبول کر لیتے ہیں (۴۳)

غربت وافلاس کے خاتمے کیلئے آپ کا کردار آپ کی سیرت طیبہ کا ایک مستقل باب ہے جس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے غربت وافلاس کے تدارک کیلئے چار مختلف تدابیر اختیار فرمائیں۔

① آپ نے ہر شخص کو اپنی روزی کمانے کی ترغیب دی دوسروں سے سوال کرنے اور دوسروں پر بوجھ بننے سے منع فرمایا آپ کا ارشاد ہے:

(الید العلیا خیر من الید السفلی) (۴۴)

''دینے والا ہاتھ لینے والے ہاتھ سے افضل ہے۔''

② آپ نے روزی کمانے اور خرچ کرنے کی ضروری آزادی دی اور ساتھ ہی ضروری پابندیاں بھی عائد کیں تاکہ توازن برقرار رہے۔

③ آپ نے حاجت مند افراد کی ضرورتیں پوری کرنے کے لئے دولت مندوں کو اخلاقی ہدایات دیں اور خود بھی اس پر عمل کر کے دکھایا آپ کا فرمان ہے (جس شخص کے پاس قوت وطاقت کے سامان اپنی حاجت سے زائد ہوں اس کو چاہیے کہ زائد سامان حاجت مندوں کو دے دے اور جس کے پاس کھانے پینے کا سامان ضرورت اور حاجت سے زائد ہوا سے چاہیے کہ زائد سامان حاجت مندوں کو دے دے) حدیث کے راوی ابوسعید خدری بیان کرتے ہیں کہ آپ اسی طرح مختلف قسم کے مال کا ذکر فرماتے رہے یہاں تک کہ ہم نے گمان کرلیا کہ ہم میں سے کسی شخص کو اپنے فاضل مال پر کسی قسم کا حق نہیں۔ (۴۵)

④ حاجت مندوں کے بارے میں دولت مندوں کو قانونی ذمہ داری کا پابند کیا۔

مندرجہ بالا چاروں تدابیر معاشی نظام کی تفصیلات طے کرنے کے سلسلہ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہیں:

❺ کاہلی اور سستی

معاشرے کی ترقی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ کاہلی اور سستی بھی ہے جب تک اسے دور نہیں کیا جائے گا وہ کبھی مثالی معاشرہ نہیں بن سکے گا' مثالی معاشرہ بنانے کے لئے محنت کرنا پڑتی ہے اور وہ بھی لگا تار اور یہ کاہل اور

ست لوگوں کے لئے ایک مشکل کام ہے دراصل آج کا معاشرہ اپنے نت نئے مسائل کے حل کا خواہاں ہے لیکن اس کے لئے وہ جو تدبیریں کرتا ہے وہ الٹی ثابت ہوتی ہیں اور منزل کے تعین کے باوجود وہ صحیح راستہ اختیار کرنے سے قاصر رہتا ہے تو مایوس ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے سستی اور کاہلی اس پر غالب آجاتی ہے قرآن مجید اس کا بڑا عمدہ نقشہ پیش کیا ہے۔ارشادِ ربانی ہے: (۴۶)

''اور جب ان کے اپنے کئے کرتوتوں سے ان پر کوئی مصیبت آتی ہے تو یکا یک وہ مایوس ہونے لگتے ہیں''۔

ایک دوسری جگہ میں قرآن مجید نے اس کی وضاحت یوں فرمائی (**ان مسه الشر فیئوس قنوط**)(۴۷) اور جب کوئی آفت اس پر آجاتی ہے تو وہ مایوس و دل شکستہ ہوجاتا ہے' معاشرے کے افراد جب کاہل اور ست ہو جاتے ہیں تو پھر وہ ایسی تدبیریں سوچنے لگتے ہیں جن کی وجہ سے بلا مشقت ان کی ضروریات پوری ہوتی رہیں جیسے جادو' ٹونہ اور جوا اور سٹہ وغیرہ' نبی اکرم ﷺ جس معاشرے میں مبعوث ہوئے اس میں دوسری خرابیوں کے ساتھ کاہلی اور سستی کا مرض بھی تھا' قاضی سلیمان منصور پوری اس معاشرے کے متعلق رقمطراز ہیں:

''بے کاری اور کاہلی نے جوا اور شراب کی عادت پیدا کردی تھی اور طبیعت ثانی بنادی تھی''۔(۴۸)

رسول اللہ ﷺ نے انہیں کاہلی اور سستی سے نکالا اور انہیں قانون فطرت کا یہ قاعدہ بتایا کہ:

﴿اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوا مَا بِاَنْفُسِهِمْ﴾(۴۹)

اللہ کسی قوم کے حال کو نہیں بدلتا جب تک کہ وہ خود اپنے اوصاف کو نہیں بدل لیتی' اس الٰہی قاعدے کے مطابق آپ نے اپنے معاشرے کو کاہلی اور سستی سے نکال کر محنت کے راستے ہر ڈالا۔جادو اور ٹونہ جو کاہل اور ست لوگوں کے لئے غیبی امداد کا ذریعہ تھا آپ نے اسے شرک قرار دیا' آپ کا فرمان ہے:

(من عقد عقدة ثمّ نفث فيها فقد سحر ومن سحر فقد اشرک)(۵۰)

جس نے دھاگے کی گرہیں باندھ کر اس میں پھونکیں ماریں تو اس نے جادو کیا اور جس نے جادو کیا اس نے

شرک کیا' کاہل اور سست لوگ اپنے غم بھلانے کے لئے شراب پیتے ہیں اور لوگوں کا مال ہتھیانے کیلئے جوا کھیلتے ہیں آپ نے وحی الٰہی کے ذریعے ان کا یہ راستہ بھی بند کردیا ارشادِ باری ہے:

﴿اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾ (۵۱)

یہ شراب اور جوا اور یہ آستانے اور پانسے ' یہ سب گندے شیطانی کام ہیں ان سے پرہیز کرو تاکہ تمہیں کامیابی نصیب ہو۔''

آپ نے خود بھی محنت کی بچپن میں آپ نے بکریاں چرائیں، جوانی میں تجارت کی، حضرت خدیجہؓ کا مال لے کر تجارت کی غرض سے ملک شام تک کا سفر کیا اسی طرح آپ نے اپنے ساتھیوں کو بھی محنت کے راستہ پر لگایا اور فرمایا:

(ما اکل احد منکم طعاما احبّ الی اللّٰہ عزوجل من عمل یدہ)(۵۲)

کسی بھی شخص کے کھانے کے لئے اس کی اپنی محنت سے کمائے ہوئے لقمے سے بہتر کوئی لقمہ نہیں ہے' آپ کی اپنی زندگی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ آپ ہمہ وقت یا تو اللہ کے ذکر میں مشغول رہتے یا امت کے کاموں میں اس میں کاہلی اور سستی کو ذرا دخل نہ تھا یہ آپ کی تربیت کا کمال تھا کہ معمولی سے عرصے میں یہ مختتی جماعت انسانی زندگی کے ہر میدان میں چھا گئی' کیونکہ آپ نے اسے ہمہ وقت کام کرنے والی جماعت بنادیا' آپ کا ارشاد ہے:

((خیر العمل ما ادومہ و لو قل)) (۵۳)

''بہترین کام وہ ہے جسے آدمی ہمیشہ کرے اگرچہ تھوڑا ہی کیوں نہ ہو' معاشرے کو مثالی بنانے کے لئے آج ہمیں بھی کاہلی وسستی کو خیر باد کہہ کر دائمی محنت کا راستہ اپنانا ہوگا اور یہی سیرت رسول بھی ہے۔''

❻ خودغرضی

آج کے معاشرے کی ایک خرابی یہ بھی ہے کہ ہر آدمی سب کچھ اپنی ذات کے لئے کر رہا ہے جو دراصل مادیت کی دوڑ میں شریک ہونے کا نتیجہ ہے اب اسے اپنے سوا کچھ دکھائی ہی نہیں دیتا مثالی معاشرے کے افراد تو اپنے آپ کو دوسرے سے مربوط تصور کرتے ہیں اور ایک دوسرے کی خوشی اور غمی میں شریک ہوتے ہیں آپ ﷺ نے اپنی زندگی میں جو معاشرہ تشکیل دیا تھا اس کے اندر یہ صفت بدرجۂ اتم موجود تھی جسے آپ نے اپنے الفاظ میں بھی یوں بیان فرمایا(**لا یؤ من احدکم حتی یحب لأخیه ما یحب لنفسه**)(۵۴)تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مسلمان نہیں ہوسکتا جب تک اپنے بھائی کے لئے وہی چیز پسند نہ کرے جسے وہ خود اپنے لئے پسند کرتا ہے اس حدیث پاک کے ہوتے ہوئے خودغرضی تو مسلمان کے قریب بھی نہیں آسکتی اگر اس میں خودغرضی آجاتی ہے تو وہ اسکے ایمان کی نفی کرتی ہے اور مسلمان کو اپنا ایمان ہر وقت ہر چیز سے زیادہ عزیز ہوتا ہے آپ کے صحابہ ہمیشہ ایک دوسرے کی مدد میں مشغول رہتے تھے کیونکہ ان کے سامنے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان تھا:

(المسلم اخوالمسلم لا یظلمه ولایسلمه ومن کان فی حاجة اخیه کان اللّٰه فی حاجته ومن فرج عن مسلم کربة فرج اللّٰه عنه بها کربة من کرب یوم القیامة ومن سترمسلما ستره اللّٰه یوم القیامة) (۵۵)

ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے وہ نہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ ظلم ہونے دیتا ہے جو کوئی اپنے بھائی کی کوئی ضرورت پوری کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی ضرورتیں پوری فرماتا ہے اور جو کسی کی کوئی مشکل دور کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی آخرت کی مشکلات کو آسان فرماتا ہے اور جو کسی کے عیبوں پر پردہ ڈالتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کے عیبوں پر پردہ ڈال دیں گے' آپ نے صرف اپنے متبعین کو دوسروں کی مدد کرنے کی تلقین پر ہی اکتفا نہیں فرمایا بلکہ خود کو اس میدان میں سب سے آگے رکھا جس سے آپ کے اس مثالی معاشرے میں جسے آپ نے مدنی زندگی میں تشکیل دیا تھا خودغرضی کا بالکل خاتمہ ہوگیا آپ ﷺ کے دوسروں کی مدد کرنے کے وصف کو بیان کرتے ہوئے سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں:

''خود آپ کا عمل یہ رہا کہ جو کچھ آیا خدا کی راہ میں خرچ ہو گیا غزوات اور فتوحات کی وجہ سے مال و اسباب کی کمی نہ تھی مگر وہ سب دوسروں کے لئے تھا اپنے لئے کچھ نہ تھا' وہی فقر و فاقہ فتح خیبر کے بعد یعنی ۷ ہجری سے یہ معمول تھا کہ سال بھر کے خرچ کے لئے تمام ازواج مطہرات کو غلہ تقسیم کر دیا جاتا تھا مگر سال تمام بھی نہیں ہونے پاتا تھا کہ غلہ تمام ہو جاتا اور فاقہ پر فاقہ شروع ہو جاتا کیونکہ غلہ بڑا حصہ اہل حاجت کی نذر کر دیا جاتا تھا آپ تمام لوگوں سے زیادہ سخی تھے تمام عمر کسی سائل کے سوال کے جواب میں نہیں کا لفظ نہیں فرمایا کبھی کوئی چیز تنہا نہ کھاتے تھے کتنی ہی تھوڑی چیز ہوتی آپ سب حاضرین کو اس میں شریک کر لیتے تھے''۔(۵۶)

اگر آج بھی حضور ﷺ کے اس وصف کا اتباع کر لیا جائے تو مثالی معاشرہ خود بخود بننا شروع ہو جاتا ہے۔

❼ تعصّب

مثالی معاشرہ کی راہ میں ایک رکاوٹ اس کے اندر پائے جانے والے تعصّبات ہیں کوئی ایک تعصب ہو تو کسی کے لئے اس کا علاج کرنا بھی ممکن ہو یہاں تو طرح طرح کے تعصّبات پائے جاتے ہیں ان کا علاج کون کرے حقیقت یہ ہے کہ انسان نے جب بھی الٰہی تعلیمات سے روگردانی کی اور انبیاء کی سیرتوں سے انحراف کیا تو اس کی زندگی تعصّبات سے بھر گئی تاریخ شاہد ہے کہ ہندوستان میں ہندوؤں نے اپنے سوا سب کو ملیچھ اور ناپاک قرار دے رکھا ہے خود کو چار ذاتوں میں تقسیم کر کے عزت اور حقوق کی ترتیب قائم کر لی ہے قدیم ایران میں بھی یہ چار ذاتیں اسی طرح قائم تھیں بنی اسرائیل نے بھی صرف اپنے آپ کو خدا کی اولاد قرار دے لیا تھا اور باقی سب کو چنڈال آج پورے یورپ کا حال سب کے سامنے ہے کہ سفید رنگ کے آدمی کو تہذیب و تمدن کا ٹھکیدار قرار دے دیا گیا ہے اور کالی قومیں اس کی برابری کے لائق نہیں بعض مقامات پر تو وہ سفید رنگ کے لوگوں کے محلوں میں بھی نہیں رہ سکتیں انسانی محبت و مساوات کے دعووں کے باوجود یہ لوگ حقیقی انسانیت سے کوسوں دور ہیں حقوق دنیاوی سے گزر کر ان کے یہ تفرقے خدا کے گھروں میں بھی قائم ہیں کالوں کے گرجے الگ ہیں اور گوروں کے الگ' خدا کے یہ دونوں

کالے اور گورے بندے ایک ساتھ خدا کے آگے نہیں جھک سکتے ان تمام تعصّبات کا علاج صرف پیغام محمدی میں ہے آپ کی بعثت ہوئی تو آپ نے لوگوں کے سامنے وحی ربانی کے ذریعے اعلان فرمادیا:

﴿یا ایُّھَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنَا کُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی وَجَعَلْنَاکُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ ﴾(۵۷)

''اے انسانو تم سب کو خدا نے ایک مرد وعورت سے پیدا کیا اور تم کو قبیلہ قبیلہ اور خاندان خاندان صرف اس لئے بنادیا کہ ایک دوسرے کو پہچان سکو خدا کے نزدیک سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔''

﴿وَمَا اَمْوَالُکُمْ وَلاَ اَوْلَادُکُمْ بِالَّتِیْ تُقَرِّبُکُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰی اِلَّا مَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُوْلٰئِکَ لَھُمْ جَزَاءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوا﴾ (۵۸)

نہ تمہاری دولت اور نہ تمہاری اولاد وہ چیز ہے جو تمہارا درجہ ہمارے نزدیک کردے لیکن جو کوئی ایمان لایا اور اس نے اچھا کام کیا اس کو اپنے کام کا دگنا بدلہ ملے گا' آپ نے اپنی تعلیم کے ذریعے ہر قسم کے تعصب کا رد فرمایا فتح مکہ کے موقع پر آپ نے قریش سے مخاطب ہو کر فرمایا:

((یامعشرقریش ان اللّٰہ اذھب عنکم نخوۃ الجاھلیۃوتعظمھا بالآباء ' الناس من آدم و آدم من تراب))(۵۹)

اے قریش کے لوگو۔ اب جاہلیت کا غرور اور نسب کا فخر خدا نے مٹادیا ہے تمام انسان آدم کی اولاد ہیں اور آدم مٹی سے بنے تھے' اپنے آخری خطبے میں آپ نے اعلان فرمایا:

(لیس للعربی فضل علی العجمی ولا للعجمی فضل علی العربی الا بالتقوی) (۶۰)

عرب کو عجمی پر اور عجم کو عرب پر کوئی فضیلت نہیں مگر تقوی کی بنا پر آپ نے تمام مسلمانوں کو بھائی بھائی کا رتبہ دیا

حسب ونسب کا کوئی فرق نہیں' پیشہ اور منصب کا کوئی فرق نہیں' غربت اور امارت کا کوئی فرق نہیں' خدا کے آگے سب برابر ہیں یہاں نہ کوئی برہمن ہے نہ شودر قرآن سب کے ہاتھ میں دیا جائے گا نماز سب کے پیچھے پڑھی جائے گی رشتہ ناطہ ہر ایک سے ہوسکتا ہے علم ہر ایک کا حق ہے اور حقوق سب کے یکساں ہیں یہاں تک کہ خون بھی سب کا برابر ہے آپ ﷺ کی پوری زندگی آپ کی اپنی تعلیمات کے مطابق تھی آپ کی محفل میں دنیا کے مختلف خطوں کے افراد موجود تھے بلال ؓ کا تعلق حبشہ سے تھا تو صہیب کا روم سے اور سلیمان کا فارس سے' مکہ کے مہاجر اور مدینہ کے انصار سب ایک ہی جگہ رہتے تھے کسی میں بھی ایک دوسرے کے خلاف ادنی تعصب کا شائبہ نہ پایا گیا کیونکہ تربیت محمدیؐ نے ان میں سے ہر تعصب کو نکال دیا تھا اور وہ آپس میں بھائی بھائی بن گئے تھے ان میں سے ہر ایک دوسرے پر صرف مال ہی نہیں بلکہ جان بھی نچھاور کرتا تھا جس کی مثالوں سے تاریخ کے اوراق بھرے پڑے ہیں آج بھی ہمیں ہر قسم کے تعصّبات سے نجات کے لئے پھر سے سیرتِ محمدیؐ پر عمل کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ایک مثالی معاشرہ بنا سکیں۔

8 عدل وانصاف کا فقدان

عدل وانصاف کا فقدان بھی مثالی معاشرے کی راہ میں ایک رکاوٹ ہے عدل کے قائم کئے بغیر کبھی کوئی معاشرہ مثالی بن ہی نہیں سکتا اس لئے مصلحین نے ہمیشہ عدل کو قائم کیا جب بھی معاشرے سے عدل غائب ہوا تو اس میں ابتری پھیل گئی آج کے معاشرے میں پھیلی ہوئی ابتری کا ایک سبب بھی یہی ہے یہ صرف عدل وانصاف ہی سے ختم ہوسکتی آپ کی بعثت کے وقت بھی عالم انسانیت ظلم وجور، قتل وغارت اور وحشت وبربریت کا شکار تھا آپ نے عدل وانصاف قائم کر کے معاشرے کو تمام برائیوں سے پاک کر دیا وحی ربانی کے ذریعہ آپ ﷺ نے اعلان فرمایا

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُوْنُوْا قَوَّامِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَاءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰى أَنْفُسِكُمْ أَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِيْنَ إِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا أَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ أَوْلٰى بِهِمَا فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰى أَنْ تَعْدِلُوْا وَإِنْ تَلْوُوْا أَوْ تُعْرِضُوْا فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا﴾(٦١)

''اے لوگو جو ایمان لائے ہو انصاف کے علمبردار اور خدا کے واسطے گواہ بنو اگرچہ تمہارے انصاف کی زد خود تمہاری ذات پر یا تمہارے والدین اور رشتہ داروں پر ہی کیوں نہ پڑتی ہو

فریق معاملہ خواہ مالدار ہو یا غریب اللہ تم سے زیادہ ان کا خیر خواہ ہے لہذا اپنی خواہش نفس کی پیروی میں عدل سے باز نہ رہو اور اگر تم نے لگی لپٹی بات کہی یا سچائی سے پہلو بچایا تو جان رکھو جو کچھ تم کرتے ہو اللہ کو اسکی خبر ہے۔''

اس کے بعد اس میں مزید اضافہ کرتے ہوئے فرمایا گیا:

﴿وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰى اَنْ لَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى﴾(۶۲)

کسی گروہ کی دشمنی تمہیں اتنا مشتعل نہ کروے کہ انصاف سے پھر جاؤ عدل کرو یہ خدا ترسی سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے''۔

آپ کی پوری زندگی عدل وانصاف کی آئینہ دارتھی زندگی کے ہر شعبہ میں آپ عدل وانصاف پر عمل پیرا تھے سیرت رسول ﷺ میں ہمیں بکثرت اس کی مثالیں ملتی ہیں آپ قانون الٰہی کے نفاذ میں بہت سختی فرماتے تھے اور اسے نافذ کیے بغیر چین سے نہ بیٹھتے تھے' ایک دفعہ ایک عورت نے جو خاندان بنومخزوم سے تھی چوری کی' عزت کے لحاظ سے لوگ چاہتے تھے کہ سزا سے بچ جائے اور معاملہ دب جائے' حضرت اسامہ رسول اللہ ﷺ کے محبوب خاص تھے لوگوں نے ان سے کہا کہ سفارش کریں انہوں نے حضور سے معافی کی درخواست کی تو آپ نے غضب آلود ہو کر فرمایا کہ بنی اسرائیل اسی کی بدولت تباہ ہوئے کہ وہ غرباء پر حد جاری کرتے تھے اور امراء سے درگذر کرتے تھے (۶۳)

آپ ﷺ کا فرمان تھا:

((تعافوا الحدود بینکم فما بلغنی من حد فقد وجب))(۶۴)

آپس میں ایسے گناہوں کو معاف کر دیا کرو جن سے حد لازم آتی ہے لیکن مجھ تک جو واقعہ پہنچے گا تو اسکی سزا ضروری جائے گی' عدل وانصاف کی انتہا یہ ہے کہ مسلمانوں کو حکم دیا گیا کہ وہ کفار کے معبودان باطلہ کو بھی برا نہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ نادانستہ طور پر خدا کو برا کہہ بیٹھیں ارشاد باری ہے:

﴿وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ﴾(۶۵)

اور جن کو یہ مشرک اللہ کے سوا پکارتے ہیں ان کو برا نہ کہو ایسا نہ ہو کہ یہ خدا کو بے ادبی سے بے سمجھے برا کہہ بیٹھیں' اس عدل وانصاف کا یہ اثر تھا کہ مسلمان ایک طرف تو یہود جو آپ کے شدید ترین مخالف تھے اپنے مقدمات آپ ہی کی بارگاہ میں لاتے تھے اور انکی شریعت کے مطابق اس کا فیصلہ ہوتا تھا آج بھی معاشرے کو مثالی بنانے کے لئے اسی عدل وانصاف کو واپس لانے کی ضرورت ہے اور اس کے لئے سیرت نبوی پر عمل کے بغیر چارہ نہیں''۔

⑨ عدم تحفظ

مثالی معاشرے کی راہ میں رکاوٹ اس کے افراد کے اندر پایا جانے والا عدم تحفظ کا احساس بھی ہے آج کے معاشرے میں کوئی بھی شخص محفوظ نہیں اس کو قتل کیا جا سکتا ہے' لوٹا جا سکتا ہے' اس کی بے عزتی کی جا سکتی ہے وہ کسی بھی تخریب کاری کا نشانہ بن سکتا ہے غرضیکہ کسی بھی وقت کچھ بھی ہو سکتا ہے یہ حالت اس وقت کسی ایک ملک کی نہیں دنیا کے اکثر ممالک اس دلدل میں پھنسے ہوئے ہیں آج دنیا کو ایک پر امن معاشرے کی ضرورت ہے جس میں ہر فرد کو اس کا حق ملے اور اس کی زندگی کو کوئی خطرہ نہ ہو بلکہ وہ اپنے آپ کو محفوظ پائے امن وسلامتی کی اسی فضا کو پیارے رسول ﷺ نے مدینہ منورہ میں لوگوں کو مہیا فرمایا تھا' مدینہ میں ہر شخص مومن ہو یا غیر مومن اپنے آپ کو مدنی معاشرے میں محفوظ سمجھتا تھا کسی کو بھی نہ تو اپنے بارے میں کوئی فکر تھی اور نہ اپنے اہل وعیال اور عزیز واقارب کے بارے میں' عبداللہ بن سلام کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی مدینہ تشریف آوری پر میں نے آپکی پہلی تقریر میں یہ الفاظ سنے:

((افشوا السلام))(٦٦) ''پیغام امن وسلامتی کو عام کرو''۔

اس کے بعد آپ نے مومن کی تعریف بیان کرتے ہوئے اسے اسکی شخصیت کا حصہ قرار دے دیا' آپ کا ارشاد ہے:

((المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده)) (٦٧)

''مومن وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان اپنے آپ کو محفوظ و ماًمون پائیں''۔

صلح حدیبیہ اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی جنگ کا مقصد فتنہ کو ختم کرنا اور آزادی عقیدۃ کو منوانا تھا اس موقع پر صحابہ کرام ظاہری فتح وغلبہ کے متوقع تھے لیکن اللہ تعالی نے اس پرامن معاہدہ کو فتح مبین قرار دیا اس لئے کہ اس معاہدے کی ایک شق کے ذریعے فتنہ کا سدباب کر کے فریقین نے ایک دوسرے کی آزادیٔ عقیدہ کو تسلیم کر لیا تھا' میثاق مدینہ آپ کی امن پسندی اور آزادی دین وعقیدہ کی واضح مثال ہے اس آپ نے یہود کو اپنے دین پر قائم رہتے ہوئے بعض شرائط کا پابند کیا تا کہ مدینہ کا داخلی امن محفوظ ہو جائے اور اس کے رہنے والوں میں سے کوئی بھی عدم تحفظ کا شکار نہ ہو اور سب امن وآشتی کے ماحول میں آزادی سے رہ سکیں' آپ نے کبھی بھی کسی طالب امن کو امن سے محروم نہیں فرمایا مختصر یہ کہ پیغمبر امن وسلامتی نے تمام جہان کے انسانوں کو محفوظ اور پرامن معاشرہ قائم کرنے کی دعوت دی اور خود اس کا عملی نمونہ پیش فرمایا کیونکہ محفوظ اور پرامن انسانی معاشرہ ہی ترقی کیلئے سب سے اہم چیز ہے رب العالمین سیرتِ طیبہ پر عمل پیرا ہو کر ہمیں اپنے معاشرے سے ان سب رکاوٹوں کو دور کرنے کی توفیق عطا فرمائے تا کہ وہ ایک مثالی معاشرہ بن سکے، آمین یا رب العالمین

حواشی وحوالہ جات

۱۔ یوسف کرم،تاریخ الفلسفة الیونانیة (القاهرة مکتبة النهضة المصریة،الطبعة الخامسة ۱۳۸۶ھ۔۱۹۶۶ء،
صفحہ ۱۶۳

۲۔ المصدر السابق صفحہ ۱۰۰

۳۔ منصور پوری۔قاضی محمد سلیمان سلمان، رحمة للعالمین (لاہور ، شیخ غلام علی اینڈ سنز۔س۔ن)ج ارص ۲۹،۳۰ '

۴۔ ارشاد باری ہے ﴿وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَسْمَعُوا لِهَذَا الْقُرْآنِ وَالْغَوْا فِيهِ لَعَلَّكُم تَغْلِبُوْن ﴾ ترجمہ/کافروں نے کہا
اس قرآن کو ہرگز نہ سنو اور جب یہ سنایا جائے تو اس میں خلل ڈالو شاید اس طرح تم غالب آجاؤ 'سورۃ فصلت ۴۱ /۲۷'

۵۔ ابن حنبل احمد بن محمد بن حنبل، الإمام' المسند (بیروت) المکتب الاسلا می 'عن ربیعه بن عباد
الدیلمی ۔

۶۔مقالات سیرت (اسلام آباد' وزارت مذہبی امور ۱۳۹۸ھ۔۱۹۷۸ء) ص۔۲۲،۲۳' مقالہ/سید مرتضی حسین صدر الافضل،

۷۔سابق مصدر' ص۔۹۳،۹۴ ' مقالہ/مولانا محمد تقی عثمانی '

۸۔ سورۃ الاحزاب ۳۳/ ۴۰'

۹۔القشیری 'مسلم بن الحجاج 'الصحیح (القاهره' مکتبة دار الشعب' س.ن ' مع شرح الامام النووی) کتاب
الفضائل ، باب النبی ا خاتم النبیین ' ج.۵/ ۱۴۹ 'عن ابی هریرة ضؓ وایضا.السجستانی .سلیمان بن
اشعث ابو داؤد 'السنن (بیروت 'دار الفکر' الطبعة الاولی . ۱۴۱۰ھ/ ۱۹۹۰م'تحقیق وتعلیق سعید
محمد اللحام)کتاب الفتن والملاحم . باب ذکر الفتن ودلائلها ج.۴/ ۳۰۲ عن ثوبانؓ

۱۰۔سورۃ سبا' ۳۴/ ۲۸ '

۱۱۔ مسند الإمام احمد بن حنبل، ج.۴/ ۴۱۶،عن ابی موسی الاشعریؓ،ایضا. ج. ۵/ ۱۴۵ عن ابی ذ رؓ

۱۲۔ مسند الامام احمد بن حنبل ' ج.۲/ ۲۲۲ عن عبد الله بن عمرو بن العاصؓ

۱۳۔ صحیح مسلم .کتاب المساجد 'باب مواضع الصلاة ' ج.۲/ ۱۵۴ 'عن جابر بن عبداللّٰه ؓ الد
ارمی.عبد الله بن عبد الرحمن ابو الفضل،.السنن(بیروت 'دار احیاء السنة النبوية .س.ن) کتاب
الصلاة .باب الارض کلها طهور ما خلاالمقبرة والحمام' ج. ۱/ ۳۲۲ 'عن جابر بن عبد اللهؓ

۱۴۔ سورۃ الاحزاب ۳۳/ ۲۱

۱۵۔ مبارکپوری۔صفی الرحمٰن مولانا' الرحیق المختوم (لاہور'مکتبۃ سلفیۃ۔ طبع سوم ۱۴۰۹ھ۔۱۹۸۸م'ص۔۱۹۰'

۱۶۔ عبداللہ بن محمد بن عبدالوہاب۔سیرۃ الرسول' (جہلم' جامعۃ العلوم الاثریۃ طبع اول' ۱۴۱۱ھ۔۱۹۹۰م) ص۔۱۸۱ مترجم۔مولانا محمد اسحاق'

۱۷۔ رحمۃ للعالمین 'ج۔۱/۵۵

۱۸۔ مسند الامام احمد بن حنبل 'ج.۳/۱۳/۴ 'عن سفیان بن عبد اللہ الثقفی'

۱۹۔ سورۃ الاحقاف .۴۶/۱۳/ ۱۴'

۲۰۔ البخاری .محمد بن اسماعیل' الصحیح (القاهرة.مکتبة دار الشعب.س'ن) کتاب الفتن .باب لا یدخل الدجال المدینة' ج. ۹/ ۷۶ 'عن ابی سعید الخدریؓ

۲۱۔ عبدالکریم زیدان۔اصول دعوت دین (اسلام آباد'ادارۃ تحقیقات اسلامی'طبع ثانی ۱۴۰۵ھ۔۱۹۸۵م) ص۔۵۲/۵۳' مترجم ساجد الرحمٰن صدیقی'

۲۲۔سورۃ زمر . ۳۹/۹'

۲۳۔مودودی۔ابوالاعلیٰ'تفہیم القرآن (لاہور'ادارۃ ترجمان القرآن'طبع ششم'اپریل۔۱۹۸۸ء) ج۔۵/۳۵۴'

۲۴۔ ٹھٹھوی' محمد ہاشم' بذل القوۃ فی حوادث سنی النبوۃ (حیدرآباد' لجنۃ احیاء التراث السندی'طبع اول (۱۳۸۶ھ۔۱۹۶۶ء) ص۔۱۸'

۲۵۔سورۃ العلق / ۹۶ . ۱ . ۵'

۲۶۔سورۃ القلم / ۶۸ . ۱'

۲۷۔ ابن ماجه 'محمد بن یزید القزوینی 'السنن (بیروت 'دار الفکر 'س .ن ، مع التعلیق محمد فؤاد عبدالباقی) المقدمةباب فضل العلم والحث علی العلم ۱/ ۸۱ عن انس بن مالک .

۲۸۔ مسند الامام احمد بن حنبل ۳/۱۵۷ عن انس بن مالک '

۲۹۔ سنن الدارمی 'کتاب العلم 'باب فضل العالم والعلم ۱/ ۱۰۰ '

۳۰۔ محمد عماره' دکتور' الاسلام وحقوق الانسان (کویت 'عالم المعرفة 'الطبعة الاولی 'شعبان ۱۴۰۵ ه .متی ۱۹۸۵ء) ص. ۷۲'

۳۱۔ سنن الدارمی ۱/ ۱۰۰'

۳۲۔مقالات سیرت۔ص۔۶۰'۶۲۔مقالہ پروفیسر احمد یار'۱۹۷۸ء

۳۳۔مالک بن انس الامام .الموطا(القاھرہ ٗعیسی البابی الحلبی وشرکائہ ٗ س.ن مع التعلیق محمد فؤاد عبدالباقی)کتاب حسن الخلق ٗباب ماجاء فی حسن الخلق ٗ۲/۹۰۴ عن ابی ہریرۃ ﷺ ٗ

۳۴۔ مسند الامام احمد بن حنبل ۲/۵۰ عن ابن عمر رضی اللہ عنہما ٗ

۳۵۔ سنن ابی داؤد ٗکتاب الادب ٗباب ماجاء فی حسن الخلق ۴/۲۳۶ عن ابی الدرداء

۳۶۔ صحیح مسلم ٗکتاب صلاۃ المسافرین ٗباب صلاۃ النبی ودعائہ باللیل ۲/۲۲۸ عن علی بن ابی طالب ﷺ

۳۷۔ رحمۃ للعالمین ۱/۵۸ ٗ

۳۸۔شبلی نعمانی۔سیرۃ النبی (لاہور ٗ مکتبہ تعمیر انسانیت ٗ طبع اول ٗ س۔ن) ۱/۲۳۲ ٗ

۳۹۔سورۃ القلم۔۶۸/۳،۴ ٗ

۴۰۔القرضاوی ، یوسف دکتور ،مشکلۃ الفکر وکیف عالجھا الاسلام (القاھرۃ ، مکتبۃ وھبۃ ، الطبعۃ الخامسۃ ،شوال ،۱۴۰۶ھ.یونیو ،۱۹۸۶ء)ص.۳ ،

۴۱۔رحمۃ للعالمین،۱/۲۳،

۴۲۔مسند الامام احمد بن حنبل ،۲/۳۰۵ عن ابی ہریرۃ ﷺ

۴۳۔مشکلۃ الفقر وکیف عالجھا الاسلام ص . ۱۲ ،

۴۴۔سنن ابی داؤد،کتاب الزکاۃ ، باب فی الاستعفاف ،۲/۳۷۲ عن ابن عمر،

۴۵۔ابن حزم.علی بن احمد بن حزم ، المحلی (القاھرۃ ، مکتبۃ انصار السنۃ المحمدیۃ طبعۃ.۱۳۴۸ ، مع تحقیق احمد شاکر)۶/۱۵۸ ،

۴۶۔سورۃ الروم .۳۰/۳۶ ،

۴۷۔سورۃ فصلت . ۴۱/۳۹ ،

۴۸۔رحمۃ للعالمین۔۱/۳۰،

۴۹۔سورۃ الرعد .۱۳/۱۱ ،

۵۰۔النسائی.احمد بن شعیب ابو عبد الرحمٰن .السنن (بیروت دار الفکر ،س،ن ،مع شرح الحافظ جلال الدین السیوطی و حاشیۃ السندی)کتاب تحریم الدم ، باب الحکم فی السحرۃ ، ۲/۱۱۲ عن ابی ھریرۃ ص ،

۵۱۔سورۃ المائدۃ ، ۵/۹۰ ،

۵۲۔مسند الامام احمد بن حنبل ۱۳۱/۴ عن المقدام بن معدی کرب ،
۵۳۔سنن ابن ماجه ، کتاب الزهد ، باب المد اومة علی العمل ۱۴۱۲/۲ عن ابی هریرةؓ ،
۵۴۔ سابق مصدر ، المقدمة . باب فی الایمان ۲۶/۱ عن انس بن مالکؓ ،
۵۵۔صحیح البخاری . کتاب الاکراه ، باب یمین الرجل لصاحبه انه اخوه ۲۸/۹ عن ابن عمرؓ،
۵۶۔ندوی۔سید سلیمان۔خطبات مدراس (کراچی،محمد سعید اینڈ سنز۔س،ن،)صفحہ ۱۰۹،۱۱۰،
۵۷۔سورة الحجرات ۱۳/۴۹ ،
۵۸۔سورة سبا ۳۷/۳۴ ،
۵۹۔رحمۃ للعالمین ۱۲۰/۱،
۶۰۔مسند الامام احمد بن حنبل ۴۱۱/۵ ، حدیث رجل من اصحاب النبی ﷺ،
۶۱۔سورة النساء ۱۳۵/۴ ،
۶۲۔سورة المائدة ۸/۵ ،
۶۳۔سیرۃ النبی۔۲۸۳/۲،
۶۴۔سنن ابی داؤد ، کتاب الحدود ،باب العفو عن الحدود مالم یبلغ السلطان ۳۳۳/۴ عن عبد الله بن عمرو بن العاصؓ
۶۵۔سورة الانعام ۱۰۸/۶ ،
۶۶۔سنن ابن ماجه .کتاب الادب ، باب افشاء السلام ۱۲۱۸/۲ عن ابی هریرة وعن عبدالله بن عمرو بن العاص رضی الله عنهما ،
۶۷۔صحیح مسلم .کتاب الایمان .باب بیان تفاضل الاسلام ۲۱۶/۱ عن جابر وعن ابی موسی رضی الله عنهما ،

کتابیات

۱. القرآن الکریم

۲. ابن حزم. علی احمد بن حزم ،المحلی . القاهرة .مکتبة انصار السنة المحمدیة ، طبعة ۱۳۴۸ ھ مع تحقیق احمد شاکر ،

۳. ابن حنبل . احمد بن حنبل الامام ، المسند . بیروت ، المکتبة السلامی ، الطبعة الثانیة ۱۳۹۸ ھ ۱۹۷۸/م ،

۴. ابن ماجه .محمد بن یزید القزوینی ، السنن ،بیروت ،دارالفکر ،س ،ن ، مع التعلیق محمد فؤاد عبدالباقی ،

۵. البخاری .محمد بن ا سماعیل .الصحیح ،القاهرة ، مکتبة دار الشعب ،س، ن،

۶. ٹھٹھوی. محمد هاشم .بذل القوة فی حوادث سنی النبوة .حید رآباد ،لجنة احیاء التراث السندی ،طبع اول ۱۳۸۶ھ/۱۹۶۶ء ،

۷. الدارمی ، عبدالله بن عبد الرحمن بن الفضل .السنن ، بیروت ،دار احیاء السنة النبویة ، س،ن،

۸. السجستانی .سلیمان بن اشعث ابو داؤد .السنن . بیروت ،دار الفکر ، الطبعة الاولی ۱۴۱۰ھ/ ۱۹۹۰ ء ، مع تحقیق وتعلیق سعید محمد اللحام ،

۹. شبلی نعمانی . سیرۃ النبی ،لاہور،مکتبۂ تعمیر انسانیت ،طبع اول س،ن،

۱۰. عبدالکریم زیدان دکتور۔اصول دعوت دین،اسلام آباد،ادارہ تحقیقات اسلامی،طبع ثانی ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء، مترجم ساجدالرحمٰن صدیقی۔

۱۱. عبداللہ بن محمد بن عبدالوہاب،سیرت الرسول۔جہلم۔جامعۃ العلوم الاثریۃ،طبع اول۔۱۴۱۱ھ/۱۹۹۰ء،مترجم مولانا محمد اسحاق۔

۱۲. القرضاوی .یوسف دکتور ، مشکلة الفقر وکیف عالجها الاسلام .القاهرة. مکتبة وهبة . الطبعة الخامسة ، شوال ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ ء،

۱۳. القشیری.مسلم بن الحجاج. الصحیح ، القاهرة ، مکتبة دار الشعب ،س،ن، مع شرح الامام النووی ،

۱۴. مالک بن انس الامام .الموطا،القاهرة ،عیسی البابی الحلبی وشرکائه ، س، ن، مع التعلیق محمد فؤاد عبدالباقی ،

۱۵. مبارکپوری .صفی الرحمن مولانا ، الرحیق المختوم ، لاهور ، مکتبه سلفیه، طبع سوم ۱۴۰۹
۱۹۸۸/۵ء ،

۱۶. محمد عماره دکتور .الاسلام وحقوق الانسان ، کویت ،عالم المعرفة ، الطبعة الاولی. شعبان
۱۴۰۵ ۵/مئی ۱۹۸۵ء ،

۱۷. مقالاتِ سیرت۔اسلام آباد،وزارت مذہبی امور۱۳۹۸ھ/۱۹۷۸ء،

۱۸. منصور پوری۔قاضی محمد سلیمان سلمان۔رحمۃللعالمین۔لاہور،شیخ غلام علی اینڈ سنز۔س،ن،

۱۹. مودودی۔ابوالاعلی،تفہیم القرآن،لاہور،ادارہ ترجمان القرآن،طبع ششم،اپریل ۱۹۸۸ء ،

۲۰. ندوی۔سید سلیمان،خطبات مدراس،کراچی،محمد سعید اینڈ سنز،س،ن،

۲۱. یوسف کرم .تاریخ الفلسفة البونانیة. القاهرة، المکتبة النهضة المصریة، الطبعة
الخامسة۱۳۸۶ه/۱۹۶۶ء ،

اسلام میں معاشی آزادی کا تصور اور اس کی حدود و قیود

* ڈاکٹر مفتی عبدالوہاب

سرمایہ دارانہ نظام اور اسی طرح سوشلزم میں انسان کو صرف مادی ذی روح تصور کیا گیا ہے، یعنی انسان گویا ان کے نزدیک روحانی، اخلاقی اور معنوی میلانات ور جحانات سے بالکل عاری ہے۔ چنانچہ ان مادی نظامہائے معیشت میں انہی معاشی سرگرمیوں کی اہمیت تسلیم کی جاتی ہے جن سے کوئی مادی فوائد حاصل ہوتے ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ غیر مادی فوائد مثلاً معنوی فوائد، افتخار، نیک نامی اور تعریف یا روحانی فوائد، اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول، آخرت کا اجرو ثواب اور جنت کی نعمتوں کی آرزو یا اخلاقی فوائد، غریبوں کی ہمدردی اور ظلم وغصب کا دفعیہ وغیرہ ان کے ہاں معاشی بحث سے خارج ہیں۔ (۱)

مزید براں ان نظامہائے معیشت میں اصل اہمیت مادی افادیت کی ہے اگر لوگ شراب، حشیش اور مخرب اخلاق اشیاء میں رغبت رکھتے ہیں تو یہ ان کی معاشی حاجت ہے اور جو کارخانہ داران اشیاء کی تیاری میں لگے وہ ایک اقتصادی خدمت انجام دیتا ہے۔ جب کہ اسلام کے نزدیک معاشی سرگرمیوں کے وہی مادی فوائد قابل التفات ہیں جن سے روحانی، معنوی اور اخلاقی منفعت پر زد نہ پڑتی ہو۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے مندرجہ ذیل مختصر سی آیت میں یہ سارا فلسفہ بیان فرما دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ وَابْتَغِ فِيمَا اٰتٰكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَا اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴾ (۲)

”اور جو کچھ تجھ کو اللہ تعالیٰ نے دیا ہے اس سے کمالے پچھلا گھر اور نہ بھول اپنا حصہ دُنیا سے اور بھلائی کر جیسے اللہ تعالیٰ نے بھلائی کی تجھ سے اور مت چاہ خرابی ڈالنا ملک میں، اللہ تعالیٰ

---

* لیکچرار اسلامیات، گورنمنٹ ڈگری کالج، بٹگرام۔

کو بھاتے نہیں خرابی ڈالنے والے۔"

ابن الحاج المالکی (المتوفی ۷۳۷ھ) فرماتے ہیں:

"اسلام کے نزدیک تجارت اور معاشی سرگرمیوں سے بنیادی مقصد یہ ہے کہ عام لوگوں کو سہولت میسر آئے اور بوڑھوں، فقراء اور بچوں کو ان کی ضرورت کی اشیاء میں مدد و تعاون ہو۔" (۳)

اسلام میں معاشی آزادی سے مراد وہ نہیں جو سرمایہ دارانہ نظام میں ہے کہ اقتصاد جاری کے مجموعی اور تفصیلی نظام میں حکومت کوئی مداخلت نہ کرے۔ بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ اسلام طلب و رسد کی قوتوں کو تسلیم کرتا ہے اور اس بات پر زور دیتا ہے کہ ان دونوں قوتوں کو مصنوعی گرفت میں لانے والے اسباب کا سدِ باب کر کے ان کو بالکلیہ آزاد چھوڑ دیا جائے تا کہ معاشی سرگرمیوں میں صحت مند مسابقت کی فضا قائم ہو۔ لیکن اگر اس آزادی سے غلط فائدہ اُٹھا کر معاشی سرگرمیاں اجتماعی توازن کو بگاڑنے یا معاشرتی بہبود کے خلاف عمل کرتے ہوئے پائی گئیں تو اسلام حکومت کو پابند کرتا ہے کہ وہ مداخلت انداز ہو کر اس قسم کی معاشی سرگرمیوں کی روک تھام کرے گو کہ وہ سوشلزم کی طرح ذاتی ملکیت کی نفی بھی نہیں کرتا۔ (۴)

چنانچہ اسلام معاشی آزادی کا اقرار یوں کرتا ہے کہ عقد کو وجود میں لانے، عمل کرنے، پیداوار حاصل کرنے اور اپنی ملکیت میں تصرف کرنے کے میدان میں اسلام فرد کے آزاد ارادے کا احترام کرتا ہے بشرطیکہ اس کا یہ ارادہ دوسروں کے ضرر کا سبب نہ بنے اور ان اصول و مبادی اور معاشی اقدار کی خلاف ورزی نہ کرے جن کو اسلام اہم سمجھتا ہے۔ (۵)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام نہ تو معاشی آزادی کو بالکلیہ ختم کرتا ہے اور نہ ہی معاشی سرگرمیوں کو بے قید آزادی سے نوازتا ہے۔ بلکہ اس کا مؤقف جیسا کہ آغاز ہی سے اس کا مزاج ہے، اعتدال و توازن کے ساتھ ممتاز ہے۔ اسلام معاشی سرگرمیوں پر جو پابندیاں عائد کرتا ہے ان کی دو قسمیں ہیں:

① صرف اُن معاشی سرگرمیوں کی اجازت ہے جو اسلام کے احکام کی رُو سے حلال ہوں، حرام نہ ہوں۔

② ایسی معاشی سرگرمیوں کا سدِ باب کیا جائے جن کی وجہ سے معاشرے کی اجتماعی بہبود اور اقتصادی توازن میں بگاڑ پیدا ہونے کا اندیشہ ہو۔

معاشی کاروبار میں حلال کی قید

پہلی قسم کی پابندیاں وہ ہیں جو کاروبار کی حلت وحرمت سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس قسم کی پابندیوں کے لیے اصل قاعدہ یہ ہے کہ تمام معاشی سرگرمیوں کی آزادی ہے۔ اس لیے کہ اشیاء میں اصل اباحت ہے مگر صرف وہ معاشی سرگرمیاں ممنوع ہیں جن کی حرمت پر کوئی نص شرعی وارد ہے۔ وہ نصوص جو بعض معاشی سرگرمیوں کو حرام ٹھہراتی ہیں۔ ان نصوص کی نسبت بہت ہی قلیل ہیں جو حلال و جائز معاشی سرگرمیوں کی اجازت دیتی ہیں۔ بعض معاشی سرگرمیوں کی حرمت درج ذیل نصوص سے ثابت ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿ وَلَا تَأْكُلُوْا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوْا فَرِيْقاً مِنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ﴾ (۷)

''اور نہ کھاؤ مال ایک دوسرے کا آپس میں ناحق اور نہ پہنچاؤ ان حاکموں تک کہ کھا جاؤ کوئی حصہ لوگوں کے مال میں سے ظلم کر کے ناحق اور تم کو معلوم ہے۔''

﴿ وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ . اَلَا يَظُنُّ اُولٰئِكَ اَنَّهُمْ مَبْعُوْثُوْنَ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴾ (۸)

''خرابی ہے گھٹانے والوں کی وہ جب ماپ کر لیں لوگوں سے پورا بھر لیں۔ اور جب ماپ کر دیں ان کو یا تول کر تو گھٹا دیں۔ کیا خیال نہیں کرتے وہ لوگ کہ ان کو اُٹھنا ہے اس بڑے دن کے واسطے''

﴿ وَالَّذِيْنَ يَأْكُلُوْنَ الرِّبَا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِىْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ﴾ (۹)

''جولوگ کھاتے ہیں سودنہیں اُٹھیں گے قیامت کومگر جس طرح اُٹھتا ہے وہ شخص کہ جس کے حواس کھودیئے ہوں جن نے لپٹ کر''

﴿يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبَاوَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ﴾ (۱۰)

''مٹاتا ہے اللہ سود کو اور بڑھاتا ہے خیرات کو۔''

علاوہ ازیں آنحضرت ﷺ نے بعض معاملات اور معاشی لین دین کو اپنی تعلیمات وہدایات میں حرام قرار دیا ہے، چنانچہ مندرجہ ذیل احادیث نمونہ کے طور پر پیش کی جاتی ہیں۔

حضرت ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنَّا))(۱۱) ''جس نے دھوکہ دیا وہ ہم میں سے نہیں۔''

یعنی دھوکہ دینا اور اشیاء فروخت میں ملاوٹ کرنا کسی مسلمان کا کام نہیں ہوسکتا۔ یہ کام وہی شخص کرے گا جو روزِ جزاء کا یقین نہیں رکھتا۔

حضرت حکیم بن حزام ؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

((**البیعان بالخیار ما لم یتفرقا فان صدقا وبینا بورک فی بیعهما وان کتما وکذ بامحقت برکة بیعهما**))(۱۲) ''بائع ومشتری جب تک الگ نہ ہوجائیں توان کے لیے بیع کو رد و قبول کرنے کا اختیار ہے۔ اگر دونوں نے سچ بولا اور عیوب کو بیان کیا تو ان کی بیع میں برکت ڈال دی جائے گی اور اگر انہوں نے عیوب کو چھپایا اور جھوٹ بولا تو ان کی بیع کی برکت مٹادی جائے گی۔''

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیع میں جھوٹ بولنا اور عیب چھپانا حرام ہے۔ چنانچہ جو بیع جھوٹ پر مشتمل ہو یا اس میں عیب کو چھپایا گیا ہو تو وہ حرام ہے۔ بیع میں ہر وہ چیز عیب تصور کی جاتی ہے جس سے کسی چیز کی مالیت میں کمی واقع ہوتی ہے اس کا مدار عرف وعادت پر ہے۔ (۱۳)

خطاب مالکی رحمہ اللہ (المتوفی ۹۴۵ھ) فرماتے ہیں:

''گھٹیا مال کو اعلیٰ معیار کے مال کے ساتھ ملانا بھی عیب ہے اور حکمران کی ذمہ داری ہے کہ وہ تاجروں کو اس کام سے روکے، اس کا ارتکاب کرنے والوں کو جسمانی سزا دے اور درے لگوائے۔''(۱۴)

امام ترمذی رحمہ اللہ (المتوفی ۲۷۹ھ) نے علماء سے نقل کیا ہے کہ عیب چھپانا حرام ہے۔''(۱۵)

بائع کا مشتری سے سامانِ تجارت کا عیب مخفی رکھنا فقہاء کے ہاں تدلیس کہلاتا ہے(۱۶) اور مالکیہ اس کو تعزیر فعلی کہتے ہیں۔(۱۷) مثلاً پرانے کپڑے کو رنگ کرنا تا کہ وہ نیا لگے، تلوار کو صیقل کرنا تا کہ وہ خوبصورت معلوم ہو، یا غلام کے سفید بالوں کو سیاہ کرنا۔(۱۸)

حضرت ابو ہریرہ﷜ سے منقول ہے:

((نهى رسول الله ﷺ عن بيع الحصاة و عن بيع الغرر))(۱۹)''آنحضرت ﷺ نے پتھر پھینکنے اور دھوکہ کی بیع سے منع فرمایا ہے۔''

بیع الحصاۃ (پتھر پھینکنے) کی بیع سے مراد یہ ہے کہ مشتری بائع سے کہہ دے میں پتھر پھینکوں گا یہ جس چیز کو لگ جائے وہ اتنی قیمت میں میری ہوگی یا زمین کا وہ حصہ میرا ہوگا جہاں تک یہ پتھر چلا جائے۔(۲۰)

بیع غرر سے مراد ایسی بیع ہے کہ جس کا ظاہر خوش نما اور باطن ناپسندیدہ ہو، مشتری اس کے ظاہر سے دھوکہ کھالیتا ہے جب کہ اس کا باطن مجہول ہوتا ہے۔(۲۱) بیع کی یہ دونوں قسمیں حرام ہیں اور یہی اصل ہے ہر اس بیع کی حرمت کی جس میں کسی قسم کا دھوکہ پایا جائے مثلاً ہوا میں پرندوں، پانی میں مچھلی اور جانور کے پیٹ میں بچے کا بیچنا وغیرہ۔(۲۲)

حضرت ابو ہریرہ ﷜ سے ایک اور روایت اس طرح مروی ہے:

((ان رسول اللّٰہ ﷺ نهى عن بيع الملامسة و المنابذة))(۲۳)

''آنحضرت ﷺ نے بیع ملامسہ اور بیع منابذہ سے منع فرمایا ہے۔''

زمانہ جاہلیت میں خرید و فروخت کا ایک طریقہ یہ تھا کہ جب بائع مشتری بیعہ کی قیمت لگاتے، نرخ طے کرتے تو اس دوران اگر اُن میں سے کوئی ایک دوسرے کے کپڑوں کو ہاتھ لگا تا تو بیع لازم ہو جاتی اور دوسرے کے لیے انکار کرنا ممکن نہ ہوتا اگر چہ وہ اس قیمت پر راضی نہ بھی ہوتا، اس کو بیع ملامسہ کہتے۔ اسی طرح ان کے ہاں ایک طریقہ یہ بھی رائج تھا کہ جب بائع و مشتری جب قیمت طے کرتے اور اس دوران بائع وہ شے مشتری کی طرف پھینک دیتا تو بیع لازم ہو جاتی اس کو منابذہ کہتے۔ (۲۴) بیع کی یہ دونوں قسمیں اسلام میں حرام ہیں۔ (۲۵)

مندرجہ بالا ان حرام معاشی سرگرمیوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہ طریقے ہیں کہ جن سے فطرتِ سلیمہ نفرت کرتی ہے۔ کیونکہ اس طرح کی معاشی سرگرمیاں یا تو رشوت پر مبنی ہوتی ہیں یا ان میں اپنے رسوخ و طاقت کا ناجائز فائدہ حاصل کیا جاتا ہے یا لوگوں کو دھوکہ اور فریب دینا ہوتا ہے یا لوگوں کے اموال کو باطل طریقوں سے ہتھیانا ہوتا ہے یا لوگوں کی ضرورت کی اشیاء میں من مانی ہوتی ہے اور یا ان کی حاجت و فقر سے ناجائز فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ (۲۶)

اس قسم کی معاشی سرگرمیاں اسلام مندرجہ ذیل تین فوائد کے پیش نظر ناجائز ٹھہراتا ہے:

(ا) تاکہ لوگوں کے مابین اقتصادی اور معاشی تعلقات، بغض، عداوت، نفرت، ظلم اور دھوکے کی بجائے باہمی تعاون، رحم دلی، مہربانی، صداقت، امانت اور عدل کی بنیادوں پر قائم ہوں۔ (۲۷)

(ب) تاکہ لوگ مال کمانے اور اس کو ثمر آور بنانے کے لیے اپنی محنت صرف کرتے رہیں نہ کہ بغیر معاشی جدوجہد کے دوسروں کے استحصال سے اپنی تجوریاں بھرتے رہیں۔ (۲۸)

(ج) تاکہ معاشرے میں طبقاتی کشمکش کا سدباب ہو اور باوسیلہ طبقات کے پاس ڈھیروں ساری دولت جمع

ہونے کے دروازے بند کیے جائیں، اس لیے کہ حلال ذرائع سے جو نفع کمایا جاتا ہے وہ عموماً معقول اور معتدل ہوتا ہے۔ یہ بے شمار دولت کے خزانے اکثر حرام ذرائع آمدن کا نتیجہ ہوتے ہیں۔(۲۹)

بازار و منڈی کی تنظیم

دوسرے مقصد یعنی معاشرتی بہبود اور اقتصادی توازن کو حاصل کرنے کے لیے اسلام جو پابندیاں عائد کرتا ہے وہ بازار و منڈی کے نظم و ضبط اور اس کو عدل و انصاف پر قائم رکھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔ اسلام اس بات کو حقیقی اہمیت دیتا ہے کہ سامانِ تجارت کے لیے جو منڈی موجود ہے وہ سامان کے معیار اور اس کے مبنی بر عدل نرخ کے اعتبار سے آزاد ہو۔ اس حیثیت سے اسلام کچھ اخلاقی اور تشریعی ضوابط مقرر کرتا ہے تاکہ بازار و منڈی میں صحت مند مسابقت کار۔ رجحان مضبوط ہو اور تجارت و صنعت ترقی کی راہ پر گامزن ہو۔(۳۱)

اس قسم کے ضوابط و قوانین کو بطور مثال کے نہ کہ بطورِ حصر کے ذیل میں بیان کیا جاتا ہے۔ اس لیے کہ یہ موضوع متعدد قوانین کے متقاضی ہے کیونکہ معاملات کے قوانین مصالح کے حصول، مقاصد کے وجود، مفاسد کے ازالے اور مضار کے دفعیہ پر مبنی ہوتے ہیں، جب کہ شریعت اسلامی عدل کے قیام اور ظلم کے سدباب پر قائم ہے۔ چنانچہ ان قوانین کا اجمالی بیان حسب ذیل ہے۔

(i) سامانِ تجارت کی رسد یعنی اس کا بازار تک پہنچانا لازم ہے اور مالک کو یہ سہولت دینا کہ وہ اپنا سامان متعلقہ منڈی تک لے جائے اور وہاں پر اس کے نرخ کو جان سکے بایں طور کہ پیدا کار اور صارف کے درمیان واسطے کم ہوں اور بہت سارے ہاتھوں سے ہوتے ہوئے سامان پر زائد اخراجات کا بار صارف پر نہ پڑے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن عباس ؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

((لا تلقوا الركبان ولا يبيع حاضر لباد ، قال : قلتُ لا بن عباس رضى الله عنه ما قوله " لا يبيع حاضر لباد"؟ قال : لا يكون له سمسارا))(۳۲)

''رسد لانے والے قافلوں کا بازار سے باہر استقبال نہ کیا جائے اور نہ شہری دیہاتی کے لیے

بیچے۔ راوی کہتا ہے: میں نے ابن عباس ﷺ سے پوچھا شہری و یہاتی کے لیے نہ بیچے، سے کیا مراد ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: شہری دیہاتی کا دلال نہ بنے۔"

دلال درحقیقت وکیل بالبیع یا وکیل بالشراء ہوتا ہے اور وکالت کی یہ دونوں قسمیں جائز ہیں نیز دلالی اور اس کی اجرت و مزدوری کو اگرچہ فقہاء کرام نے تعامل و حاجت کی بنیاد پر جائز قرار دیا ہے۔(۳۳) لیکن جب کوئی شخص شہرو منڈی سے باہر جا کر مال تجارت لانے والے قافلے کے ساتھ ملے گا اور ساری رسد کو قبضہ کر لے گا تو اس سے عامۃ الناس کو ضرر لاحق ہوگا اور طلب و رسد کا توازن بگڑے گا اس لیے حدیث میں اس سے منع کیا گیا ہے۔ موجودہ دور میں درآمد و برآمد کی تجارتوں میں دلالوں کے ذریعے سودے طے کیے جاتے ہیں جس سے ایک شے کا سودا بسا اوقات بیسیوں بار ہوتا ہے اور اس کی قیمت کہیں سے کہیں پہنچ جاتی ہے۔

مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ فرماتے ہیں:

ثم ان احادیث النهی عن بیع الحاضر للبادی تدل علی ان الاسلام یستحسن ان لا تکون بین البائع والمشتری وسائط او تکون قلیلة جدا. فانه کلما کثرت الوسائط بین البائع والمشتری ازداد الثمن علی المستهلکین، فما یسمیه علماء الاقتصاد الیوم "الرجل المتوسط" مما لا یستحسنه الاسلام الا اذا اشتدت الحاجة الیه. فالسمسرة وان کانت جائزة ولکن الاکثار من الوسائط بین الصانع والمستهلک مما لا یشجع علیه السلام وانما یشجع علی التقلیل منها . (۳۴)

''بیع الحاضر للبادی'' سے نہی والی احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ اسلام چاہتا یہ ہے کہ بائع اور مشتری کے درمیان واسطے نہ ہوں یا بہت ہی کم ہوں، اس لیے کہ جب بائع اور مشتری کے درمیان واسطے زیادہ ہو جائیں گے تو صارفین کے لیے قیمت زیادہ ہوتی جائے گی۔ آج کل جس کو معاشی ماہرین Middle Man کہتے ہیں اس کو اسلام بہتر نہیں سمجھتا مگر یہ کہ سخت ضرورت پیش آئے۔ پس دلالی گو کہ جائز ہے لیکن اسلام پیدا کار اور صارفین

کے درمیان واسطوں کی کثرت کی نہیں بلکہ ان کو کم کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔''

(ii) بازار اور منڈی کی تنظیم سے متعلق اسلام کا دوسرا اصول یہ ہے کہ سامان تجارت کو امانت وصداقت کے ساتھ فروخت کے لیے پیش کرنا واجب ہے مشتری سے زیادہ دام لینے کی غرض سے نمائشی طور پر نرخ بڑھانا حرام ہے چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں:

((نهى رسول الله ﷺ عن النجش))(۳۵)

''آنحضرت ﷺ نے نجش سے منع فرمایا ہے۔''

نَجش کا مطلب یہ ہے کہ جب بائع اور مشتری کسی چیز کی قیمت لگا رہے ہوں اور تیسرا شخص ویسے یا بائع کے ساتھ گٹھ جوڑ کر کے اس چیز کی قیمت مشتری کی پیش کش سے زیادہ بتائے، وہ اس کو خریدنا تو نہیں چاہتا البتہ مشتری کو جھوٹی رغبت دلا کر زیادہ دام دینے پر مائل کرتا ہے۔ چونکہ اس صورت میں نمائشی قیمت بڑھائی جاتی ہے جس سے بازار و منڈی کے معاملات میں امانت وصداقت مشکوک ہو جاتی ہے۔ اس لیے یہ حرام ہے۔(۳۶)

(iii) اس سلسلے میں تیسرا اصول یہ ہے کہ بازار و منڈی سے وزن، کیل اور ناپ کا درست انضباط ہوتا کہ خریداروں کو ان کے حقوق بے کم وکاست ملیں اور وہ وزن و مقدار کی کمی اور حق تلفی کے شکار نہ ہوں۔

جو تاجر اشیاء کی مقدار میں خیانت کے مرتکب ہوتے ہیں اسلام میں ان کے لیے سخت تاکیدی اور تہدیدی احکامات موجود ہیں۔ انسانوں میں عام طور پر معاملات اور لین دین کا کاروبار دیانت کی بنیاد پر چلتا ہے۔ جہاں یہ دیانت ختم ہو جاتی ہے وہاں معاشرے میں عام انتشار اور فساد سرایت کر جاتا ہے۔ چنانچہ قرآنِ کریم بتاتا ہے کہ شعیب علیہ السلام کی قوم کی سب سے بڑی خرابی جس کی وجہ سے دُنیا میں بڑا فساد پھیلا یہی تھی کہ وہ لوگ ناپ تول میں کمی کرتے تھے۔ یہ اتنی بڑی خرابی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو عذاب میں مبتلا کر دیا۔ جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَاءَ هُمْ وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴾(۳۷)

''سو پوری کرو ماپ اور تول اور مت گھٹا کر دو لوگوں کو ان کی چیزیں اور مت خرابی ڈالو زمین میں اس کی اصلاح کے بعد۔ یہ بہتری ہے تمہارے لیے اگر تم ایمان والے ہو۔''

دوسری جگہ ارشاد ہے:

﴿ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّي اَرٰكُمْ بِخَيْرٍ وَاِنِّي اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُحِيْطٍ . وَيٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴾ (۳۸)

''اور نہ گھٹاؤ ماپ اور تول کو، میں دیکھتا ہوں تم کو آسودہ حال اور ڈرتا ہوں تم پر عذاب سے ایک گھیر لینے والے دن کے اور اے قوم پورا کرو ماپ اور تول کو انصاف سے اور نہ گھٹاؤ لوگوں کو ان کی چیزیں اور مت مچاؤ زمین میں فساد۔''

ان آیاتِ کریمہ سے معلوم ہوا کہ ناپ تول میں کمی ایک ایسی بڑی خیانت ہے کہ اس سے معاشرے میں عام فساد پھیلتا ہے۔ جب آدمی اپنا حق کم لینے کے لیے تیار نہیں ہوتا تو دوسروں کی اشیاء مقدار کے لحاظ سے گھٹانا کتنا بڑا اخلاقی دیوالیہ پن ہے۔ اس لیے اسلام بازار و منڈی کی تنظیم کے لیے وزن، کیل اور ناپ کے درست انضباط کو لازمی قرار دیتا ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں کو سخت تعزیری سزائیں دیتا ہے۔

(iv) چوتھا اصول یہ ہے کہ تمام لوگوں کو آسانی کے ساتھ ان کا مطلوبہ سامان ملے اور ذخیرہ اندوزی کی تمام قسموں کا استیصال ہو۔ ذخیرہ اندوزی کرنے والا اشیاء کی مصنوعی قلت پیدا کرتا ہے جس سے ان کی قیمتیں بڑھ جاتی ہیں۔ اسلام چونکہ مفادِ عامہ کو مفادِ خاصہ پر ترجیح دیتا ہے اس لیے اسلام میں ذخیرہ اندوزی کی قطعی اجازت نہیں ہے۔ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے:

((عن معمر بن عبد الله عن رسول ﷺ قال: لا يحتكر إلا خاطىء)) (۳۹)

''حضرت معمر بن عبداللہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ذخیرہ اندوزی گنہگار ہی کرتا ہے۔''

ایک دوسری حدیث شریف میں آنحضرت ﷺ نے ذخیرہ اندوزی کرنے والے کو لعنتی قرار دیا ہے۔ چنانچہ آپ ﷺ کا ارشاد ہے:

((عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال قال : رسول اللہ ﷺ الجالب مرزوق والمحتکر ملعون))(۴۰)

''حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: رسد بہم پہنچانے والے کو روزی ملتی ہے اور ذخیرہ اندوزی کرنے والا ملعون ہے۔''

ایک اور روایت میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ:

((من احتکر علی المسلمین طعاماً ضربه الله بالجذام والافلاس)) (۴۱)

''جس نے مسلمانوں سے غلہ واناج کی ذخیرہ اندوزی کی تو اللہ تعالیٰ اس پر جذام اور تنگ دستی مسلط کر دے گا۔''

فقہاء کرام کے ہاں ذخیرہ اندوزی کی حرمت کے بارے میں دو طرح کا اختلاف ہے ایک یہ کہ ذخیرہ اندوزی کب حرام ہے اور دوسری یہ کہ کن اشیاء کی ذخیرہ اندوزی حرام ہے۔ شوافع کے نزدیک گرانی کے وقت ذخیرہ اندوزی حرام ہے جیسا کہ ابن حجر الہیثمی رحمہ اللہ (المتوفی ۹۷۴ھ) لکھتے ہیں کہ:

''حرام ذخیرہ اندوزی وہ ہے کہ کوئی شخص گرانی کے وقت اشیاء خرید کر روکے رکھے تا کہ ان کو مزید مہنگا بیچے۔''(۴۲)

حنابلہ کے مذہب کو ابن قدامہ رحمہ اللہ (المتوفی ۶۲۰ھ) بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

''اگر کسی نے ارزانی وفراوانی کے وقت کوئی چیز روکے رکھی اور اس سے لوگوں کو تنگی نہ پیش آ رہی ہو تو یہ حرام نہیں''۔(۴۳)

دیگر ائمہ کے نزدیک:

''اگر ذخیرہ روکے رکھنے کا مقصد یہ ہو کہ اس کو اس وقت بازار میں لائے گا جب کہ نرخ بڑھ جائے تو یہ حرام ہے چاہے اس نے اس کو ارزانی کے وقت خریدا ہو یا گرانی کے وقت۔ (۴۴)

دوسرا اختلاف اس میں یہ ہے کہ کن اشیاء کی ذخیرہ اندوزی حرام ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ ذخیرہ اندوزی کی حرمت صرف انسانوں کی خوراک کی اشیاء کے ساتھ مختص جانتے ہیں (۴۵)

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ اس کو انسانوں کے ساتھ مال مویشیوں کی خوراک کی اشیاء کے ساتھ مقید کرتے ہیں۔ (۴۶)

حنابلہ کے نزدیک بھی ذخیرہ اندوزی کی حرمت غدائی اجناس کے ساتھ خاص ہے۔ چنانچہ ان کے نزدیک بادام، حلوا، شہد، تیل اور مویشیوں کے چارے کی ذخیرہ اندوزی حرام نہیں۔ (۴۷)

البتہ مالکیہ کے نزدیک ہر اس چیز کی ذخیرہ اندوزی حرام ہے جس کے روکے رکھنے سے لوگوں کو تنگی پیش آ رہی ہو۔ (۴۸)

امام ابو یوسف رحمہ اللہ (المتوفی ۱۸۲ھ) کے نزدیک ہر اس چیز کی ذخیرہ اندوزی حرام ہے جس کے روکے رکھنے سے لوگوں کو ضرر لاحق ہو چاہے وہ غذائی مواد ہو یا سونا، چاندی اور کپڑا۔ (۴۹)

یہی قول ابن رشد المالکی رحمہ اللہ (المتوفی ۵۲۰ھ) سے بھی منقول ہے۔ (۵۰)

علامہ شوکانی رحمہ اللہ (المتوفی ۱۲۵۰ھ) کہتے ہیں ذخیرہ اندوزی کی ممانعت میں وارد احادیث کے ظاہر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ذخیرہ اندوزی انسانوں کی خوراک، مویشیوں کے چارے اور ان کے علاوہ تمام اشیاء ضروریہ میں حرام ہے اور بعض احادیث میں جو اناج کی تصریح ہے تو یہ مطلق روایات کو مقید نہیں کرتی۔ (۵۱)

مفتی محمد تقی عثمانی کے مطابق اناج کے علاوہ دیگر اشیاء کی ذخیرہ اندوزی کی ممانعت حاکم وقت کی رائے کے سپرد ہے اگر وہ اس کو اناج میں ذخیرہ اندوزی جیسے ضرر کے برابر تصور کرے تو اس کو روکے ورنہ چھوڑ دے۔

آپ لکھتے ہیں:

ان حرمة احتكار الطعام ثابتة بالحديث من غير شک فكان امرا تشريعيا معمولا به إلى الأبد لان حاجة الناس إلى الطعام اكثر منها إلى غيره واما احتكار الا شياء الاخرىٰ فيفوض إلى رأى الحاكم فان رأى فى احتكارها ضررًا شديدا نظير الضرر فى الطعام منعه وإلاَّ اجازه (۵۲)

''اناج کی ذخیرہ اندوزی کی حرمت احادیث سے بلا شک ثابت ہے۔اس لیے یہ ایک شرعی حکم ہے اور اس پر ہمیشہ عمل ہوگا کیونکہ اناج کی طرف لوگوں کی حاجت دیگر اشیاء سے زیادہ ہے۔رہی دیگر اشیاء میں ذخیرہ اندوزی تو یہ حاکم کی رائے کے سپرد ہے۔اگر وہ دیکھے کہ ان اشیاء میں اناج جیسا ضرر ہے تو منع کرے ورنہ اجازت دے۔''

(۷) پانچواں اصول یہ ہے کہ بازار و منڈی میں جو لین دین اور خرید و فروخت ہو اس میں غیر مملوک اور غیر مقبوض کی بیع کی ممانعت ہو، اس لیے کہ اس طرح قمار و سٹہ کو رواج ملتا ہے جس سے اشیاء کی قیمتیں مہنگی ہو جاتی ہیں۔(۵۳)

غیر مملوک کے بارے میں حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت ہے کہ اُنہوں نے آنحضرت ﷺ سے پوچھا کہ میرے پاس کوئی شخص آتا ہے اور مجھ سے ایسی چیز خریدنا چاہتا ہے جو میرے پاس نہیں ہوتی لیکن اس کے ساتھ بیع کر کے بعد میں خرید کر کے اس کے حوالہ کر دوں تو کیا یہ جائز ہے؟ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

((**لا تبع ما ليس عندک**))(۵۴) ''جو چیز تمہارے پاس نہ ہو اس کو نہ بیچ۔''

غیر مملوک کی بیع ائمہ اربعہ کے نزدیک جائز نہیں۔ابن قدامہ رحمہ اللہ (المتوفی ۶۲۰ھ) فرماتے ہیں:

''غیر مملوک کی بیع کے جواز کا کوئی بھی امام قائل نہیں۔''(۵۵)

غیر مقبوض کی بیع کے بارے میں آنحضرت ﷺ سے مندرجہ ذیل روایات مروی ہیں:

((عن ابن عباس ﷺ قال : قال رسول الله ﷺ من ابتاع طعاما فلا يبعه حتى يقبضه)) (٥٦)

''حضرت ابن عباس ﷺ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: جس نے اناج خریدا تو وہ اس کو نہ بیچے تا آنکہ اس کو قبضہ کرلے۔''

((عن ابن عمر ﷺ انّ النبیّ ﷺ قال:من ابتاع طعاماً فلا يبعه حتى يستو فيه)) (٥٧)

''حضرت ابن عمر ﷺ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: جس نے اناج خریدا وہ اس کو نہ بیچے حتیٰ کہ اس کو پورا پورا قبضہ کرلے۔''

امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کے نزدیک ہر قسم کی منقولی اشیاء کی بیع قبل القبض حرام ہے البتہ غیر منقولی اشیاء مثلاً زمین وغیرہ کی بیع قبل القبض جائز ہے۔(٥٨)

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک صرف اناج میں سے مکیلی اور موزونی اشیاء کی بیع قبل القبض ناجائز ہے دیگر اشیاء میں مطلقاً بیع قبل القبض جائز ہے۔ البتہ مالکیہ میں سے ابن الماجشون (المتوفی ٢١٢ھ) اور ابن الحبیب (المتوفی ٢٣٨ھ) نے فرمایا ہے کہ بیع قبل القبض اناج کی طرح ہر مکیلی، موزونی اور معدودی اشیاء میں حرام ہے(٥٩)

امام شافعی اور حنفیہ میں سے امام محمد رحمہما اللہ (المتوفی ١٨٩ھ) کے نزدیک ہر چیز کی بیع قبل القبض حرام ہے وہ اناج ہو یا اس کے علاوہ اور منقولی ہو یا غیر منقولی۔

آج کل بازار و منڈی میں غیر مملوک اور غیر مقبوض کی خرید وفروخت بڑے پیمانے پر ہوتی ہے جو کہ قمار و سٹہ ہے اور جس سے مصنوعی گرانی پیدا ہوتی ہے۔ چنانچہ مفتی محمد تقی عثمانی فرماتے ہیں:

وقد ظهرت فى زماننا حكمة اخرى لهذا الحكم وهى ان البيع قبل القبض فى زماننا يحدث الغلاء فى السوق ، وكثيرا ما يفعله تجّار زماننا فى التجارة الدولية فنشاهد اليوم ان الباخرة تجرى بالبضائع من اليا بان مثلاً

فيبيعه الذى يصدره إلى غيره ثم هو إلى ثان و الثانى إلى ثالث وهكذا ، فتجرى على البضاعة الواحدة بياعات ربما تجاوز عشرة كل ذلك قبل وصول الباخرة إلى الميناء وينتج ذلك ان البضاعة التى كان قيمتها بضع روبيات فى اليابان لا تصل إلى سوق بلادنا الابعد ما تصير قيمتها مائة او اكثر لان كل تاجر يشتيريها قبل الوصول يبيعها بربح إلى غيره و تصير الارباع كلها بايدى تجار معدودين ويصير الغلاء نصيب العامة ، ولا حول ولا قوة الا بالله ، ولوانّهم عملوا بأمر النبى ﷺ لم يبيعوا البضائع حتى تصل إلى البلاد حتى يقبضونها البائع فتقل الارباع المتوسطة وترخص الاثمان فى السوق. (٦١)

''ہمارے زمانے میں اس حکم کی ایک اور حکمت ظاہر ہوئی ہے اور وہ یہ کہ ''بیع قبل القبض'' بازار میں گرانی پیدا کرتی ہے۔ بین الاقوامی تجارت میں بہت سارے تاجر اس زمانے میں ایسا ہی کرتے ہیں۔ آج کل ہم دیکھتے ہیں کہ کوئی سمندری جہاز سامان کو لے کر مثلاً جاپان سے روانہ ہوتا ہے تو درآمد کنندہ اس کو دوسرے کے ہاتھ بیچتا ہے۔ دوسرا اسے تیسرا کے ہاتھ بیچتا ہے اور اس طرح سلسلہ چلتا رہتا ہے۔ ایک ہی سامان کی کئی بار فروخت ہوتی ہے جو بسا اوقات دس بار سے تجاوز کرتی ہے۔ یہ ساری بیوع جہاز کے بندرگاہ تک پہنچنے سے پہلے ہوتی ہیں۔ نتیجتاً سامان کی قیمت جو جاپان میں چند روپے تھی وہ جب ہمارے شہروں میں پہنچتا ہے تو اس کی قیمت سو یا اس سے بھی زیادہ ہو جاتی ہے کیونکہ ہر تاجر سامان پہنچنے سے پہلے نفع لے کر بیچتا ہے اور یہ سارے منافع گنتی کے چند تاجروں کے ہاتھ میں ہوتے ہیں اور گرانی عام لوگوں کے حصہ میں آتی ہے۔ اگر یہ لوگ آنحضرت ﷺ کے حکم پر عمل کرتے اور سامان کے پہنچنے اور بائع کا قبضہ قائم ہونے سے پہلے نہ بیچتے تو درمیانی منافع کم ہو جاتے اور بازار میں قیمتیں ارزاں ہو جاتیں۔''

(vi) بازار و منڈی کی تنظیم اور اجتماعی بہبود کے لیے اسلام کا چھٹا اصول بازار کے نرخوں سے تعلق رکھتا ہے۔ یعنی بازار میں فروخت کے لیے لائے ہوئے سامان کے نرخوں کی نگرانی کرنا، مناسب نرخ سے زیادتی کو روکنا اور جب حاجت و ضرورت ہو تو اس کے لیے نرخ بندی کر کے تاجروں پر اس کو لازم کرنا تاکہ ارزانی کا وجود اور ظلم کا سدباب ہو کر عدل کے تقاضے پورے کیے جا سکیں۔

اسلام نرخوں کے بگاڑ، ان میں من مانی کرنے، تلقی رکبان اور ذخیرہ اندوزی کی تمام قسموں کو اس لیے حرام قرار دیتا ہے کہ بازار و منڈی آزاد ہو اور اس میں طلب و رسد کے فطری قوانین جاری ہوں۔ یہ وہ امور ہیں جو ولی الامر کو نرخوں کی نگرانی، بازاروں پر نظر رکھنے اور ان کے طریقہ کار کو درست کرنے کا حق عطا کرتا ہے۔ اسلام اس بات کا اہتمام کرتا ہے کہ ہر مسلمان کی آمدن حلال اور طیب ہو جو اس نے معروف طریقے اور مبنی بر عدل نرخوں کے ذریعے حاصل کیا ہو اور لوگوں کی حاجات کے استحصال اور دو چند قیمتوں کی وصولی سے پاک ہو۔ چنانچہ جب کوئی تاجر نرخوں کے عرف کے مطابق عدل و انصاف والے نرخ سے عدول کرے تو یہ حق کے دائرے سے نکل کر معاشرے کو ضرر پہنچانے والا بن گیا اس لیے نرخ بندی کر کے اس کے ہاتھ کو روکنا، عدل و انصاف کا اس کو پابند کرنا اور ضرر سے منع کرنا واجب ہوگا۔ (۶۲)

نرخ بندی (تسعیر) قدیم سے ایک نزاعی مسئلہ چلا آ رہا ہے اس لیے کہ بعض احادیث میں اس کی ممانعت وارد ہوئی ہے۔ (۶۳) لیکن اکثر فقہاء کرام نے عمومی مصلحت کا لحاظ رکھتے ہوئے اس کی اجازت دی ہے اور فرمایا ہے کہ اگر تاجر اشیاء کی قیمتوں میں من مانی کرتے ہوں اور قیمت میں بہت زیادہ تجاوز کے مرتکب ہوں تو نرخ بندی لازم ہو گی۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

> **فان كان ارباب الطعام يتحكون ويتعدون عن القيمة تعد يا فاحشا وعجز القاضي عن صيانة حقوق المسلمين الابالتسعير فحينئذ لابأس به بمشورة أهل الرأى والبصيرة.** (۶۴)

> ”اگر اناج کے مالک من مانی کرتے ہوں اور قیمت سے بہت زیادہ تعدی کے مرتکب ہوں اور قاضی مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت سے تسعیر کے بغیر عاجز ہو جائے تو اس وقت

اہل رائے اور اصحاب بصیرت کے مشورے سے نرخ بندی میں کوئی حرج نہیں۔''

غمز عیون البصائر میں لکھا ہے:

واجازا المالكية والحنفية للإمام تسعير الحاجيات دفعاً للضرر عن الناس بان تعدى اصحاب السلعة عن القيمة المعتادة تعد يافاحشا، فلا بأس حينئذ بالتسعير بمشورة اهل الرأى والبصر دعاية لمصالح الناس والمنع من اغلاء السعر عليهم والإفساد عليهم ومستندهم فى ذلك القواعد الفقهية لاضرر ولاضرار ، والضرر يزال ، ويتحمل الضرر الخاص لمنع الضرر العام. (٦٥)

''لوگوں سے ضرر کو دور کرنے کے لیے، مالکیہ اور حنفیہ نے امام کے لیے اشیاء ضروریہ کی نرخ بندی کی اجازت دی ہے۔ جب سامانِ تجارت کے مالکان عادی قیمت سے تعدی فاحش کرنے لگ جائیں تو لوگوں کی مصلحت کی رعایت کرتے ہوئے اور ان پر نرخوں کے گراں کرنے اور فساد سے منع کرتے ہوئے اہل رائے اور اصحابِ بصیرت کے مشورے سے نرخ بندی میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اس مسئلے میں ان کی دلیل یہ قواعد فقہیہ ہیں۔ نہ تو ضرر اٹھانا ہے اور نہ دوسروں کو ضرر پہنچانا ہے۔ ضرر کو زائل کیا جائے گا اور خاص ضرر کو عام ضرر دور کرنے کے لیے برداشت کیا جائے گا۔''

چنانچہ سعودی عرب کے چوٹی کے علماء کی مجلس ''**اللجنة الدائمة لبحوث العلمية والافتاء**'' نے نرخ بندی کے شرعی جواز پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے:

ان مصلحة الناس اذا لم تتم الاّ بالتسعير فعلى ولى الأمر ان يسعر عليهم (٦٤)

''اگر لوگوں کی مصلحت نرخ بندی کے بغیر پوری نہ ہوتی ہو تو ولی الامر پر لازم ہے کہ نرخ بندی کر لے۔''

معاشِ کاروبار میں حکومت کی دخل اندازی

مذکورہ بالا بحث سے معلوم ہوا کہ اسلام نہ تو سرمایہ دارانہ نظام کی طرح بے قید معاشی آزادی کا تصور رکھتا ہے اور نہ ہی سوشلزم کی طرح تمام ذرائع معاش کو ریاست کی اجتماعی ملکیت میں دے کر معاشی آزادی کو بالکلیہ ختم کرتا ہے۔ البتہ وہ گزشتہ ان دو قسم کی پابندیوں کو بروئے کار لانے کے لیے حکومت کو حق دیتا ہے کہ وہ دخل انداز ہو کر تمام معاشی سرگرمیوں کی نگرانی کرے اور تجارت وصنعت کو ان پابندیوں کے مطابق چلا کر معاشرے کی اجتماعی بہبود، حلال وطیب کاروبار اور بازار و منڈی کی تنظیم کو یقینی بنائے۔

گزشتہ سطور میں آنحضرت ﷺ سے جو معاشی ہدایات، تعلیمات اور ضوابط نقل کیے گئے ہیں ان کی حیثیت محض معاشی مشوروں کی نہیں بلکہ یہ احکامات آپ ﷺ نے شارع اور ولی الامر کی حیثیت سے دیئے تھے، نیز یہ احکامات اسلامی ریاست کے وجود میں آنے کے بعد جاری ہوئے تھے جس سے ان احکامات کا تعلق ریاست وحکومت سے قائم ہو جاتا ہے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

> رأیت الناس فی عهد رسول الله ﷺ اذا ابتاعوا طعاماً جزافاً یضربون ان یبیعوه فی مکانهم ذلک حتی یؤووه إلی رحالهم .(٦٧)
>
> ''میں نے آنحضرت ﷺ کے زمانے میں لوگوں کو دیکھا کہ جب وہ بغیر ماپ کے اناج خریدتے اگر اسی اجگہ اس کو بیچتے تو ان کو مارا جاتا تا آنکہ وہ اس کو قبضہ کر کے گھر منتقل نہ کرتے۔''

اس روایت سے معلوم ہوا کہ سرکاری کارندے آنحضرت ﷺ کے زمانے میں بیع قبل القبض کے ارتکاب پر سزا دیتے تھے۔ امام نووی (المتوفی ٦٧٦ھ) فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں اس بات کی دلیل ہے کہ جب کوئی بیع فاسد کا ارتکاب کرے تو ولی الامر اس کو تعزیراً جسمانی سزا دے کر بھی مار سکتا ہے۔ (٦٨)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت کے دوران مستحق لوگوں کے لیے بیت المال کے اناج میں سے

کچھ حصہ مقرر کر کے لکھ دیا اور حضرت حکیم بن حزام ﷛ نے وہ اناج لوگوں سے خرید کر قبضہ کرنے سے پہلے بیچا جس کی اطلاع حضرت عمر فاروق ﷛ کو ہوئی تو آپ ﷛ نے اس کی بیع رد کر دی اور فرمایا جس اناج کو تو نے خریدا ہو اس کو قبضہ کرنے سے پہلے نہ بیچ۔(۶۹)

ایک اور روایت میں امام مالک رحمہ اللہ بیان فرماتے ہیں کہ مروان بن الحکم کے دورِ خلافت میں مقام جار کے اناج میں سے لوگوں کے لیے رسیدیں لکھ دی گئیں تو لوگوں نے قبضہ کرنے سے پہلے ان کی خرید وفروخت شروع کر دی زید بن ثابت اور ایک دوسرے صحابی (حضرت ابو ہریرہ ﷛) مروان کے پاس گئے اور کہا: کیا تم ربا کو حلال کر رہے ہو؟ مروان نے جواب دیا، اللہ کی پناہ کیا ہوا؟ ان صحابہ کرام نے فرمایا یہ رسیدیں ہیں جن کو خرید کر قبضہ کرنے سے پہلے لوگ بیچ رہے ہیں۔ چنانچہ مروان نے اسی وقت سپاہیوں کو بھیجا جو لوگوں کے ہاتھوں سے ان رسیدوں کو لے کر مالکوں کو لوٹاتے تھے۔(۷۰)

بعض دیگر روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض مخفی قسموں سے لوگوں کو روکا جائے۔(۷۱)

یہیں سے اسلامی شریعت نے ولی الامر کے لیے معاشی سرگرمیوں کی نگرانی کی بنیادیں ڈال دی تھیں کہ وہ عمومی مصلحت کی حفاظت وحمایت کی خاطر افراد کی معاشی سرگرمیوں کی آزادیوں میں دخل انداز ہو اگر وہ آزادیاں معاشرے کی عمومی مصلحت کے ساتھ متصادم ہوں۔(۷۲)

نگرانی کا یہ فریضہ ولی الامر کے اس اختیار سے حاصل ہوتا ہے جو اس کو شریعت عطا کرتی ہے کہ وہ امورِ مملکت میں مصلحت عامہ کے تقاضوں کے موافق تصرف کرے اور معاشی سرگرمیوں میں دخل انداز ہو کر بازار، اس کے نظام اور نرخوں کی تعدیل کر کے عدل وانصاف کے تقاضے پورے کرے جس کا ذمہ دار اس کو اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے(۷۳)

حتی کہ بعض اوقات مصلحتِ عامہ کا تقاضہ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ کسی کی منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد سے اس کی ملکیت کو زائل کر کے اس کو اس کی عادلانہ قیمت یا کرایہ ادا کر دیا جائے۔(۷۴)

بازاروں کی اس نگرانی اور معاشی تنظیمی میدان میں دخل اندازی کا یہ نظام ولایتِ حسبہ کے تحت آتا ہے۔

ولایتِ حسبہ

حسبہ کی تاریخ کا آغاز اسلام میں اس کے اوّلیں عہد سے ہے۔ آنحضرت ﷺ بعض اعمال حسبہ خود بجالاتے تھے اور بازاروں کا چکر لگا کر لوگوں کو خرید و فروخت میں ملاوٹ، کھوٹ اور دھوکے سے منع فرماتے تھے۔ (۷۵) حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں:

> **ان رسول ﷺ مرَّ علی صبرة طعام فأدخل يده فنالت اصابعه بللا، فقال : ياصاحب الطعام ما هذا؟ قال : اصابته السمآء يا رسول الله . قال : أفلا جعلته فوق الطعام حتى يراه الناس. ثم قال : من غشّ فليس منا. (۷۶)**

> ''آنحضرت ﷺ کا گزر اناج کے ایک ڈھیر پر ہوا جس میں آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ مبارک داخل کیا تو آپ ﷺ کی انگلیوں نے تری محسوس کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اناج والے یہ کیا ہے؟ اس نے جواب دیا اس کو بارش لگی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو اس کو اناج کے اوپر کیوں نہ رکھا تاکہ لوگ اسے دیکھ لیں پھر فرمایا: جس نے دھوکہ دیا وہ ہم میں سے نہیں۔''

حسبہ کے خصوصی اہتمام کے پیش نظر آنحضرت ﷺ نے اس کام میں بعض دیگر صحابہ کرامؓ کو بھی شریک کیا تھا اور ان کی تقرری بازار کے عامل کے طور پر کر دی تھی۔ جیسا کہ علی الحلبی (المتوفی ۱۰۴۴ھ) سیرتِ حلبیہ میں لکھتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فتح مکہ کے بعد سعد بن سعید بن العاصؓ کو مکہ مکرمہ کے بازار اور حضرت عمر بن الخطابؓ کو مدینہ منورہ کے بازار کا عامل مقرر کیا تھا۔ (۷۷)

انفرادی حسبہ کی ذمہ داریاں تو مکی دور میں بھی جاری تھیں البتہ ولایتِ حسبہ جو ریاست کا ایک ادارہ ہوتا ہے کی ذمہ داریاں مدینہ منورہ میں قیام ریاست کے بعد وجود میں آئی تھیں، کیونکہ سیاسی اختیار و اقتدار کے بعد ولایتِ حسبہ کا آغاز ایک طبعی امر ہے۔ (۷۸)

حافظ ابن حجر العسقلانی (المتوفی ۸۵۲ھ) کے مطابق معمر بن عبداللہؓ کو آنحضرت ﷺ نے مدینہ منورہ کے

بازار میں جو مکان جاگیر کے طور پر عطا فرمایا تھا اس میں عامل سوق بیٹھا کرتا تھا۔(۷۹) یعنی دورِ رسالت میں عامل سوق کے لیے با قاعدہ دفتر ہوا کرتا ہے

ابن الاخوہ القرشی (المتوفی ۷۲۹ھ) فرماتے ہیں کہ حسبہ امورِ دینیہ کے بنیادی اصولوں میں سے ہے، چونکہ اس کی صلاحیت عام اور ثواب بہت زیادہ ہے اس لیے صدرِ اسلام میں خلفاء اس ذمہ داری کو بنفس نفیس ادا کرتے تھے۔(۸۰)

عاملِ سوق کی ذمہ داریاں

اسلامی تاریخ کے تمام ادوار میں صاحب السوق، عامل السوق اور محتسب کی اصطلاحات ملتی ہیں۔ یہ تمام نام اس شخص کے ہوتے تھے جو بازاروں کی نگرانی کرتا تھا۔ اسے یہ اہتمام کرنا پڑتا تھا کہ تاجر اور اس کے کارندے مکاری سے کام نہ لیں، گاہک کو دھوکہ نہ دیں اور نہ زیادہ دام لیں۔ اسے یہ بھی دیکھنا پڑتا تھا کہ سوداگر ایسا لین دین نہ کریں جس کا تعلق حرام کاروبار سے ہو، جو تاجر منظور شدہ نرخ سے زیادہ دام وصول کرتا تھا اسے محتسب نہ صرف سمجھاتا تھا بلکہ سزا بھی دیتا تھا۔

الماوردی (المتوفی ۴۵۰ھ) نے محتسب کے اختصاصات اور ذمہ داریوں کو بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کر دیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اگرچہ ہر مسلمان کا فریضہ ہے، لیکن عام مسلمانوں پر یہ فرض کفایہ ہے جب کہ محتسب پر ولایتِ حسبہ کے حکم کی وجہ سے فرض عین ہے۔ لوگ اس سے ان امور کے بارے میں مدد بھی طلب کریں گے اور وہ حسبہ کی ذمہ داریوں کی بنیاد پر بیت المال سے با قاعدہ تنخواہ بھی وصول کرے گا چنانچہ محتسب بازاروں کی نگرانی کرے گا، لوگوں کو خرید و فروخت میں کھوٹ، ملاوٹ اور دھوکے سے روکے گا، وزن، ناپ تول اور کیل میں کمی اور حق تلفی کا سدِ باب کرے گا، پیشہ ور اور اہل حرفہ صنعت کی نگرانی کرے گا کہ وہ گھٹیا مال نہ بیچیں۔ اطباء، معلمین، وکلاء انجینئرز، قصابوں اور نجاریں وغیرہ کا احتساب کرے گا۔ ان میں جو امانت و دیانت والے ہوں ان کو اپنے کام پر بحال رکھے گا اور جن کی خیانت ظاہر ہو جائے ان کو کاروبار سے نکال کر باہر کر کے لوگوں میں مشتہر کرے گا تا کہ ناواقف لوگ ان سے دھوکہ نہ کھائیں۔(۸۲)

ڈاکٹر محمد کمال عطیہ لکھتے ہیں کہ اسلام نے بازار کی تنظیم کا اہتمام کرکے اس کے لیے آداب اور نظام کو وضع کیا اور محتسب یعنی عامل سوق کو یہ ذمہ داری سپرد کی کہ وہ بازاروں میں شریعت اسلامیہ کے احکامات کے نفاذ کو یقینی بنائے۔ چنانچہ اس حوالے سے محتسب کے اہم فرائض حسب ذیل ہیں:

① عام بازاروں میں آداب واقدار کی نگرانی کرنا۔

② دھوکہ، کھوٹ، ملاوٹ، حرام عقود اور ذخیرہ اندوزی کا سدِباب کرنا۔

③ اوزان اور ناپ تول کی نگرانی کرنا۔

④ نانبائیوں، قصائیوں اور کھانے پینے کی اشیاء فروخت کرنے والوں کی نگرانی کر کے حفظانِ صحت کے اُصولوں کا خیال رکھنا۔

⑤ پانچوں نمازوں، عید و جمعہ کی نمازوں کا اہتمام کرانا۔

⑥ ان نزاعات کا فیصلہ کرنا جو بازاروں میں عموماً پیدا ہوتے ہیں۔

⑦ ضروری اشیاء کے نرخوں کی نگرانی کرنا۔

نظام حسبہ جس کو اسلام نے ایجاد کیا ہے نے نرخوں میں استحکام اور خریداروں اور فروشندوں کے درمیان رشتہ محبت و مؤدت کو پیدا کیا جو یورپ میں صلیبی جنگوں کے بعد ظہور پذیر ہوا۔(۸۳)

حواشی

۱۔ النبهانی، تقی الدین، النظام الاقتصادی فی الاسلام: ۲۰، ۲۱، ۳۰
۲۔ سورۃ القصص، ۷۷
۳۔ ابن الحاج المالکی، المدخل: ۴/۹۹
۴۔ حامد محمد ابو طالب، التنظیم القضائی الاسلامی: ۱۰۱۔۱۰۳
۵۔ بسیونی، سعید ابو الفتوح محمد، الحریۃ الاقتصادیۃ فی الاسلام واثرھا فی التنمیۃ: ۳۶
۶۔ العسال وفتحی عبد الکریم، النظام الاقتصادی فی الاسلام: ۷۸
۷۔ سورۃ البقرۃ: ۱۸۸
۸۔ سورۃ المطففین: ۱۔۵
۹۔ سورۃ البقرۃ: ۲۷۵
۱۰۔ سورۃ البقرۃ: ۲۷۶
۱۱۔ نووی، ریاض الصالحین، کتاب الامور المنھی عنھا، باب النھی عن الغش والخداع: ۰/۵
۱۲۔ الخطیب ولی الدین، مشکوٰۃ المصابیح، کتاب البیوع، باب الخیار، الفصل الاول: ۲۴۴
۱۳۔ ابن قدامہ، المغنی، ۴/ ۱۶۸، المقدسی، کتاب الفروع: ۴/۱۰۰
۱۴۔ حطاب، مواھب الجلیل: ۴/۳۴۲
۱۵۔ المقدسی، کتاب الفروع: ۴/۹۴
۱۶۔ نووی، المجموع: ۱۳/ ۲۷
۱۷۔ الدردیر المالکی، الشرح الصغیر: ۳/۱۶۰، ۱۶۱
۱۸۔ ابن قدامہ، المغنی: ۴/ ۱۷۵
۱۹۔ مسلم، الجامع الصحیح، کتاب البیوع، باب بطلان بیع الحصاۃ: ۲/۲
۲۰۔ نووی، اکامل شرح المسلم: ۲/۲
۲۱۔ ابن الاثیر، جامع الاصول: ۱/ ۵۲۷
۲۲۔ نووی، المجموع: ۹/ ۲۵۸۔۱۳/ ۲۷، الدردیر، الشرح الصغیر: ۳/۹۱

۲۳۔ مسلم، الجامع الصحیح، کتاب البیوع، باب ابطال بیع الملامسۃ والمنابذۃ: ۲/۲/۲

۲۴۔ ابن الہمام، فتح القدیر، ۶/ ۵۵، المرغینانی، ہدایہ: ۳/ ۵۶

۲۵۔ الدردیر، الشرح الصغیر: ۳/ ۹۳

۲۶۔ العسال وفتحی عبدالکریم، النظام الاقتصادی فی الاسلام: ۷۹

۲۷۔ عبدالسمیع المصری، التجارۃ فی الاسلام: ۴۴

۲۸۔ ابن خلدون، المقدمہ: ۳۸۲

۲۹۔ العسال وفتحی عبدالکریم، النظام الاقتصادی فی الاسلام: ۸۰

۳۰۔ دیکھیے سورۃ البقرۃ: ۲۷۵، سورۃ التوبۃ: ۳۴، سورۃ الحشر: ۷

سورۃ البقرۃ: ۲۱۹، سورۃ المائدہ: ۹۰۔ ان آیاتِ کریمہ میں سود، اکتناز وارتکازِ دولت اور جوئے وقمار کو حرام قرار دیا گیا ہے۔

۳۱۔ العسال وفتحی عبدالکریم، النظام الاقتصادی فی الاسلام: ۱۷۵

۳۲۔ مسلم، الجامع الصحیح، کتاب البیوع، باب تحریم بیع الحاضر للبادی: ۲/ ۴

۳۳۔ الشامی، ابن عابدین، ردالمحتار؛ ۵/ ۴۴

۳۴۔ عثمانی، مفتی محمد تقی، تکملہ فتح الملہم: ۱/ ۳۳۷

۳۵۔ مسلم، الجامع الصحیح، کتاب البیوع، باب تحریم النجش: ۲/ ۳

۳۶۔ المواق، التاج والاکلیل: ۴/ ۳۷۷، نووی، روضۃ الطالبین: ۳/ ۴۴

۳۷۔ سورۃ الاعراف: ۸۵

۳۸۔ سورۃ الھود: ۸۴، ۸۵

۳۹۔ مسلم، الجامع الصحیح، کتاب المساقات والزراعۃ، باب تحریم الاحتکار فی الاقوات: ۲/ ۳۱

۴۰۔ ابن ماجۃ، السنن، کتاب التجارات، باب الحکرۃ والجلب: ۲/ ۷۲۸۔۷۲۹

۴۱۔ المصدرالسابق۔

۴۲۔ ابن حجر الہیثمی، تحفۃ المحتاج: ۴/ ۲۱۷، ۲۱۸

۴۳۔ ابن قدامہ، المغنی: ۴/ ۲۴۴، ۲۴۵

۴۴۔ الطحطاوی، حاشیہ علی الدرالمختار: ۴/ ۳۰۰، المواق المالکی، التاج والاکلیل: ۴/ ۳۸۰

۴۵۔ نووی، المجموع: ۱۳/ ۴۶

۴۶۔ الطحطاوی، حاشیہ علی الدرالمختار: ۴/ ۳۰۰

۴۷۔ ابن قدامہ، المغنی: ۴/ ۲۴۵

۴۸۔ المواق المالکی، التاج والاکلیل: ۴/ ۳۸۰

۴۹۔ الحصکفی، الدر المختار: ۵/ ۲۸۲

۵۰۔ المواق المالکی، التاج والاکلیل: ۴/ ۳۸۰

۵۱۔ نووی، المجموع: ۱۳/ ۴۶

۵۲۔ عثمانی، مفتی محمد تقی، تکملۃ فتح الملہم: ۱/ ۶۵۸، ڈاکٹر مصطفیٰ مفلح القضاۃ، ابن ابی الدنیا کی کتاب اصلاح المال کی شرح میں لکھتے ہیں کہ موجودہ دور میں ذخیرہ اندوزی صرف اشیاء ضروریہ کی ہی نہیں ہوتی بلکہ صنعتی اور تجارتی اشیاء کی بھی ذخیرہ اندوزی ہوتی ہے۔ جب کہ سرمایہ دارانہ نظام نے اس کو ایک عالمی رنگ دیا ہے۔ بلاشبہ اسلام جس ذخیرہ اندوزی کو حرام ٹھہراتا ہے وہ ان تمام اقسام کی ذخیرہ اندوزی کو شامل ہے جن میں حرمت کی علت یعنی معاشرے کا ضرر ثابت ہو (مصطفیٰ مفلح القضاۃ، تحقیق ودراسۃ اصلاح المال لابن ابی الدنیا: ۱۱۳)

۵۳۔ موجودہ دَور میں بازارِ حصص (Stock Exchange) اور درآمد و برآمد کی تجارت میں غیر مقبوض مبیعات کی خرید و فروخت عام ہو رہی ہے جس کی وجہ سے اشیاء کی قیمتوں میں ایک تو استحکام نہیں رہتا مزید برآں عام گرانی پیدا ہو جاتی ہے۔ اسی طرح زمین کے پلاٹوں میں فائلوں کی خرید و فروخت ہوتی ہے جس کی زیادہ تر صورتیں غیر مملوک ہوتی ہیں۔ جس سے قیمتیں بڑھتی ہی رہتی ہیں اور غریب کیا بلکہ متوسط آمدنی کے افراد کے لیے ان تک رسائی ناممکن بنادی جاتی ہے۔ اسلام اس اصول کے تحت اس قسم کی صورتِ حال کا سدباب کرتا ہے۔

۵۴۔ نسائی، السنن، کتاب البیوع، باب بیع مالیس عند البائع: ۲/ ۲۲۵

۵۵۔ ابن قدامہ المغنی: ۴/ ۲۲۸

۵۶۔ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب البیوع، باب مایذکر فی بیع الطعام والحکرۃ: ۲/ ۲۸۶

۵۷۔ المصدر السابق، باب بیع الطعام قبل ان یقبض وبیع مالیس عندک: ۲/ ۲۸۰

۵۸۔ السرخسی، المبسوط: ۱۳/ ۹، الزیلعی تبیین الحقائق: ۴/ ۸۰، الکاسانی، بدائع الصنائع: ۵/ ۳۰۶

۵۹۔ حطاب، مواہب الجلیل: ۴/ ۳۸۴، الدردیر، الشرح الصغیر: ۳/ ۲۰۴

۶۰۔ امام شافعی، کتاب الام: ۳/ ۷۰، اختلاف الحدیث: ۲۶۹، ۲۷۰، ابن الہمام: فتح القدیر: ۵/ ۲۶۶

۶۱۔ عثمانی، مفتی محمد تقی، تکملۃ فتح الملہم: ۱/ ۳۵۴

۶۲۔ العسال وفتحی عبد الکریم، النظام الاقتصادی فی الاسلام: ۱۷۸

۶۳۔ مثلاً حضرت انس ﷺ کی روایت: **غلا السعر علی عهد رسول الله ، فقالوا یا رسول الله لو سعرت؟ فقال: ان**

اللّٰہ ھو الخالق القابض الباسط الرزاق المسعر وانی لا رجو ان القی اللّٰہ ولا یطلبنی احد بمظلمة ظلمتها اياه فی دم ولا مال (احمد بن حنبل، المسند: ۱۵/۶۴، ۶۵) امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہاں علت نہیں تسعیر نہیں بلکہ ظلم ہے۔ چونکہ آنحضرت ﷺ کے زمانے میں نرخوں کی گرانی میں تاجروں کا ہاتھ نہ تھا بلکہ وہ طلب و رسد کی فطری قوتوں کی بنیاد پر اپنے آپ چڑھ گئے تھے، ایسے حالات میں تسعیر کی اجازت نہیں البتہ جب تاجر ظلم کرنے لگ جائیں اور قیمت مثل سے زیادہ وصول کرتے ہوں تو تسعیر نہ صرف جائز بلکہ واجب ہوگی۔ (ابن تیمیہ، الحسبة فی الاسلام: ۲۶، ۲۷)

۶۴۔ المرغینانی، الہدایہ: ۴/ ۴۷۰، النسفی ابوالبرکات، کنز الدقائق، کتاب الکراھیة، فصل فی البیع: ۴۲۷

۶۵۔ الحموی، سید احمد بن محمد، غمز عیون البصائر: ۱/ ۲۵۷

۶۶۔ ھیئة کبار العلماء ابحاث: ۲/ ۵۰۱

۶۷۔ مسلم، الجامع الصحیح، کتاب المساقات والزراعة، باب بطلان بیع المبیع قبل القبض: ۲/ ۵

۶۸۔ نووی، الکامل شرح المسلم: ۲/ ۵

۶۹۔ مالک بن انس، المؤطا، کتاب البیوع، باب العینة، ۲۶۴

۷۰۔ المصدر السابق

۷۱۔ ایضاً، کتاب البیوع، باب بیع الحیوان باللحم: ۲۷۱

۷۲۔ بسیونی، سعید ابوالفتوح محمد، الحریة الاقتصادیة فی الاسلام: ۳۷

۷۳۔ عطیہ، محمد کمال، نظم محاسبیة فی الاسلام: ۱۳۶

۷۴۔ حامد، محمد ابوطالب، التنظیم القضائی الاسلامی: ۱۱۳

۷۵۔ المصدر السابق، ۲۲، ۲۳

۷۶۔ مسلم، الجامع الصحیح، کتاب الایمان، باب قول النبی ﷺ من غشنا فلیس منا: ۱/ ۲۹۹

۷۷۔ الحلبی، علی بن برھان الدین، انسان العیون فی سیرة الامین المامون المعرفة بالسیرة الحلبیة: ۳/ ۳۶۵

۷۸۔ محمد کمال الدین، امام، اصول الحسبة: ۲۵

۷۹۔ العسقلانی، حافظ ابن حجر، الاصابة: ۳/ ۱۸۸، ۱۸۹

۸۰۔ ابن الاخوة القرشی، معالم القربة فی احکام الحسبة: ۷

۸۱۔ اُردو دائرہ معارف اسلامیہ، عنوان حسبہ: ۸/ ۱۸۷۔۱۹۲

۸۲۔ الماوردی، الاحکام السلطانیة: ۲۴۰، ۲۴۳، ۲۵۸

۸۳۔ عطیہ، محمد کمال، نظم محاسبیة فی الاسلام: ۱۳۷

مصادر ومراجع

۱. احمد بن حنبل الامام (المتوفیٰ ۲۴۱ھ) المسند، الفتح الربانی ترتیب مسند الامام احمد بن حنبل الشیبانی، دار الشهاب القاهره، ت. ن.

۲. ابن الاخوة، محمد بن محمد بن احمد القرشی، (المتوفیٰ ۷۲۹ھ) معالم القربة فی احکام الحسبة، مطبعة دار الفنون، کیمبرج، ۱۹۳۷م

۳. بخاری، امام ابو عبد اللّٰه محمد بن اسماعیل الجعفی (المتوفیٰ ۲۵۶ھ) الجامع الصحیح، وفاقی وزاراتِ تعلیم، اسلام آباد، ۱۹۸۵م

۴. بسیلونی، سعید ابو الفتوح محمد، الحریة الاقتصادیة فی الاسلام واثرها فی التنمیة، دار الوفاء للطباعة والنشر والتوزیع، المنصوره، الطبعة الاولیٰ، ۱۹۸۸م

۵. ابن تیمیه، شیخ الاسلام احمد بن عبد الحلیم بن عبد السلام الحرانی، الحسبة فی الاسلام، مکتبه ابن تیمیه، الطبعه الثالثه، ۱۴۰۳ھ

۶. ابن الحاج المالکی، عبد الله بن محمد بن سلیمان القرطبی (المتوفیٰ ۹۱۴ھ) المدخل، دار الفکر، بیروت، ت.ن

۷. حامد محمد ابو طالب، التنظیم القضائی الاسلامی، مطبعة السعادة، مصر، الطبعة الاولیٰ، ۱۹۸۲م

۸. ابن حجر الهیثمی، شهاب الدین احمد (المتوفیٰ ۹۷۴ھ) تحفة المحتاج بشرح المنهاج مع الحواشی للشیخ عبد الحیمد الشروانی والشیخ احمد بن قاسم العبادی، دار صادر، ت.ن.

۹. الحصکفی، علاء الدین محمد بن علی الحسنی العباسی (المتوفیٰ ۱۰۸۸ھ) الدر المختار شرح تنویر الابصار علی هامش رد المحتار، مکتبه رشیدیه، کوئٹه، الطبعه الثانیه، ۱۴۰۴ھ

۱۰. الحلبی، علی بن برهان الدین الشافعی (المتوفیٰ ۱۰۴۴ھ) انسان العیون فی سیرة الامین الامامون المعروفة بالسیرة الحلبیة، الطبعة الازهریة المصریة، الطبعة الاولیٰ، ۱۳۲۰ھ

۱۱. الحموی، سید احمد بن محمد، غمز عیون البصائر شرح الاشباه والنظائر، ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة، کراچی، الطبعة الاولیٰ، ۱۴۱۸ھ

١٢ . الخطيب ، ولی الدين محمد بن عبد الله التبريزی ، مشكوٰة المصابيح ، قديمی كتب خانه ، كراچی ، ١٣٦٨ھ

١٣ . ابن خلدون ، عبد الرحمن بن محمد الخضرمی (المتوفیٰ ٨٠٨ھ) المقدمه ، مؤسسة جمال للطباعة والنشر ، بيروت، ت.ن.

١٤ . دائره معارف اسلامية ، اُردو ، دانش گاه ، پنجاب ، لاهور . طبع اول : ١٩٧٣م

١٥ . الدردير المالكی ، ابو البركات احمد بن محمد بن محمد احمد (المتوفیٰ ١٢٠١ھ) الشرح الصغير علی اقرب المسالک ، إلی مذهب الامام مالک و بالهامش حاشية علامة الشيخ احمد بن محمد الصاوی المالكی ، دار المعارف ، مصر ، ت.ن

١٦ . الزيلعی ، فخر الدين عثمان بن علی الحنفی ، (المتوفیٰ ٧٤٣ھ) ، تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق ، المطبعة الكبریٰ الاميرية ، مصر ، ١٣١٤ھ

١٧ . السرخسی ، شمس الدين محمد بن محمد (المتوفیٰ ٥٧١ھ) ، المبسوط ، دار المعرفة ، بيروت ، الطبعة الثالثة ، ١٩٧٨م

١٨ . الشافعی ، امام ابو عبد الله محمد بن ادريس (المتوفیٰ ٢٠٤ھ) اختلاف الحديث برواية الربيع بن سليمان الوادی (المتوفیٰ ٢٧٠ھ) مؤسسة الكتب الثقافية، ١٩٨٥م)

١٩ . الشافعی ، كتاب الام ومعه مختصر المزنی ، دارالفكر ، بيروت ، ١٩٨٣م

٢٠ . الشامی ، محمد امين بن عابدين ،(المتوفیٰ ١٢٥٢ھ) رد المحتار علی الدر المختار ، مكتبۂ ماجديه ، كوئٹه ، ١٤٠٤ھ

٢١ . الطحطاوی ، سيد احمد بن محمد بن الحنفی (المتوفیٰ ١٢٣١ھ)

٢٢ . عبد السميع المصری ، التجارة فی الاسلام ، مكتبة و هبة ، مصر ، ١٩٨٦م

٢٣ . عثمانی ، مفتی محمد تقی ، تكملة فتح الملهم ، مكتبه دارالعلوم ، كراچی ، الطبعة الثانية ، ١٤٠٧ھ

٢٤ . العسال ڈاكٹر احمد محمد وفتحی ، ڈاكٹر احمد عبد الكريم ، النظام الاقتصادی فی الاسلام ، دارغريب للطباعة ، القاهرة ، الطبعة الثالثة، ١٩٨٠م

٢٥ . العسقلانی ، حافظ ابن حجر شهاب الدين احمد بن علی بن محمد ، (المتوفیٰ ٨٥٢ھ) الاصابة فی تمييز الصحابة ، مكتبۂ مؤئد ، مصر ، ت. ن

٢٦. عطيه ، ڈاکٹر محمد کمال، نظم محاسبية فى الاسلام ، دارالنشر للجامعات المصرية ، القاهرة ، ١٩٧٧م
٢٧۔ ابن قدامة ، ابو محمد عبد الله احمد بن محمد (المتوفىٰ ٦٢٠ھ) المغنى شرح مختصر الخرقى ، مكتبة الرياض الحديثة ، رياض ١٩٨١م
٢٨. الكاسانى ، علاء الدين ابى بكر بن مسعود (المتوفىٰ ٥٨٧ھ) بدائع الصنائع فى ترتيب الشرائع ، مكتبة رشيديه ، كوئٹه ، الطبعة الاولى ، ١٤١٠ھ/١٩٩٠م
٢٩. ابن ماجه ، الامام الحافظ ابو عبد اللّٰه محمد بن يزيد القزوينى ، السنن ، دارالكتب الحديثه ، رياض، ت.ن
٣٠. مالك بن انس الاصبحى الامام ، (المتوفىٰ ١٧٩ھ) المؤطا برواية يحي بن يحي الليثى ، رئاسة ادارات البحوث العلمية والافتاء والدعوة والارشاد ، سعودى عرب ، الطبعة السابعة ، ١٩٨٢م
٣١. الماوردى ، ابو الحسن على بن محمد بن حبيب البصرى البغدادى ،(المتوفىٰ ٤٥٠ھ) الاحكام السلطانيه ، رئاسة الثقافة والنشريات لمنظمة الطلابية لحركة الانقلابية الافغانية ، ١٤١٢ھ
٣٢۔ المرغينانی، ابوالحسن برہان الدین علی بن ابی بکر بن عبد الجلیل (المتوفی ۵۹۳ھ)
الھدایۃ شرح بدایۃ المبتدی، وفاقی وزارتِ تعلیم، اسلام آباد، ۱۹۸۵ء
٣٣۔ مسلم، ابوالحسن مسلم بن الحجاج القشیری، الجامع الصحیح، وفاقی وزارتِ تعلیم، اسلام آباد، ۱۹۸۵ء
٣٤. مصطفى القضاة ، تحقيق و دراسة اصلاح المال لابى بكر بن ابى الدنيا ، دار صادر، ١٩٩٠م
٣٥. المقدسى،شمس الدين ابو عبد اللّٰه محمد بن مفلح ، (المتوفىٰ ٧٦٣ھ) كتاب الفروع عالم الكتب ، بيروت ، ١٩٨٥م
٣٦. المواق المالكى ، محمد بن يوسف العبدرى الاندلسى ، التاج والاكليل لمختصر خليل ، مكتبة النجاح ، طرابلس ، ليبيا، ت.ن
٣٧. النبهانى ، تقى الدين ، النظام الاقتصادى فى الاسلام، دارالامة للطباعة والنشر والتوزيع الطبعة الرابعة، ١٩٩٠م
٣٨۔ النسائی، ابوعبدالرحمٰن، السنن، قدیمی کتب خانہ، کراچی، ت۔ن
٣٩۔ النسفی، ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود، (المتوفی ۷۱۰ھ) کنز الدقائق، قدیمی کتب خانہ، کراچی، ت۔ن

۴۰۔ نووی، ابوزکریا محی الدین یحی بن شرف الدمشقی (المتوفی ٦٧٦ھ)

روضۃ الطالبین ، المکتب الاسلامی للنشر و الطباعۃ ، ت.ن.

۴۱۔ نووی، ریاض الصالحین، میر محمد کتب خانہ کراچی، ۱۹۷۲م

۴۲. نووی ، الکامل شرح صحیح المسلم ، وفاقی وزارتِ تعلیم ، اسلام آباد . ۱۹۸۵م

۴۳. نووی ، المجموع شرح المھذب ، دارالفکر ، بیروت ، ت.ن.

۴۴. ابن الھمام ، کمال الدین محمد بن عبد الواحد ، (المتوفیٰ ۸۶۱ھ) فتح القدیر شرح الھدایۃ ، المکتبۃ النوریۃ رضویۃ ، سکھر ، ت.ن

۴۵. ھیئۃ کبار العلماء ، ابحاث ، داراولی النھیٰ ، الریاض، الطبعۃ الثانیۃ ، ۱۹۹۲م

پاکستان میں بلاسود بینکاری
عملی اقدامات کا ایک جائزہ

* ڈاکٹر عبدالقدوس صہیب

اس وقت پوری دنیا میں تین قسم کے نظام ہائے معیشت رائج ہیں۔ ایک سرمایہ دارانہ نظام، دوسرا کمیونزم، تیسرا اسلام کا فلاحی نظام۔ جہاں تک کمیونزم کا تعلق ہے وہ اپنا دم توڑ چکا ہے اور خود اس کے داعی روس اس کی ناکامی کو تسلیم کر چکا ہے۔ موجودہ صورت حال میں اب یہ نظام اس قابل نہیں کہ اس پر بحث کی جائے۔ رہا سرمایہ دارانہ نظام، تو یہی نظام معیشت سب سے قدیم معاشی نظام ہے اور آج دنیا کے بیشتر ممالک کی طرح پاکستان میں بھی رائج ہے اور تاہنوز تجربات کے دور سے گزر رہا ہے لیکن اسے فلاحی نظام کہنے والے اور اس کے داعی اس سے کوئی فلاحی کام یا فلاح حاصل نہیں کر سکے بلکہ ان کے مسائل میں اتنا اضافہ ہو چکا ہے کہ وہ ناقابل حل ہے۔ سرمایہ داری نظام کے دو پہیے ہیں جن پر یہ گھومتا ہے۔ ایک سود، دوسرا ٹیکس۔ ان دو پہیوں کے بغیر یا ان میں سے ایک کے بغیر یہ چل نہیں سکتا۔ تیسرا نظام معیشت، اسلام کا پیش کردہ ہے جس میں تمام طبقہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد یکساں طور پر مستفید ہو سکتے ہیں۔ اس میں جہاں امیر اور تاجر طبقہ کو سہولیات میسر ہیں وہاں غریب اور کم آمدنی والے افراد کو بھی فوائد میسر ہوتے ہیں۔ اسلام کے نزدیک معاشی عدل یہ ہے کہ تمام انسانوں کو کمانے کے یکساں حقوق اور مواقع میسر ہوں۔ حلال و حرام کی قید سب کے لئے یکساں ہو۔ اعمال و افعال کی جزا و سزا کا معیار یکساں ہو۔ اپنی ملکیت و کمائی پر حقوق و اختیارات مساوی ہوں۔ عدل و مساوات کے ان تصورات کے لئے ضروری ہے کہ ان تصورات کو عملی سانچوں میں ڈھالنے کے لئے اور حقیقت کا روپ دینے کے لئے معاشرے میں اسلامی نظام معیشت کو فروغ دیا جائے۔

---

* اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

اسلام نے سود کو حرام قرار دے کر انسانی زندگی سے ظلم اور بے انصافی کی ایک بہت بڑی شکل کو ختم کرنا چاہا ہے اور عملی اعتبار سے دور جدید میں معاشی اور اسلامی زندگی کی تنظیم نو کے سلسلے میں یہ ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔ جدید معیشت میں سود اور سودی کاروبار کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ بینکنگ کا پورا نظام سود پر قائم ہے۔ معاشی زندگی کی اسلامی تعمیر نو کے لئے ضروری ہے کہ سود کے بغیر بینکنگ کا نظام قائم کیا جائے اور کامیابی کے ساتھ چلایا جائے۔ یہ بات کسی بحث کی محتاج نہیں کہ بینکنگ کا نظام چند بنیادی، مفید اور ناگزیر خدمات انجام دیتا ہے اور اس قسم کے کسی نظام کے بغیر جدید ترقی یافتہ معیشت کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ اسلامی معیشت کے ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ سود کے بغیر بھی بینکنگ کا کام اس طرح سے چلایا جاسکتا ہے کہ وہ اپنے معروف وظائف انجام دے سکے۔ موجودہ مفکرین و ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ بینکنگ کی اسلامی تنظیم نو شرکت اور مضاربت کے شرعی اصولوں کی بنیاد پر کی جانی چاہئے۔(۱)

جدید بینکاری کی ترقی کے ساتھ ساتھ ہی مسلمان ماہرین نے اس بارے میں سوچ بچار شروع کر دی کہ کس طرح بلاسود بینکاری کو موجودہ بینکاری سے ہم آہنگ کیا جاسکتا ہے۔ اس ضمن میں کچھ کوششیں انفرادی سطح پر ہوئیں و کچھ اجتماعی اور حکومتی۔

① بلاسود بینکاری کے متعلق اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات

اسلامی نظریات کونسل ایک ایسا دینی ادارہ ہے جس کے ذمے اسلامائزیشن کے بارے میں حکومت کی راہنمائی کرنا ہے۔ جنرل محمد ضیاء الحق (مرحوم) کے حکومت کی باگ ڈور سنبھالنے کے بعد ''اسلامی نظریاتی کونسل'' کو ہدایت دی گئی کہ وہ پاکستان میں ''اسلامی بینکاری'' کے متعلق سفارشات اور تجاویز مرتب کر کے ان کو حکومت کے سامنے پیش کرے، چنانچہ اسلامی نظریاتی کونسل نے نومبر 1977ء میں پاکستان کے معروف ماہرین معاشیات اور ممتاز بینکاروں پر مشتمل ایک پینل تشکیل دیا، جس نے فروری 1980ء میں اپنی سفارشات حکومت کو پیش کیں۔ یہ سفارشات ''بلاسود بینکاری'' رپورٹ کے نام سے شائع ہو کر منظر عام پر آچکی ہیں۔(۲)

یہ سفارشات اور تجاویز اس لحاظ سے منفرد اور اپنی مثال آپ ہیں کہ اس کی تیاری میں پاکستان کے ممتاز اور

ذہین دماغوں نے باہم مل بیٹھ کر کام کیا ہے اور یہ جامع رپورٹ تیار کی ہے۔ یہ رپورٹ مجموعی طور پر ایک منفرد کاوش ہے لیکن اس کے بعض مندرجات محل نظر بھی ہیں بہر حال اس رپورٹ کے اہم مندرجات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

نگرانی

نئے نظام کے تحت بینک ایسی پارٹیوں کو نفع ونقصان کی بنیاد پر سرمایہ فراہم کریں گے جن کے کھاتوں کا آڈٹ چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ کر سکیں۔ جن پارٹیوں کے حسابات کا آڈٹ چارٹرڈ کاؤنٹینٹ نہ کر سکیں انہیں ملکیتی کرایہ داری، بیع مؤجل یا پٹہ داری انتظامات کے تحت امداد مہیا کی جائے گی۔ چھوٹی چھوٹی پارٹیاں جو حساب کتاب نہ رکھ سکتی ہوں انہیں عام شرح منافع، ملکیتی کرایہ داری یا بیع مؤجل کی سکیم کے تحت مالی امداد مہیا کی جائے گی۔ (۳)

نئے نظام کے تحت سرمایہ کاری کے معاہدے بینکوں کو ان منصوبوں کی واقعی کارکردگی کی نگرانی سونپیں گے، جن میں انہوں نے سرمایہ کاری کی ہوگی تاکہ ان کے مفادات محفوظ رہیں۔

بینک بجائے خود انفرادی طور پر دیگر مالیاتی اداروں کے تعاون سے نئے منصوبے بنا سکتے ہیں اور ایسے منصوبوں کے لئے مطلوبہ پلانٹ اور مشینری کے خریدنے کے لئے رقم ''نیلامی سرمایہ کاری'' کے تحت فراہم کر سکتے ہیں۔ (۴)

ورکنگ:

بینک مختلف لوگوں کو جس طرح سرمایہ فراہم کریں گے اس کے بارے میں کونسل کی سفارشات حسب ذیل ہیں

زرعی قرضہ جات:

کسانوں کو قلیل المیعاد سرمایہ فراہم کرتے وقت تجارتی بینکوں کو ''گزارہ یونٹ'' کے مالکان کو نقد یا جنس کی صورت میں کسی معاوضہ کے بغیر ''خصوصی قرضوں کی سہولت'' کے ذریعے امداد دی جاسکتی ہے۔ گزارہ یونٹ کے مالکان کو نقد یا جنس کی صورت میں کسی معاوضہ کے بغیر قرضوں کی سہولت کے ذریعے مالی امداد دی جاسکتی ہے۔

عام طور پر ایسے قرضے بینکوں کے ان فنڈز سے دیے جانے چاہئیں، جو غیر سودی بنیادوں پر جمع کئے گئے ہوں تاہم اگر ایسے فنڈز ناکافی ہوں تو حکومت بینکوں کو متعلقہ صورت میں ان کی ''اوسط شرح منافع'' کی بنیاد پر ان قرضوں کے عوض مالی امداد دے سکتی ہے۔(۵)

گزارہ یونٹ سے زیادہ اراضی کے مالکان کو مختصر مدت کے لئے ''بیع مؤجل'' یا ''بیع سلم'' کے تحت سرمایہ فراہم کیا جاسکتا ہے۔(۶)

اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ میں محسوس کیا گیا کہ درمیانی اور طویل مدت کے لئے سرمایہ کاری زرعی مشینری، آلات کی خرید و مرمت، کنوؤں کی کھدائی، ٹیوب ویل کی تنصیب، زمین کی اصلاح، گودام، سٹور، پولٹری اور ڈیری فارموں کی تعمیر کے لئے ضرورت ہوتی ہے۔ زرعی شعبہ میں درمیانی اور طویل المقاصد سرمایہ کاری کے لئے سود کی جگہ کسی ایسے متبادل طریقے کو رائج کرنا جو شریعت کے مطابق ہو، ممکن نہیں ہے بس مختلف مقاصد کے لئے مختلف متبادل طریقے اختیار کرنے پڑیں گے۔(۷)

تجارتی قرضہ جات/سرمایہ کاری:

اسلامی نظریاتی کونسل نے یہ بھی سفارش کی کہ نئے نظام کے تحت ایسے خوردہ فروشوں کو جو اپنے کاروبار کا باقاعدہ حساب کتاب نہیں رکھ سکتے، بیع مؤجل کے تحت یا خصوصی قرضوں کی سہولت کی بنیاد پر ایسے فنڈز سے قرضے دیے جاسکتے ہیں جو بینک نے بلاسودی بنیاد پر جمع کیا ہو۔

اگر یہ فنڈز ان کی مدد کے لئے کافی نہ ہو تو حکومت ان خصوصی قرضوں کے عوض تجارتی بینکوں کو اس دوران میں ان کی اوسط شرح منافع کی بنیاد پر امداد مہیا کرے، جہاں تک بینکوں کی جانب سے تجارتی شعبوں میں اقراض زر، اوورڈرافٹ اور عندالطلب قرضوں اور ہنڈی بنانے کی صورت میں سرمایہ کاری کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں وہی طریقہ کار اختیار کیا جاسکتا ہے جس کی سفارش صنعتی شعبے کی رواں سرمائے کی ضرورتیں پوری کرنے کے ضمن میں اوپر کی گئی ہیں۔ ''لیٹر آف کریڈٹ'' کی صورت میں بینک اپنی خدمات کے عوض کچھ معاوضہ وصول کرسکتا ہے اور ان کے لئے نفع ونقصان میں شرکت ضروری نہیں ہوگی۔(۸)

بینکوں کی بچتیں/ امانتیں/ منافع:

اس ضمن میں کونسل نے سفارش کی کہ:

i۔ امانتیں جمع کرانے والوں کے اعتماد کو کسی ٹھیس سے محفوظ رکھنے کے لئے، نیز بینکوں کی طرف سے چلائی گئی بچت اسکیموں کی کامیابی کے لئے مختصر عبوری مدت میں بینکوں میں امانتیں جمع کرانے کا موجودہ طریقہ جاری رہنا چاہئے۔ (۹)

ii۔ نئے نظام میں بچت کھاتوں اور میعادی امانتوں پر قابل تقسیم منافع بینکوں کے نفع ونقصان کی بنیاد پر مختلف شرح سے واجب الادا ہوگا۔(۱۰)

iii۔ نئے نظام کے تحت امانتوں کے عنوان نیز ان سے متعلق قوانین اور طریقہ کار حتی الامکان تبدیل نہیں ہونے چاہئیں تاکہ الجھنیں پیدا نہ ہوں۔(۱۱)

iv۔ بینکوں کے مابین کاروبار نفع ونقصان میں حصہ داری کی بنیاد پر جاری رکھا جائے گا۔(۱۲)

اسٹیٹ بینک کا کردار:

اس ضمن میں کونسل نے سفارش کی کہ:

i۔ اسٹیٹ بینک تجارتی بینکوں کو اپنی مال کاری کی مختلف اسکیموں کے تحت اور اس کے علاوہ ان کی نقد پذیری کی عارضی قلتیں دور کرنے کے لئے مالی امداد فراہم کرتا ہے۔ نئے نظام میں عام طور پر ایسی امداد نفع و نقصان میں حصہ داری کی بنیاد پر فراہم کی جائے گی۔(۱۳)

ii۔ پاکستان بینکوں کی غیر ملکی شاخوں نیز اندرون ملک تجارتی بینکوں جن میں غیر ملکی کرنسی جمع ہوتی ہے اور بیرونی ملکوں کے ساتھ پاکستانی بینکوں کا لین دین بعض خاص صورتوں میں سود کی بنیاد پر جاری رہے گا۔ غیر سودی آمدنی کو سودی آمدنی سے علیحدہ رکھنے کے لئے پاکستان بینکوں کا انتظام ایک علیحدہ کارپوریشن کے سپرد کر دیا جائے، اور غیر ملکی کرنسی میں جمع کردہ امانتیں بھی اس کی تحویل میں دے دی جائیں۔ اس کارپوریشن کو مقامی امانتیں جمع نہیں کرنی چاہئیں۔(۱۴)

② ربوا کی ممانعت کا آرڈیننس (1984ء)

بلا سود بینکاری کے ضمن میں ایک اہم قدم ربوا کی ممانعت کا آرڈیننس 1984 ہے۔ جنرل محمد ضیاء الحق (مرحوم) کے دور میں ربوٰ کی ممانعت کا ایک آرڈیننس جاری کیا گیا جس میں کہا گیا کہ چونکہ قرآن اور سنت میں اسلامی احکام کے مطابق ربوٰ اپنی ہر شکل میں حرام ہے اس لئے صدر مملکت نے اپنے ان اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے جو انہیں آئین کے آرٹیکل 89 کے تحت عبوری آئین کے حکم مجریہ 1981ء کے تحت حاصل تھے درج ذیل آرڈی نینس نافذ کیا گیا۔

i۔ اس آرڈیننس کو ربوٰ کی ممانعت کا آرڈیننس (1984ء) کہا جائے گا۔

ii۔ اس کا اطلاق پورے پاکستان پر ہو گا۔

iii۔ یہ آرڈیننس جولائی 1984ء سے نافذ العمل ہو گا۔

iv۔ یہ آرڈیننس دیگر تمام قوانین پر غالب ہو گا۔

ربوا کی ممانعت:

کوئی شخص کسی شکل میں نہ ربوٰ لے گا اور نہ دے گا خواہ اس آرڈیننس کے نفاذ سے پہلے کمایا گیا ہو یا بعد میں اور نہ ہی کوئی عدالت سود کی ڈگری جاری کرے گی۔

سزا : جو کوئی شخص کسی بھی شکل میں ربوٰ لے گا یا دے گا اسے اتنے کوڑوں کی سزا دی جائے گی جن کی تعداد (39) سے زیادہ نہ ہو گی نیز سود کی رقم ضبط کر لی جائے گی جو اس نے وصول کی ہو گی۔

قواعد : وفاقی حکومت اسلامی نظریاتی کونسل کے مشورے سے سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے ایسے قواعد وضع کرے گی جن میں وہ آرڈیننس ہذا کے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے ضروری خیال کریں۔

تنسیخ : 1839ء کے سود ایکٹ اور فی الوقت نافذ العمل دیگر قوانین میں شامل ایسی تمام دفعات بذریعہ ہذا منسوخ کی جاتی ہیں جن کی رو سے کسی صورت میں سود لینے یا دینے کی اجازت دی گئی ہو۔(15)

بلاسود بینکاری کے حوالے سے 1985ء سے 1990ء کا عرصہ بہت اہم ہے۔ اس عرصہ میں کئی ایسے اقدامات کیے

گئے جو بلاسود بینکاری کے بارے میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس میں سے اہم اقدامات کا جائزہ حسبِ ذیل ہے۔

- مملکت اس امر کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کرے گی کہ پاکستان کے معاشی نظام کا تعمیر نو اسلامی معاشی اصولوں اور اسلامی اقدار و ترجیحات کی بنیاد پر کی جائے۔
- صدر اس آرڈیننس کے آغازِ نفاذ سے تیس دن کے اندر اپنے ذاتی فیصلے کے مطابق ایک مستقل کمیشن مقرر کرے گا جو ماہرین معاشیات، ماہرین قانون، علماء، منتخب نمائندوں اور ایسے دیگر اشخاص پر مشتمل ہو گا جن کو وہ موزوں تصور کرے اور ان میں سے ایک کو اس کا چیئرمین مقرر کرے گا۔
- کمیشن کے چیئرمین کو ایسے مشیروں کا تقرر کرنے کا اختیار دیا جائے گا جن کو وہ ضروری تصور کرے گا۔
- کمیشن کے فرائض منصبی درج ذیل ہوں گے۔

کسی مالیاتی قانون یا محصولات اور ان کے عائد کرنے اور وصول کرنے سے متعلق یا بینک کاری اور بیمہ کے محصولات اور طریقہ کار کے متعلق قانون کا اس تعین کے لئے جائزہ لینا کہ آیا یہ شریعت کے منافی ہیں یا نہیں۔

مذکورہ قوانین، معمولات اور طریقہ ہائے کار کو شریعت کے مطابق بنانے کے لئے سفارشات کرنا۔

جیسا کہ دستور کے آرٹیکل 38 میں مذکور تھے عوام کی سماجی اور معاشی فلاح و بہبود کے حصول کے لئے پاکستان کے معاشی نظام میں تبدیلیوں کی سفارش کرنا۔

ایسے طریقہ اور اقدامات تجویز کرنا جن میں سے ایسے موزوں تبادلات شامل ہوں جن کے ذریعے وہ نظام معیشت نافذ کیا جا سکے جسے اسلام نے پیش کیا ہے۔

- کمیشن اپنی رپورٹ وقتاً فوقتاً وفاقی حکومت کو پیش کرے گا۔
- کمیشن کی سفارشات پر مشتمل ایک جامع رپورٹ اس کے تقرر کی تاریخ سے ایک سال کی مدت میں وفاقی حکومت کو پیش کی جائے گی۔

- کمیشن جس طرح مناسب تصور کرے اپنی کارروائی کے انہدام اور اپنے طریقہ کار کے انضباط کا ہر لحاظ سے مختار ہوگا۔
- جملہ انتظامی مقتدرات، ادارے اور مقامی حکام کمیشن کی اعانت کریں گے۔
- کمیشن معیشت کو اسلامی بنانے کے عمل کی نگرانی کرے گا اور عدم تعمیل کے معاملات کو صدر کے علم میں لائے گا۔
- وزارتِ خزانہ و اقتصادی امور حکومت پاکستان اس کمیشن کے انتظامی امور نپٹائے گا۔
- اس امر کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کرے گی کہ پاکستان کے معاشی نظام کی تعمیر اجتماعی عدل کے اسلامی معاشی اصولوں، اسلامی اقدار اور ترجیحات کی بنیاد پر کی جائے اور دولت کمانے کے ان تمام ذرائع پر پابندی ہو جو خلافِ شریعت ہیں۔
- صدر اس قانون کے آغاز نفاذ کے ساٹھ دن کے اندر ایک مستقل کمیشن مقرر کرے گا جو ماہرین معاشیات، علماء اور منتخب نمائندگان پارلیمنٹ پر مشتمل ہوگا جس کو وہ موزوں تصور کرے گا اور ان میں سے ایک کو کمیشن کا چیئر مین مقرر کرے گا۔
- کمیشن کے چیئر مین کو حسب ضرورت مشیر مقرر کرنے کا اختیار ہوگا۔
- کمیشن کے کارہائے منصبی حسب ذیل ہوں گے۔

معیشت کو اسلامی بنانے کے عمل کی نگرانی کرنا اور عدم تعمیل کے معاملات وفاقی حکومت کے علم میں لانا۔

کسی مالیاتی قوانین یا محصولات اور فیسوں کے عائد کرنے اور وصول کرنے سے متعلق کسی قانون یا بینک کاری اور بیمہ کے عمل اور طریقہ کار کو اسلام سے ہم آہنگ کرنے کے لئے سفارش کرنا۔

دستور کے آرٹیکل 38 کی روشنی میں عوام کی سماجی اور معاشی فلاح و بہبود کے حصول کے لئے پاکستان کے معاشی نظام میں تبدیلیوں کی سفارش کرنا۔

ایسے طریقے اور اقدامات تجویز کرنا جن میں ایسے موزوں متبادلات شامل ہوں جن کے ذریعے وہ نظام معیشت نافذ کیا جا سکے جو اسلامی نظام معیشت کے مطابق ہو۔

- کمیشن کی سفارش پر مشتمل ایک جامع رپورٹ اس کے تقرر کی تاریخ سے ایک سال کی مدت کے اندر وفاقی حکومت کو پیش کی جائے گی اور اس کے بعد کمیشن حسب ضرورت وقتاً فوقتاً اپنی رپورٹس پیش کرتا رہے گا البتہ سال میں کم از کم ایک رپورٹ پیش کرنا لازمی ہوگا۔ کمیشن کی رپورٹ حکومت کو موصول ہونے کے 3 ماہ کے اندر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں اور تمام صوبائی اسمبلیوں کے سامنے بحث کے لئے پیش کی جائے گی۔
- کمیشن کو ہر لحاظ سے جس طرح وہ مناسب تصور کرے گا اپنی کارروائی کے انہدام اور اپنے طریقہ کار کے انضباط کا اختیار ہوگا۔
- جملہ انتظامی مقتدرات، ادارے اور مقامی حکام کمیشن کی اعانت کریں گے۔
- وزارت خزانہ حکومت پاکستان اس کمیشن سے متعلق انتظامی امور کی ذمہ دار ہوگی۔

④ بلاسود بینکاری کے بارے میں عدالتی فیصلے

سود کے متعلق وفاقی شرعی عدالت کا فیصلہ:

سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کے عہد میں نفاذ اسلام کے بارے میں ایک اہم پیش رفت وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کی صورت میں سامنے آئی وہ اس طرح کہ وفاقی شرعی عدالت کے چیف جسٹس ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن، ڈاکٹر فدا محمد خان اور جناب جسٹس عبیداللہ پیر پر مشتمل فل بینچ نے 14 نومبر 1991ء کو سود سے متعلق (24) قانونی دفعات کو قرآن وسنت کے مطابق کروینے کا فیصلہ سنا دیا۔ وفاقی شرعی عدالت کے پریس ریلیز کے مطابق اس فیصلے کے ذریعے 119 شریعت درخواستیں اور تین سو موٹو نوٹسوں کو نمٹا دیا گیا۔ عدالت نے ان دفعات کو 30 جون 1993ء تک اسلامی احکام کے مطابق بنانے کی ہدایت جاری کر دی۔ بصورت دیگر یہ دفعات یکم جولائی 1993ء سے مؤثر نہیں رہیں گی۔ یہ دفعات حسب ذیل قوانین کی ہیں۔

1۔ انٹرسٹ ایکٹ مجریہ 1839ء

2۔ گورنمنٹ سیونگ بینکس 1873ء

3۔ نیگوشی ایبل انسٹرومینٹس ایکٹ 1881ء

4۔ لینڈ ایکوزیشن ایکٹ 1892ء

5۔ دی کوڈ آف سول پروسیجر 1908ء

6۔ انشورنس ایکٹ 1938ء

7۔ کوآپریٹو سوسائٹی رولز 1927ء

8۔ کوآپریٹو سوسائٹی ایکٹ 1935ء

9۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان 1956ء

10۔ ویسٹ پاکستان منی لینڈرز آرڈیننس 1940ء

11۔ منی لینڈرز رولز 1935ء

12۔ پنجاب منی لینڈرز آرڈیننس 1960ء

13۔ سندھ منی لینڈرز آرڈیننس 1960ء

14۔ سرحد منی لینڈرز آرڈیننس 1960ء

15۔ بلوچستان منی لینڈرز آرڈیننس 1960ء

16۔ ایگری کلچر ڈیولپمنٹ بینک آف پاکستان 1960ء

17۔ بینکنگ کمپنیز آرڈیننس رولز 1962ء

18۔ بینکنگ کمپنیز رولز 1963ء

19۔ بینکس (نیشنلائزیشن رولز) 1974ء

20۔ بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1979ء

21۔ پاکستان انشورنس کارپوریشن ایمپلائز پراویڈنٹ

22۔ جنرل فنانشل رولز آف دی سینٹر گورنمنٹ مع ڈارائنگ برسنگ آفیسرز بک

شریعت کی درخواستوں کو نمٹانے کی غرض سے وفاقی شرعی عدالت نے رباء کی تعریف بینکوں کے نظامِ افراط زر اور کرنسی کی قیمت میں کمی سے متعلق سوالنامہ مرتب کیا اور اسے ملکی اور غیر ملکی ممتاز علماء کرام، اہل علم ماہرین معاشیات اور بینک کاروں کو بھیجا گیا تا کہ ان سوالات کے بارے میں ان کی آراء معلوم کی جا سکے۔ عدالت کی جانب سے کی جانے والی درخواست پر متعدد اہل علم، ماہرین معاشیات، بینک کاروں اور علماء نے عدالت کے سامنے اپنے دلائل پیش کئے۔

عدالت نے تمام پہلوؤں اور فاضل وکیل کی جانب سے اٹھائے جانے والے نکات کا قرآن وسنت کی روشنی میں جائزہ لیا اور اس نتیجے پر پہنچے کہ بینک کا سود ربوٰ کے دائرے میں آتا ہے اور ربوٰ اپنی تمام صورتوں میں قطعاً حرام ہے خواہ قرض پیداواری مقصد کے لئے لیا گیا ہے یا کسی اور مقصد کے لئے۔ قرآن کریم اور سنت کی تعریفات کے علاوہ مدت کے بالمقابل قرض میں منافع کے ربوٰ ہونے پر تمام امت کا اجماع ہے۔(۱۶)

عدالت نے شریعت ایکٹ کے تحت قائم ہونے والے کمیشن کی ربوٰ سے متعلق سفارشات کے انتظار کو مناسب خیال نہیں کیا کیونکہ یہ مسئلہ کافی عرصے سے حل طلب چلا آ رہا تھا اس لئے عدالت نے ان درخواستوں کا فیصلہ کرنا اپنا فریضہ محسوس کیا۔

عدالت کا فیصلہ تین سو سے زائد صفحات پر مشتمل تھا۔ فیصلے میں فاضل وکیل برائے وفاقی حکومت اور دیگر مدعا علیہان کے دلائل اور ان کی جانب سے پیش کی جانے والی تحریری آراء کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور قرضی اور تجارتی مقاصد کے لئے دیئے جانے والے قرضوں، افراطِ زر، کرنسی کی قیمت میں کمی اور اس مسئلہ سے متعلق دیگر پہلوؤں پر مفصل گفتگو کی گئی۔ فیصلہ کیا گیا کہ نفع ونقصان کی شراکت کے بارے میں اسلامی احکام بالکل واضح ہیں اور مضاربہ اور مشارکہ کے ضمن میں جو اصول بیان کئے گئے ہیں ان پر عمل کیا جانا چاہئے۔ فیصلے میں سودی بینک کاری سے متعلق متبادل تجاویز پر تفصیلی بحث کی گئی۔

⑤ سود سے متعلق سپریم کورٹ کا 23 دسمبر 1999ء کا تاریخی فیصلہ

سپریم کورٹ آف پاکستان نے 23 دسمبر 1999ء کو سود سے متعلق فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلے PLD 1992 Karachi Page1 کے خلاف وفاق پاکستان ودیگر بینکوں کی اپیلوں پر تاریخی فیصلہ رپورٹ شدہ 2000ء شریعت لاء رپورٹس صفحہ 73 (ڈاکٹر محمد اسلم خاکی ودیگران بنام سید محمد ہاشم ودیگران) سناتے ہوئے سود اور سودی کاروبار کو غیر اسلامی اور قرآن وسنت سے متصادم قرار دیا ہے اور یہ کہ سود سے متعلق 8 مروجہ قوانین 31 مارچ 2000ء سے ازخود ختم ہو جائیں گے۔ جن کی تفصیل فیصلے میں دی گئی ہے بقایا قوانین یا ان کی متعلقہ شقیں 30 جون 2001ء کو غیر مؤثر متصور کی جائیں گی۔ سپریم کورٹ نے حکومت کو ہدایت کی ہے کہ وہ مارچ 2001ء تک سود سے پاک اقتصادی نظام متعارف کرائے، سپریم کورٹ کی پانچ رکنی شریعت اپیلٹ بینچ نے جو جسٹس خلیل الرحمٰن خان، جسٹس منیر اے شیخ، جسٹس وجیہہ الدین احمد، جسٹس مفتی تقی عثمانی اور جسٹس ڈاکٹر محمود احمد غازی پر مشتمل تھا، سود اور سودی کاروبار کو قرآن وسنت سے متصادم قرار دینے کے بارے میں وفاقی شریعت عدالت کا فیصلہ برقرار رکھنے اور اس میں اپنی طرف سے بعض اضافے کرتے ہوئے قوانین کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کے لئے وفاقی وصوبائی حکومتوں کے لئے رہنما اصول بھی مرتب کئے ہیں۔ عدالت عظمٰی نے حکومت پاکستان کو حکم دیا ہے کہ ایک ماہ کے اندر اسٹیٹ بینک ایک کمیشن قائم کرے جو دو ماہ میں موجودہ مالیاتی نظام کو شریعت کے مطابق ڈھالے، وفاقی وزارت قانون اسلامی نظریاتی کونسل کی معاونت سے ایک ماہ کے اندر ٹاسک فورس بنائے جو یہ جائزہ لے کہ اسلامی مالیاتی نظام کے لئے کونسے قوانین بنائے جاسکتے ہیں۔ تمام بینک اور مالیاتی ادارے چھ ماہ کے اندر ایسے ماڈل پراجیکٹ تیار کریں جو قومی معیشت کو سود کی لعنت سے چھٹکارا دلاسکیں۔ وائٹ کالر اور اکنامک کرائمز پر کنٹرول کے لئے ادارہ قائم کیا جائے۔ پبلک سیکٹر میں کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیاں قائم کی جائیں۔ وفاقی حکومت خسارے کی سرمایہ کاری پر قابو پائے اور قوم کو غیر ملکی قرضوں سے نجات دلانے کے لئے سنجیدہ کوشش کرے۔

سپریم کورٹ آف پاکستان کا رِوٹ کیس میں مذکورہ فیصلہ پاکستان کی بینکاری میں 1984ء سے رائج الوقت غیر سودی اسلامی بینکاری نظام کے جزوی عملاً نفاذ کی روشنی میں زیادہ عملی اہمیت کا حامل نہیں ہوگا اور اس کا اطلاق عملی سے زیادہ علمی نوعیت کا ہوگا۔ کیونکہ 1984ء میں پاکستان میں بلاسود اسلامی بینکاری کے نظام کے نفاذ

کے بعد سودی نوعیت کی کھاتہ داری اور قرضوں کی فراہمی سودی طریقوں سے ممنوع قرار دے دی گئی ہے۔ صرف شریعت ایکٹ 1991ء کی دفعات 18 اور 19 کے تحت حکومت پاکستان کو ملنے والے غیر ملکی قرضوں پر سود کی ادائیگی کو تحفظ فراہم کیا گیا اور مقامی قرضوں میں بھی غیر ملکی کرنسی والے قرضوں کی سود کی بنیاد پر فراہمی کو بھی غیر سودی نظام سے مستثنٰی قرار دیا گیا۔ بقایا ہر قسم و نوع کی بینکاری، کھاتہ داری اور قرضوں کی فراہمی کو بلاسودی بنا دیا گیا اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اپنے سرکلر کے ذریعے بینکوں کو بھی ان کھاتوں و قرضوں میں غیر سودی کھاتوں و طریقوں میں بدلنے کی لازمی ہدایت کر دی ہے۔ مزید یہ کہ سپریم کورٹ نے ربٰو سے متعلق اپنے اس تاریخی فیصلہ میں حکومت پاکستان کو بلاسودی نظام رائج کرنے کے لئے مناسب قانون سازی کرنے کے لئے 31 مارچ 2001ء کی مہلت بھی دی ہے۔

عدالت عظمٰی نے مذکورہ فیصلے میں قرار دیا ہے کہ معاہدہ قرض میں اصل زر سے زائد جو بھی رقم ہو گی وہ کم ہو یا زیادہ، خرچے کے لئے لیا گیا ہو یا پیداواری سرگری کے لئے، سود کی تعریف میں آتی ہے۔ بینکاری و نجی کاروبار اور حکومت کے ملکی و غیر ملکی قرضوں سمیت سود کی ہر شکل خلاف شریعت ہے۔ اسلامی اسکالروں نے بینکاری کے جو اسلامی طریقے متعارف کرائے ہیں وہ زیادہ قابل عمل اور فائدہ مند ہیں۔ دنیا کے دوسو اداروں میں متبادل نظام کام کر رہا ہے اس لئے ضرورت کی بناء پر سودی کاروبار کو ہمیشہ کے لئے جاری رکھنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے شریعت اپیلٹ بینچ نے یہ فیصلہ 23 دسمبر 1999ء کو وفاقی، صوبائی حکومتوں، مختلف قومی بینکوں اور مالیاتی اداروں کی جانب سے دائر کردہ اپیلوں کو نمٹاتے ہوئے دیا جس میں وفاق پاکستان کی وہ درخواست بھی شامل تھی جس کے ذریعے سپریم کورٹ سے غیر سودی نظام کے بارے میں گائیڈ لائن فراہم کرنے کی استدعا کی گئی تھی۔ سپریم کورٹ نے سود سے متعلق تمام مروّجہ قوانین کے خاتمے اور ان کے غیر مؤثر ہونے کی ڈیڈ لائن مقرر کر دی ہے۔ عدالت عظمٰی نے اس امر کی بھی ہدایت کی کہ وفاقی وزارت قانون ایک ماہ کے اندر ٹاسک فورس اسلامی نظریاتی کونسل کی معاونت سے قائم کرے جو اس امر کا جائزہ لے کہ سود کی ممانعت اور اسلامی نظام کے لئے کون سے قوانین بنائے جا سکتے ہیں۔ عدالت عظمٰی نے حکم دیا کہ وفاقی وزارت خزانہ کی طرف سے ایک ٹاسک فورس قائم کی جائے جو بینکوں اور مالیاتی اداروں کے عملے کی تربیت کے لئے سیمینار اور مذاکروں کا اہتمام کرے جس سے انہیں

اسلامی نظام معیشت سے آگاہی حاصل ہو سکے۔ عدالت عظمٰی نے اپنے فیصلے میں لکھا کہ مجموعہ ضابطہ دیوانی مجریہ 1908ء کی سود سے متعلق دفعات اور ہاؤس بلڈنگ فنانس ایکٹ کو بھی 30 جون 2000ء تک اسلامی سانچے میں ڈھالا جائے اور دیگر تمام مروّجہ مالیاتی قوانین کی 30 جون 2001ء تک اسلامائزیشن کی جائے اور یہ کہ حکومت پاکستان قوم کو غیر ملکی قرضوں کے بوجھ سے نجات دلائے مزید یہ کہ مستقبل میں غیر ملکی قرضوں کو اسلامی طریقہ سرمایہ کاری کے تحت اشد ضرورت کی صورت میں حاصل کیا جائے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کا یہ متفقہ فیصلہ تقریباً ساڑھے گیارہ سو صفحات پر مشتمل ہے جس میں جسٹس خلیل الرحمٰن خان اور جسٹس منیر اے شیخ نے 716 جسٹس وجیہہ الدین احمد نے 98 اور جسٹس مفتی تقی عثمانی نے 277 صفحات لکھے ہیں مزید یہ کہ کورٹ آرڈر 106 صفحات پر مشتمل ہے۔

سپریم کورٹ آف پاکستان نے اپنے اس تاریخی فیصلے (ڈاکٹر محمد اسلم خاکی و دیگران بنام سید محمد ہاشم و دیگران رپورٹ شدہ 2000ء شریعت لاء رپورٹس صفحہ 73) میں بینکنگ کمپنیز آرڈی نینس مجریہ 1962ء کی دفعہ 9 کو جس کے تحت بینکوں کو تجارت یا مال کے لین دین (Trading) سے منع کیا گیا، خلاف قانون قرار دیا ہے اور دفعہ 25 بینکنگ کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1962ء کو بمطابق از روئے قانون قرار دیا ہے جس کے تحت اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں کام کرنے والے بینکوں کو قرضوں اور بینکاری کے معاملات کے متعلق سرکلرز اور ہدایات کے ذریعے ایک بینکاری نظام کا پابند بنانا اور بینکاری معاملات کو منضبط (Regulate) کرنا ہے۔

سپریم کورٹ نے بینکنگ کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1962ء کی دفعہ 9 کو خلاف قانون و خلاف شریعت قرار دینے کا مقصد مرابحہ یا بیع مؤجل (Buy Back System) کے اسلامی و شرعی طریقہ سرمایہ کاری و بینکاری کو شریعت کے عین مطابق عملاً نافذ کرنا تھا کیونکہ اسٹیٹ بینک نے مرابحہ کا جو نظام وضع کیا تھا اس میں مال کی عملاً ترسیل اور نقل و حرکت کا تجارتی و شرعی پہلو مفقود تھا جس میں دفعہ 9 بینکنگ کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1962ء حائل تھی۔ سپریم کورٹ نے مشارکہ، مضاربہ اور دیگر اسلامی طریقہ بینکاری و شرعی طریقہ ہائے سرمایہ کاری کو اپنانے پر زور دینے کے ساتھ ساتھ پاکستان میں مروّجہ مرابحہ نظام کی اس خامی کی نشاندہی کرتے ہوئے مال تجارت جس کی مرابحہ نظام کے تحت سرمایہ کاری و قرضہ داری دکھائی جاتی ہیں کا عملاً انتقال بھی ہونا ضروری قرار دیا ہے۔

سپریم کورٹ آف پاکستان نے اپنے 23 دسمبر 1999ء کے ربا سے متعلق تاریخی فیصلے میں مرابحہ اور بیع مؤجل کے نظام (Buy Back or Deferred Price System) کے اصول پر بینکاری یا سرمایہ کاری کو شرعاً جائز قرار دیا ہے اور اس میں صرف اس شرط کا اضافہ کیا ہے کہ جس مال تجارت پر سرمایہ کاری یا قرضہ دکھایا جائے اس مال تجارت کا عملاً انتقال (Transfer of Goods) بھی ہونا ضروری ہے۔

مرابحہ نظام یا بیع مؤجل کا سرمایہ کاری کا شرعی طریقہ دراصل قرآن حکیم کی سورۃ البقرہ کی آیت 275 کی ہدایت کے عین مطابق ہے جس کے تحت ''اللہ تعالیٰ نے سود کو حرام اور تجارت کو حلال قرار دیا ہے''۔

''مرابحہ فنانسنگ سسٹم'' یا ''بیع مؤجل'' کے سرمایہ کاری نظام کے تحت اصل زر پر مارک اپ کے تعین یا حساب کے لئے اسٹیٹ بینک نے جو فارمولا متعین یا وضع کیا ہے وہ درج ذیل ہے:۔

مثلاً اگر ورکنگ فنانس کی مد ایک لاکھ روپیہ اصل زر 365 دن کے لئے 50 پیسہ فی ہزار روپیہ یومیہ کے حساب سے منظور ہوا اور مقروض نے ایک لاکھ روپیہ اصل زر وصول کر لیا تو اس کے مارک اپ کا تعین درج ذیل فارمولا کے تحت ہوگا۔ جس کو بیع مؤجل یا مرابحہ فنانسنگ سسٹم کے تحت مارک اپ کے حساب و تعین کرنے کا اسٹیٹ بینک فارمولا کہا جاتا ہے اور جس کے مطابق اسٹیٹ بینک کے سرکلرز نمبر 13 اور 32 مجریہ 1984ء کے تحت بینک متعین مدت معاہدہ قرض سے زائد کا مارکٔ اپ وصول نہیں کر سکتا اور سندھ ہائیکورٹ کے دو ڈویژن بینچوں نے اپنے رپورٹ شدہ فیصلوں پی ایل ڈی 1998ء کراچی صفحہ 199، 1993ء پی ایل ڈی صفحہ 1571 اور ایک سنگل بینچ کے فیصلے رپورٹ شدہ پی ایل ڈی 1998ء کراچی 302 میں اس اصول کی توثیق کی ہے۔ پی ایل ڈی 1997ء سپریم کورٹ صفحہ 315 (ہاشوانی ہوٹلز کیس) میں بھی اس اصول کی توثیق کی گئی ہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلرز اور ہدایات پاکستان میں کام کرنے والے تمام بینکوں پر اطلاق رکھتے ہیں۔

سپریم کورٹ کے شریعت اپیلٹ بینچ نے بھی ربا کیس میں اپنے 23 دسمبر 1993ء کے تاریخی فیصلے ڈاکٹر محمد اسلم خاکی بنام سید محمد ہاشم و دیگران (رپورٹ شدہ پی ایل ڈی 2000ء سپریم کورٹ صفحہ 225) میں اس اصول کی منظوری دی ہے کہ مرابحہ فنانسنگ (Buy Back System) کے تحت معینہ مدت معاہدہ قرض سے زیادہ کا مارک اپ وصول نہیں کیا جا سکتا ہے۔

⑥ بلاسود بینکاری کے بارے میں مقنّنہ کے فیصلے:

سود کے سلسلے میں بحث ومباحثہ اورغور وفکر کے بعد ایوان کی متفقہ رائے حسب ذیل قائم ہوئی۔

سود خواہ ذاتی مصارف کے قرضوں پر لیا دیا جائے یا تجارتی وکاروباری قرضوں پر شریعت اسلام کی نظر میں بہرحال حرام ہے۔ یہ سمجھنا کہ سود کی حرمت کا اطلاق تجارتی وکاروباری قرضوں پر ہوتا ہے قطعاً غلط ہے۔ سود کی حرمت پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑتا کہ شرح سود کم ہے یا زیادہ۔ مناسب حد تک کم ہے یا مناسب حد تک زیادہ۔ شریعت اسلامیہ میں اس بات کو تسلیم کرنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ شرح سود اگر مناسب حد تک کم ہے تو سودی لین دین جائز ہو اور اگر مناسب حد تک زیادہ ہے دونوں صورتوں میں کوئی فرق نہیں کیا جا سکتا۔ دونوں صورتیں بہرحال حرام ہیں۔ دلائل شرعیہ میں اس طرح کی کسی تفریق کی اجازت نہیں دیتے۔ (۱۸)

① موجودہ نظام (جس میں قرض خواہ اپنے دیئے ہوئے قرضہ یا رقم پر معاوضہ کے طور پر مقررہ شرح سے سود وصول کرتا ہے اور کسی کاروباری خسارہ یا خدشہ (Risk) میں شریک نہیں ہوتا کو ختم کر کے ایک نیا نظام رائج کیا جائے گا جس میں قرضہ دینے والا کاروبار کے نفع ونقصان میں برابر کا شریک ہوگا اس سلسلہ میں ایک قانون بنایا گیا جس کی رُو سے مضاربہ کمپنیاں قائم کی جائیں گی۔ مضاربہ سے مراد ایسا کاروبار ہے جس میں سرمایہ کار اپنا روپیہ مہیا کرتے ہیں اور کاروبار کا انتظام کرنے والا اس سے کاروبار کو منظم کرتا ہے اور یہاں سے حاصل ہونے والے منافع جات دونوں فریقوں میں تقسیم ہو جاتے ہیں۔ اس قانون کے تحت کاروباری کمپنیاں، بینک اور دیگر مالی ادارے اپنے آپ کو بطور مضاربہ کمپنیاں رجسٹرڈ کرائیں گے اور عموی مقاصد کے لئے مضاربے قائم کئے جائیں گے۔ یہ صرف ایسے کاروبار کر سکیں گے جو شرعی طور پر جائز ہوں۔ نیز ان کے لئے مذہبی بورڈ کے تحفظ کے لئے کئی اقدامات کئے جائیں گے نیز یہ تجویز کیا گیا ہے کہ اگر آمدنی کا نوے فیصد مضاربہ سرٹیفکیٹ حاملات (ہولڈروں) میں تقسیم کر دیا جائے تو مضاربہ کی ساری آمدنی انکم ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دے دی جائے گی۔

② عہدِ جدید میں کسی معیشت میں اجتماعی یا مشترک مالیات (Corporate Finanace) کو بڑی اہمیت

حاصل ہے۔کاروباری کمپنیاں سرمایہ حاصل کرنے کے لئے حصص جاری کرتی ہیں۔مزید برآنکہ معینہ شرح سود پر (Debentures) بھی جاری کرتی ہیں اب یہ تجویز کیا گیا ہے کہ ان کمپنیوں کی قرضہ لینے کی ضروریات کو اس طریقہ سے منظم کیا جائے کہ قرض خواہ کمپنی کے منافع میں ایک معینہ مدت تک حصہ دار بن جائیں اور سود کمانے والے Debentures ختم کر کے ان کی جگہ شراکتی مدتی سٹیفکیٹ جاری کیئے جائیں۔

③ آئی سی پی کی انوسٹرز سکیم کے تحت اب سرمایہ لگانے والا اور سرمایہ کاری کی کارپوریشن آپس میں باہمی طور پر منافع تقسیم کیا کریں گے۔

④ چھوٹے کاروبار کی مالیاتی کارپوریشن بھی سود پر قرضہ دینے کی بجائے ایسی صورت اختیار کرے گی جس میں سود کی بجائے منافع کا حصہ وصول کیا جائے گا۔

⑤ حکومت نے یہ سکیم جاری کی ہے کہ چھوٹے کاشت کاروں (جو صرف قطعہ گردان کے مالک ہیں) کو بلاسود پیداواری قرضے دیئے جائیں اس طرح کے قرضے چھوٹے ماہی گیروں اور امداد باہمی کے اداروں کو بھی دیئے جائیں گے۔

⑥ تعمیر مکانات کی مالی کارپوریشن کی جانب سے جاری ہونے والے قرضے اب شراکت کرایہ کی (Rent Sharing Basis) بنیادوں پر دیئے جاتے ہیں۔کم تنخواہ پانے والے سرکاری ملازموں کی تعمیر مکانات کے لئے بلاسود قرضہ دیا جائے گا۔

⑦ قومی بینکاری نظام کو اسلامی بنیادوں پر استوار کرنے کے لئے یہ بھی فیصلہ کیا گیا ہے کہ بینک مستحق طلباء کو اپنی تعلیمی ضرورتیں پوری کرنے کے لئے قرضۂ حسنہ دیں جو وہ اپنی تعلیم مکمل کرنے اور روزگار حاصل کرنے کے بعد واپس کریں گے غرض یہ نئے ادارے اور نئی قسم کی کفالتیں مضاربہ کمپنیاں مضاربہ سرٹیفکیٹ اور شراکتی مدتی سٹیفکیٹ مل کر اسلامی معاشرتی نظام کے قیام کی بنیادی عناصر مہیا کریں گے بالکل ویسے ہی جیسے ایک سرمایہ داری نظام میں لمیٹڈ کمپنیاں ادا کرتی تھیں۔

یکم جنوری 1981ء سے قومی تحویل میں لئے گئے تجارتی بینکوں کی تمام شاخوں نے نفع اور نقصان ڈیپارٹمنٹ کاؤنٹر پر کام شروع کردیا۔اس سلسلہ میں یہ باتیں قابلِ ذکر ہیں۔

- بلاسود بینکاری کی بنیاد نفع ونقصان میں شرکت ہوگی۔
- بلاسود کھاتے سیونگ اکاؤنٹ اور ٹرم ڈیپازٹ اکاؤنٹ کی صورت میں کھولے جاسکیں گے۔
- ابتدائی مرحلہ میں سودی اور غیر سودی نظام ایک ساتھ چلیں گے۔
- بلاسود سیونگ کھاتہ کم ازکم ایک سو روپیہ اور ٹرم ڈیپازٹ کھاتہ کم ازکم ایک ہزار روپے سے کھولا جا سکے گا۔
- بلاسود سیونگ کھاتوں سے حاصل ہونے والی رقوم کی سرمایہ کاری غیر سودی منصوبوں پر ہی کی جائے گی۔

⑧ بلاسود بینکاری کے نظام کا راستہ سہل بنانے کے لئے بینکنگ قوانین میں مطلوبہ ترامیم کی گئیں۔مثلاً سٹیٹ بینک آف پاکستان ایکٹ 1956ء بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962ء بینک (قومی تحویل میں لینے کا) ایکٹ 1974ء اور بینکنگ کمپنیز (قرضوں کی وصولیابی) کا آرڈیننس 1974ء ان ترامیم کے یہ اثرات پڑے ہیں۔

- سٹیٹ بینک سود کے علاوہ دیگر بنیادوں پر بھی مالیات گرانٹ کرسکتا ہے۔
- مضاربہ سرٹیفکیٹوں کی بنیاد پر جاری کردہ پرافری نوٹوں کے عوض سٹیٹ بینک پیشگی رقوم گرانٹ کر سکتا ہے۔

⑨ بلاسود کاؤنٹروں سے حاصل ہونے والی غذائی اجناس میں سرمایہ کاری پر، رائس ایکسپورٹ کارپوریشن اور ٹریڈنگ کارپوریشن اور کاٹن ایکسپورٹ کارپوریشن کے تجارتی کاروبار میں نفع ونقصان میں شراکت کی بنیاد پر لگائی جاسکتی ہے۔

10۔ کمرشل بینک مکانات کی تعمیر کے لئے ایک فرد کو تین لاکھ روپے تک قرض دے سکتے ہیں اور یہ قرض نفع و نقصان کی بنیادوں پر دیئے جائیں گے۔(19)

⑦ بلاسود بینکاری کے مروّجہ طریقے

سٹیٹ بینک آف پاکستان نے بلاسود بینکاری کے بارہ طریقے تجویز کئے ہیں ملک میں بینکاری کا کاروبار کرنے والے تمام ادارے اس بات کے پابند ہیں کہ ان ہی بارہ طریقوں کے مطابق اپنے فرائض انجام دیں۔ یہ طریقے مندرجہ ذیل ہیں:۔

قرضوں سے متعلق طریقے:

i۔ بلاسود قرضے مع حق الخدمت: ایسے قرضوں پر بینک صرف حق الخدمت یعنی اپنے انتظامی اخراجات (Service Charges)وصول کرسکتا ہے۔

ii۔ قرضِ حسنہ: ایسے قرضوں پر بینک حق الخدمت بھی وصول نہیں کرے گا۔ قرض لینے والا اس وقت قرضہ واپس کرے گا جب وہ اس کی ادائیگی کے قابل ہوگا۔

کاروبار سے متعلقہ مالیات کی فراہمی کے طریقے:

i۔ مؤجل ادائیگی مع اضافی قیمت(Markup)

اس طریقہ کے مطابق بینک قرض خواہ کو مطلوبہ شے یا اثاثہ خرید کر دیتا ہے اور مستقبل میں کچھ اضافہ کے ساتھ اس کی قیمت وصول کرتا۔ قرض خواہ اثاثہ کی قیمت قسطوں میں ادا کرسکتا ہے اور یکمشت بھی۔

ii۔ تجارتی بلوں کی خرید:

اس طریقہ کے تحت بینک قرض خواہ یعنی تجارتی ہنڈی لکھنے والے (Drawer) سے ہنڈی خرید لیتا ہے اور مقروض یعنی جس کے نام ہنڈی لکھی گئی ہو(Drawee) کو ہنڈی فروخت کر دیتا ہے۔ بینک ہنڈی لکھنے والے سے ہنڈی کی مندرجہ قیمت سے کم قیمت پر خریدتا ہے اور مقروض سے زیادہ قیمت وصول کر کے نفع کماتا ہے۔

iii۔ خریداری کا معاہدہ(Buy-back Agreement):

اس طریقہ کے تحت بینک سے سرمایہ طلب کرنے کا خواہش مند کوئی شخص بینک کو اپنی کوئی منقولہ یا غیر منقولہ شے، جائیداد یا اثاثہ فروخت کرتا ہے۔ بینک اس شے یا اس اثاثہ یا اس کے عوض اسے مطلوبہ رقم فراہم کرتا ہے یہ متعلقہ شخص اپنی جائیداد، شے یا اثاثہ بینک سے کچھ اضافی قیمت (Markup) پر پھر خرید لیتا ہے اور مستقبل میں یکمشت یا بالاقساط اس کی ادائیگی کا وعدہ یا انتظام کرتا ہے۔ بینک کی طرف سے اس اثاثہ کی قیمت خرید اور اصل قیمت میں فرق بینک کا منافع ہوتا ہے۔

iv۔ پٹہ داری(Leasing):

اس طریقہ کے تحت بینک کسی شخص کا مطلوبہ اثاثہ خرید کر اسے دے دیتا ہے اور اس کا ایک باہمی طور پر طے شدہ کرایہ وصول کرتا ہے۔

v۔ ملکیتی کرایہ داری(Hire purchase):

اس طریقہ کے تحت بینک کسی گاہک کے لئے اس کا مطلوبہ اثاثہ خرید کر اسے دے دیتا ہے۔ گاہک اس اثاثہ کی قیمت جس میں بینک کے مصارف اور منافع شامل ہوتا ہے اقساط میں اس طرح ادا کرتا رہتا ہے کہ ایک مقررہ مدت کے بعد اثاثہ کی پوری قیمت جس میں بینک کے مصارف اور منافع شامل ہوتا ہے اقساط میں اس طرح ادا کرتا رہتا ہے کہ ایک مقررہ مدت کے بعد اثاثہ کی پوری قیمت بینک کو وصول ہو جاتی ہے اور اثاثہ کی ملکیت گاہک کو منتقل ہو جاتی ہے۔

vi۔ ترقیاتی مصارف پر وصولی(Development Charges):

اس طریقہ کے تحت بینک کسی گاہک کی اراضی یا املاک کی حالت بہتر بنانے اور اسے ترقی دینے کے لئے سرمایہ فراہم کرتا ہے۔ بینک کے اس اقدام سے متعلقہ املاک کی قدر و قیمت میں جو اضافہ ہوتا ہے بینک اس میں سے حصہ وصول کرتا ہے۔

سرمایہ کاری سے متعلق مالیات کی فراہمی کا طریقہ کار

i۔ مشارکہ:

اس طریقہ کے تحت بینک نفع ونقصان میں شرکت کی بنیاد پر سرمایہ کاری کے لئے مالیات فراہم کرتا ہے۔ شرکاء کے درمیان منافع کی تقسیم پہلے سے طے شدہ شرائط کے مطابق ہوتی ہے جبکہ نقصان ان کے سرمایہ کے متناسب ہوتا ہے۔

ii۔ تجارتی کمپنیوں کے سرمایہ حصص میں شرکت اور حصص کی خرید:

بینک تجارتی کمپنیوں کے سرمایہ حصص میں شریک ہو سکتے ہیں اور سٹاک ایکسچینج مختلف کمپنیوں کے حصص خرید کر منافع کما سکتے ہیں۔

iii۔ شراکتی مدتی سرٹیفکیٹ اور مضاربہ سرٹیفکیٹ کی خرید:

پاکستان میں تجارتی کمپنیوں کے سودی ڈبینچرز کی جگہ شراکتی مدتی سٹوفکیٹ (PTC) کا اجراء عمل میں لایا گیا ہے۔ بینکوں کو اس بات کی اجازت دی گئی ہے کہ وہ PTC خریدنے میں اپنا سرمایہ استعمال کریں۔ بینکوں کو اس بات کی بھی اجازت دی گئی ہے کہ وہ عام لمیٹڈ کمپنیوں کے حصص کی طرح مضاربہ کمپنیاں قائم کرنے کے مجاز قرار دیئے گئے ہیں۔ مضاربہ کاروبار کی وہ شکل ہے جس میں سرمایہ ایک فریق کا ہوتا ہے اور کام دوسرا فریق کرتا ہے۔ منافع دونوں میں تقسیم ہوتا ہے طے شدہ شرائط پر مگر نقصان صرف سرمایہ کے مالک کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔

iv۔ کرایہ میں حصہ دار (Rent Sharing):

اس طریقہ کے تحت بینکوں کو اس بات کی اجازت دی گئی ہے کہ وہ کسی جائیداد کی خریداری کے لئے سرمایہ فراہم کر کے اس کے کرایہ میں حصہ دار بن جائیں۔(20)

⑧ غیرسودی بینکاری وبلاسودسرمایہ کاری کی اشکال واقسام

سپریم کورٹ آف پاکستان نے غیرسودی بینکاری وبلاسودسرمایہ کاری کی جن (20) بیس اشکال واقسام کا ذکر اپنے تاریخی فیصلے رپورٹ شدہ پی ایل ڈی 2000 سپریم کورٹ صفحہ 225 (ڈاکٹر محمد اسلم خاکی بنام سید محمد ہاشم و دیگران) میں کیا ہے وہ درج ذیل ہیں:۔

Mudarabah	(مضاربہ)	۱
Musharakah	(مشارکہ)	۲
Leasing	(اجارہ)	۳
Hire-purchase	(اجراء)	۴
Bai-Muajjal	(بیع موجل)	۵
Istisna (Pre-production sale)	(استثنیٰ)	۶
Muzaraah	(مزارعہ)	۷
Musaqah	(مساقہ)	۸
Agency	(نمائندگی)	۹
Service Charges	(حق الخدمت)	۱۰
Qard-i-Hasan	(قرض حسنہ)	۱۱
Buy-Back agreement (subject to certain conditions)	(اشیاء کو بیچ کر دوبارہ خریدنے کا طریقہ)	۱۲
Bai Salam	(بیع سلم)	۱۳
Sale on instalments	(بیع الاقساط)	۱۴
Development Charges	(ترقیاتی چارجز)	۱۵

Equity participation	(سرمایہ میں شراکت)	۱٦
Rent sharing	(شرکتِ کرایہ)	۱۷
Sale and purchase of shares in such companies, which have tangible assets	(مناسب اثاثوں والی کمپنیوں کے حصص کی فروخت)	۱۸
Purchase of trade bills	(تجارتی بلوں کی فروخت)	۱۹
Financing through Auqaf	(سرمایہ کاری اوقاف)	۲۰

سپریم کورٹ آف پاکستان کے رپورٹ شدہ مذکورہ بالا فیصلے میں غیر سودی بینکاری و بلاسود سرمایہ کاری کی جن بقایا 10 اشکال واقسام کا ذکر نہیں کیا گیا ہے وہ درج ذیل ہیں۔

Charge Card System	(چارج کارڈ سسٹم)	۲۱
"Hawalah" or "Kafalah"	(''حوالہ'' یا ''کفالہ'')	۲۲
Trade of shares on Portfolio Management's System	(حصص کی پورٹ فولیو مینجمنٹ کی بنا پر تجارت)	۲۳
Commission	(کمیشن)	۲۴
Profit and loss sharing accounts	(نفع ونقصان میں شراکت)	۲۵
Current accounts	(غیر سودی کرنٹ کھاتے)	۲٦
Traveler's cheques	(ٹریولرز چیک)	۲۷
Non Interest Mutual funds	(غیر سودی میوچل فنڈ)	۲۸
Shikrat-e-Inan	(شرکت عنان)	۲۹
Bai-Eenia	(بیعِ عینیہ)	۳۰

بلاسود اسلامی بینکاری کی 25 اشکال واقسام

1- اجراء (ہائر اینڈ پرچیز)
2- مرابحہ
3- بیع عینیہ
4- مضاربہ
5- شرکت عنان
6- کرایہ میں شراکت داری
7- حق الخدمت (سروس چارجز)
8- ٹریولرز چیک
9- لیٹر آف کریڈٹ
10- غیر سودی میوچل فنڈ
11- چارج کارڈ سسٹم
12- مشارکہ نفع ونقصان میں شراکت
13- مزارعہ
14- اجارہ (لیزنگ)
15- سرمایہ میں شرکت کی بنیاد پر سرمایہ کاری
16- کرنٹ کھاتے
17- نفع ونقصان میں شرکت کے کھاتے
18- قرض حسنہ
19- حصص کی پورٹ فولیو مینجمنٹ کے تحت تجارت
20- بیع سلم
21- بیع استثنٰی (قبل از پیداوار فروخت)
22- ٹریڈ بلوں کی خرید وفروخت
23- حوالہ یا کفالہ
24- ایجنسی یا کمیشن کی بنیاد پر نمائندگی
25- مساقہ

خلاصۂ بحث

مقالہ ہذا میں پیش کی گئی گزارشات سے واضح ہوتا ہے کہ پاکستان میں بلاسود بینکاری کے نظام کے لیے قانونی اور آئینی سطح پر خاطر خواہ کام ہوا۔ عدلیہ، مقننہ اور اسلامی نظریاتی کونسل کے مناسب سفارشات دیں۔ مقننہ نے بحث ومباحثہ کے بعد مناسب تجاویز دیں اور عدالتوں نے اپنے فیصلوں کے ذریعے حکومت کو بلاسود بینکاری پر جلد از جلد عمل کرنے کا پابند کرنے میں کوئی کوتاہی نہیں کی۔ تاہم مالیاتی اداروں اور بینکوں نے اس ضمن میں خاطر خواہ کام نہیں کیا اور نہ ہی ایسے دیرپا عملی اقدامات کیے گئے جن کی وجہ سے بلاسودی نظام کا فائدہ عوام کو پہنچتا۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ وقتی سیاسی مصلحتوں سے بالاتر ہو کر آئینی تقاضوں کے مطابق مالیاتی ادارے ایسے اقدامات اُٹھائیں جس سے پاکستان میں بلاسود بینکاری کا نظام کامیاب ہو سکے اور عوام اس کی افادیت سے فائدہ اُٹھا سکیں۔

حوالہ جات

1۔ محمد نجات اللہ صدیقی" ، ڈاکٹر، غیر سودی بینکاری، ص 11 ، اسلامک پبلی کیشنز لمیٹڈ لاہور

2۔ صدیقی، حفیظ الرحمٰن، قرارداد مقاصد سے اسلامی قانون تک، ص230

3۔ غلام حسین، حافظ، سہ ماہی، منہاج، اسلامی معیشت نمبر، ص 11

4۔ فاروق ملک، پاکستان نظریہ حکومت اور سیاست، ص 604-609، مکتبہ علم وادب، 22اردو بازار لاہور، 1994ء

5۔ غلام حسین، حافظ، سہ ماہی، منہاج، اسلامی معیشت نمبر، ص40

6۔ اسلامی نظریاتی کونسل، بلاسود بینکاری رپورٹ، ص2-6، لاہور

7۔ ....ایضاً............، ص2-8

8۔ ....ایضاً............، ص2-6

9۔ ....ایضاً............، ص2-17

10۔ ....ایضاً............، ص2-18، 2-24

11۔ ....ایضاً............، ص2-36

12۔ ....ایضاً............، ص2-29

13۔ ....ایضاً............، ص2-3

14۔ ....ایضاً............، ص21-33

15۔ ....ایضاً............، ص2-35

16۔ ....ایضاً............، ص2-36

17۔ شریعہ لاء رپورٹس، ص:73

i Pakistan Law Journal, Yeay 2000 No.I, P225.

18۔ ....ایضاً............، ص2-38

19- Consolidated Recommendation on the Islamic System, P:136

20۔ Pakistan Law Journal (P.L.D) Vol.XX, P:221Y 1992

21۔ سہ ماہی، بحث ونظر، پھلواری شریف پٹنہ، حلف2، شمارہ8، ص13، جنوری تا مارچ1990ء

علامہ قرآفیؒ۔ حالات و آثار اور اُن کی تصنیف و تالیف

الاحکام فی تمیز الفتاویٰ عن الاحکام و تصرفات القاضی والامام

کا مختصر تعارف

* ڈاکٹر حافظ غلام یوسف

بے پناہ حمد و ثنا اور صد ہزار شکر اللہ وحدہٗ لاشریک اور منعم حقیقی کا جس نے گوشت کے لوتھڑے سے انسان کو تراشا، اسے نامعلوم چیزوں کی تعلیم دی، قلم کے ذریعہ علم کی اشاعت کے گُر سکھائے اور اِن اوراق پریشاں کی شیرازہ بندی کی ہمت وقوت عطا فرمائی۔

لاکھوں درود و سلام نازل ہوں اللہ کے اُس نبی عربی فداہ ابی واُمی پر جس نے جہالت و گمراہی کی تاریکی میں ٹامک ٹوئیے ٹوئیاں مارتی انسانیت کے سامنے علم و ہدایت کی مشعل روشن کی۔

تاریخ اسلام میں لاتعداد ایسی شخصیات گذری ہیں جنھوں نے اپنے علمی وفکری کاموں کی گہرائی و گیرائی کی وجہ سے علم و عمل کی دنیا میں اَن منٹ نقوش چھوڑے ہیں، اور اُمت مسلمہ کے جسد میں نئی روح پھونکی، علمی وفکری میدان میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، اِنہی نامور شخصیات میں سے علامہ قرافی (۶۲۶-۶۸۴ھ) بھی ہیں جنہوں نے علم و عمل کی دنیا میں بہت گہرے نقوش چھوڑے ہیں، درج ذیل سطور میں علامہ قرافی اور اُن کی تصنیف لطیف الاحکام کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

مؤلف کے حالات زندگی

الاحکام کے مؤلف امام شہاب الدین ابو العباس احمد بن ادریس بن عبدالرحمٰن صنہاجی، مصری، قرافی مالکی ہیں۔ اپنے وقت کے بہت بڑے مفسر، عظیم المرتبت محدّث، فقیہ، اصولی، متکلم، زیرک مقرر، مناظر اور علم وادب کے

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامک لاء، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

مختلف گوشوں پر وسیع اور ناقدانہ نظر رکھتے تھے۔(۱) ان کی پیدائش (۶۲۶ھ) مصر میں ہوئی۔ علامہ قرافی اپنی کتاب "العقد المنظوم فی الخصوص والعموم" کے باب سوم میں لکھتے ہیں:

> میری پیدائش (۶۲۶ھ) مصر میں ہوئی۔ علامہ محمد جُعیط تیونسی نے شرح تنقیح الفصول ۱:۷ میں، کشف الظنون ۲:۱۱۵۳، اور هدیة العارفین ۱:۹۹ میں بھی اِن کی تاریخ پیدائش اور مقام ولادت کے بارے اِسی طرح کی صراحت موجود ہے۔(۲)

مؤلف کو قرافی کہنے کی وجہ

ان کے نام کے ساتھ "قرافی" کی نسبت کی وجہ یہ پیش آئی تھی کہ جس وقت وہ قدیم مصر کے محلہ دیرطین میں مقیم اپنے گھر سے مدرسہ جاتے تو راستہ میں "قرافہ" کے نام سے موسوم ایک قبرستان تھا۔ ایک دن حاضری کی رجسٹر میں ان کے ساتھیوں سے اِن کا نام نہ پڑھا گیا اور اتفاق سے اُس دن علامہ قرافی سبق سے بھی غیر حاضر تھے تو ان کے ہم مکتب ساتھیوں نے اُن کو قرافی کے لقب سے پکارا، کیونکہ وہ مدرسہ اُسی راستہ سے آتے تھے جس میں "قرافہ قبرستان" واقع تھا۔ چنانچہ اُس دن سے قرافی اِن کے نام کا حصہ بن گیا اور بعد میں اُنہوں اسی نام کی وجہ سے شہرت پائی۔(۳)

علامہ قرافی بذات خود اپنی کتاب العقد المنظوم فی الخصوص والعموم میں نسبت کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> قبائل کے دیگر ناموں مثلاً تمیم، ہاشم کی طرح قرافة یہ بھی کسی قبیلہ کا نام تھا، قبائل کے نام بھی درحقیقت کسی معین مرد یا عورت کے نام سے منسوب ہوتے ہیں، اور بعد میں وہ قبیلہ اُسی نسبت سے مشہور ہو گیا ہو۔ یہ قبیلہ مصر کے مضافات میں اُس وقت آ کر آباد ہوا جب حضرت عمرو بن العاص ﷺ اور اُن کے ساتھیوں نے مصر فتح کیا، چنانچہ اسی وقت سے یہ بستی قرافہ کے نام سے مشہور ہو گئی۔ یہ بستی مصر شہر اور برکة الاشراف کے درمیان واقع ہے۔ قرافی

کے عنوان سے میری شہرت کی یہ وجہ نہیں کہ میرا تعلق اُس قبیلہ سے تھا بلکہ میں نے کچھ وقت اسی بستی میں گذارا تھا جہاں یہ قبیلہ آباد تھا اور اسی وجہ سے میری نسبت ''قرافی'' مشہور ہوگئی۔ میرا تعلق مراکش کے شہر قطر سے ہے۔ البتہ میری پیدائش، نشوونما اور تعلیم وتربیت مصر میں ہوئی۔ علامہ محمد بُعیط تیونسی نے ''شرح تنقیح الفصول'' ۱:۶-۷، کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ اِن کی نسبت کی یہ وجہ بظاہر زیادہ معتبر معلوم ہوتی ہے۔ (۴)

علامہ قرافیؒ کے اساتذہ وشیوخ

اللہ تعالیٰ نے علامہ قرافی کو منفرد اور نادر صلاحیتوں سے نوازا، اُنہوں نے اپنے وقت کے بڑے بڑے علماء کے سامنے زانوئے تلمذ طے کئے۔ آپ کے مشہورترین اساتذہ کرام میں سے امام عزّ الدین بن عبدالسلام شافعی، جو سلطان العلماء کے لقب سے مشہور تھے، امام شرف الدین محمد بن عمران المعروف شریف کرکی، قاضی القضاۃ (چیف جسٹس) شمس الدین ابوبکر محمد بن ابراہیم بن عبدالواحد اِدریسی مقدسی، شیخ شمس الدین خسروشاہی اور امام جمال الدین ابن حاجب وغیرہم رحمہم اللہ اجمعین کے نام قابل ذکر ہیں۔ (۵)

علامہ قرافیؒ نے سب سے زیادہ علمی استفادہ شیخ عزالدین بن عبدالسلام، شافعی سے کیا۔ بہت سے علوم و فنون کی تعلیم اِن سے حاصل کی۔ شیخ کی تعلیم وتربیت سے علامہ قرافیؒ ایک باوقار اور عظیم الشان شخصیت کے حامل فرد بنے اور اس کے ساتھ ساتھ اِن میں آزاد فکر کا جذبہ پیدا ہوا۔ شیخ عزالدین جب (۶۳۹ھ) مصر تشریف لائے تو اس وقت علامہ قرافی کی عمر پندرہ سال تھی۔ چنانچہ اس وقت سے لے کر شیخ عزالدین کے وفات (۶۶۰ھ) تک تقریباً بیس سال کے طویل عرصہ تک علامہ قرافی نے اِن سے علمی استفادہ کیا۔ (۶)

شیخ عزالدین بن عبدالسلامؒ نے بھی ان پر دل وجان سے محنت کی، اپنی وسعت علم، غیر معمولی ذہانت، دین میں پختگی، غیر معمولی شخصیت، دین حق کی تائید میں جرأت کا اظہار، علم وفضل اور تقویٰ جیسے تمام اچھے اوصاف کو علامہ قرافی میں منتقل کر دیا۔ علامہ قرافی نے بھی اپنا تمام وقت اپنے استاذ کے سپرد کر دیا اور اس علم کے سمندر سے خوب جی بھر کر سیراب ہوئے علامہ قرافیؒ احادیث کی روایت کے علاوہ اُن کے اقوال کو بکثرت نقل کرتے ہیں اور

اپنی کتابوں میں جابجا اپنے اُستاذ کے لئے تعریفی کلمات لکھتے ہیں۔ چنانچہ الفروق میں لکھتے ہیں:

> شیخ عزالدینؒ اتنے عظیم مقام پر فائز تھے کہ اُن کے ہمعصر بڑے بڑے علماء اور فقہائے کرام بھی علمی استفادہ کے لئے اِن کے محتاج تھے۔ مسائل عقلیہ ونقلیہ پر اُن کی نادر تحریرات موجود ہیں۔ اور وہ ایسے زرین اور نادر نکات کا انکشاف فرماتے تھے کہ اِن کے علاوہ کسی دوسرے شخص کے حصہ میں یہ علمی سعادت نہ آسکی۔ (۷)

علامہ قرافی ''الفروق'' ہی میں دوسرے مقام پر لکھتے ہیں:

> شیخ عزالدین کا شمار اُس وقت کے سربرآوردہ علماء میں ہوتا تھا۔ دینی علوم کے حوالے سے وہ بہت ہی باصلاحیت اور عوام وخواص کے مصالح کی رعایت رکھنے والے تھے۔ قرآن وسنت کی تعلیمات پر سختی سے کاربند تھے۔ اور وہ تو بادشاہوں تک کی پرواہ نہیں کرتے تھے اور اللہ کے دین کے معاملے میں کسی کی ملامت کا کوئی خوف محسوس نہیں کرتے تھے۔ (۸)

شیخ عزالدینؒ عظیم رہنما اور بے مثال شخصیت کے مالک تھے۔ علامہ قرافیؒ اِن کی شخصیت سے اتنے زیادہ متاثر ہیں کہ اِن کے دل ودماغ پر اُنہی کی چھاپ نظر آتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ علامہ قرافی کی سوچ وفکر، انداز بیان، تالیف کے طریقہ کار وغیرہ تمام اُمور میں اِن کے استاذ کے جملہ افکار ونظریات کا عکس نمایاں نظر آتا ہے۔

علامہ قرافیؒ نے علوم کی تحصیل اور اُن کی معرفت کے حصول کے لئے بہت زیادہ محنت کی۔ علوم شریعہ میں اتنی پختگی، ملکہ اور مہارت پیدا کرلی تھی کہ اُن کی اِن علمی صلاحیتوں نے اُنہیں امام کے منصب تک پہنچادیا۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کو امتیازی مہارت اور انداز بیان کی عجیب اور منفرد صلاحیت کا زبردست ملکہ عطا فرمایا تھا۔

بہت سے ذہین اور لائق طلبہ مسائل کی توضیح وتشریح، دلائل کی تحقیق وتنقیح، مشکل اور پیچیدہ مسائل ان سے دریافت کرتے تھے۔ بے دین اور دین کے مخالفین کا قلع قمع کرنے کے لئے ہمہ وقت کمر بستہ رہتے تھے۔ تصنیف وتالیف میں ان کی سرعتِ رفتار کا یہ عالم تھا کہ آٹھ ماہ کے قلیل عرصہ میں اُنہوں نے گیارہ علوم پر قیمتی اور نادر تصانیف تالیف فرمائیں۔ (۹)

علوم شریعہ میں مہارت اور کمال دسترس کے باوجود اُن پر جو تنقید کی جاتی ہے وہ علوم حدیث کے بارے میں ان کی کم مائیگی ہے۔ چنانچہ ''الفروق'' میں خود اس امر کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

سألتُ جماعةً مِنَ الْمُحَدِّثين وَالْعُلماءِ الرَّاسخين فِي الْعِلمِ عَمَّن يُرْوى قوله ﷺ'' لا غيبة فى فاسقٍ'' فَقَالُوْا لي لَمْ يصِح (۱۰)

''میں نے محدثین اور محقق ماہر علماء سے رسول اللہ ﷺ سے مروی اس قول ''فاسق کے فسق و فجور کو بیان کرنا غیبت نہیں ہے'' کے بارے میں دریافت کیا، تو اُنہوں جواب دیا کہ یہ حدیث صحیح نہیں ہے''۔

علامہ قرافی کی کتابوں میں بعض موضوع اور کچھ موضوع کے قریب احادیث ملتی ہیں، انہی موضوع احادیث میں سے ''الفروق'' میں نقل کردہ یہ حدیث بھی ہے:

۱- **قال عليه الصلاة والسلام اَلْمَعِدَةُ بيتُ الداء والحِمْيَةُ رأس الدواءِ وصلاحُ كلِّ جسمٍ ما اعتاد** (۱۱) معدہ بیماری کا گھر ہے اور پرہیز سب سے بڑا علاج ہے جسم کی اصلاح انہیں چیزوں سے ممکن ہے جن کا وہ عادی ہو۔ یہ حدیث نہیں ہے بلکہ حارث بن کلدہ ثقفی کا قول ہے جو کہ عرب کے معروف طبیب تھے۔ (۱۲)

حدیث کے عنوان سے الفروق، میں موجود یہ عبارت:

۲- **قال رسو ل الله ﷺ: الناس كلهم هَلْكَىٰ الاّ العالمون، والعالمون كلهم هَلكى الا العاملون والعاملو ن كلهم هلكى إلّا المخلصون** (۱۳)، (رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علماء کے علاوہ تمام لوگ ہلاک و برباد ہونے والے ہیں، اور علماء بھی ہلاک و برباد ہونے والے ہیں سوائے ان لوگوں کے جو علم کے مطابق عمل کرنے والے اور عمل کرنے والے بھی ہلاک و برباد ہونے والے ہیں مگر وہ لوگ کامیاب وکامران ہوں گے جنہوں نے علم کے مطابق انتہائی اخلاص کے ساتھ عمل کیا)۔ یہ موضوع حدیث ہے جس کی صراحت موضوعات حدیث کی کتابوں میں دیکھی جاسکتی ہے۔ (۱۴)

احادیث کے عنوان سے موجود وہ عبارات جنہیں موضوعات کی فہرست میں شمار کیا جاتا ہے اُن میں سے الفروق، میں نقل کردہ درج ذیل عبارات ہیں:

۳- قال علیه الصلاة والسلام الطلاقُ والعتاق من أيمانِ الفُسَّاقَ(۱۵)،رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: طلاق اور عتاق فاسقوں کی قسمیں ہیں۔

۴- قولهُ علیه السلام مَنْ حَلَفَ و استثنیٰ عاد کمن لم يَحْلِف(۱۶)، (رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد کہ جس شخص نے قسم اٹھانے کے بعد ان شاء اللہ کہہ دیا تو وہ ایسا ہی ہے گویا اُس نے قسم کھائی ہی نہیں۔ یہ دونوں عبارات موضوعات حدیث کی کتابوں میں موجود ہیں۔(۱۷)

ان کے علاوہ الفروق میں ہے:

۵- عن أبي موسى الأشعري ﷺ أنه كان يقول:إنا لنَكْثِرُ في وجوه أقوام وإن قلوبَنا لتلعنهم(۱۸)''۔(حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ فرماتے ہیں: کہ ہم بعض لوگوں کے سامنے اُن سے ہنسی مذاق کر رہے ہوتے ہیں جبکہ ہمارے دل اُن پر لعنت بھیج رہے ہوتے ہیں)۔

اس قول کو بھی علامہ قرافیؒ نے حدیث شمار کیا ہے حالانکہ یہ حدیث نہیں ہے بلکہ حضرت ابودرداء ﷺ کا قول ہے، جس کی صراحت امام بخاریؒ نے ''صحیح البخاری''(۱۹) میں کی ہے۔اس طرح کی مثالیں اور بھی بکثرت موجود ہیں بطور نمونہ یہاں صرف چند مثالوں پر اکتفاء کیا گیا۔

لیکن یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے کیونکہ اس طرح کے کئی علماء کی مثال پیش کی جاسکتی ہے جو ایک فن میں امام اور اپنی مثال آپ ہوتے ہیں جبکہ دوسرے علوم میں اُن کی معلومات ایک عام آدمی کے برابر ہوتی ہیں۔اس طرح کی مثالوں کو بنیاد بنا کر کسی عالم کی تنقیص یا اُس پر نکتہ چینی نہیں کی جاسکتی۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿ وَمَا أُوتِيتُم مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلاً ﴾(۲۰)تمہیں بہت ہی کم علم دیا گیا ہے، ﴿وَقُلْ رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا﴾(۲۱)، کہہ دیجئے اے اللہ میرے علم میں اضافہ فرما۔

علامہ قرافی کے تلامذہ

علامہ قرافی مرجع خلائق تھے۔ دُور دراز کے ممالک سے بڑے بڑے علماء ان سے ملاقات اور بالمشافہ گفتگو کرنے کے لئے حاضر ہوتے تھے، اُنہی علماء میں سے **إكمال الإكمال علىٰ صحيح مسلم للقاضي عياض** کے مؤلف امام ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم بقُوری، مراکشی، اندلسی (م: ۷۰۷ھ) بھی ہیں، جو مصر میں علامہ قرافیؒ کے پاس حاضر ہوئے۔ اِن سے علمی استفادہ کے علاوہ **الفروق** کا خلاصہ اور اس کی تہذیب وتزیین کے ساتھ اِس کو ترتیبِ جدید سے مرتب بھی کیا۔ اس بات کا تذکرہ محمد مخلوف نے **شجرة النور الزكية**، ص: ۲۱۱، میں اور ابن فرحون نے اپنی کتاب **الديباج المُذهَب**، ص: ۳۲۲، میں کیا ہے۔

مختصر ابن حاجب کے شارح امام ابن راشد محمدؒ بن عبداللہ بن بکری تیونسی، بھی علامہ قرافی سے فیض حاصل کرنے والوں میں شامل ہیں جس کا تذکرہ تنبُکتی نے ''**نیل الابتهاج**'' ص: ۲۳۵، میں کیا ہے۔

علامہ ابن راشد محمدؒ اپنی طالب علمی کے دور کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ تیونس کے بڑے بڑے نحویوں اور ادیبوں سے ملاقات کی اور اُن سے علم حاصل کرنے کے بعد جب میں اسکندریہ پہنچا تو وہاں بھی میری ملاقات بڑے بڑے متبحر علماء سے ہوئی، اُن میں سے قاضی القضاۃ ناصرالدین بن منیر، کمال تنّسی، ناصرالدین ابن اَبیاری، ضیاءالدین بن علاق اور محیی الدین حافی جیسے اکابر علماء کرام کے نام قابل ذکر ہیں جن سے میں نے علم حاصل کیا۔ اس کے بعد میں شہاب قرافی سے ملنے قاہرہ پہنچا جو اپنے وقت کے فقہ مالکی کے امام تھے، اپنے ہمعصروں میں ایک نادر شخصیت اور اپنی مثال آپ تھے، انتہائی سعادت مند، بڑے عقلمند اور ذہین تھے۔ مناظروں میں ہمیشہ اپنے حریفوں پر فتح یاب ہونے والے اور مقابلے کے ہر میدان میں سبقت لیجانے والے، تمام علوم عقلیہ ونقلیہ کے ماہر، اُنہوں نے اپنی پوری زندگی تعلیم وتعلم کے لیے وقف کی ہوئی تھی۔ مجھے اُن کے ہاں وہ مقام وعزت ملی جیسے آنکھ میں سیاہ حصہ اور جسم میں روح کو حاصل ہوتی ہے۔ (۲۴)

وہ ایک ایسے مذہبی پیشوا تھے جن کے پاس اطراف عالم سے آنے والے لوگوں کا تانتا بندھا رہتا تھا۔ اُس دور میں ان کے شیخ الاسلام ہونے پر مالکی علماء کے علاوہ دوسرے تمام علماء بھی متفق تھے۔ علامہ سیوطی لکھتے

ہیں،انتهت إليه رياسة المالكية فی مصره،علامہ قرافی اپنے وقت کے فقہ مالکی کے سب سے بڑے امام و پیشوا تھے۔ (۲۴)

علامہ ابن فرحون نے قاضی القضاۃ (چیف جسٹس) تقی الدین بن شُکر کا قول نقل کیا ہے کہ تمام شوافع اور مالکیہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ہمارے زمانے کے علماء میں سے سب سے زیادہ عالم فاضل تین حضرات ہیں: قدیم مصر میں مقیم علامہ قرافیؒ، اسکندریہ کے شیخ ناصر الدین ابن مُنیرؒ اور قاہرہ کے شیخ ابن دقیقؒ العید۔ (۲۵)

علامہ سیوطیؒ نے اپنی کتاب حسن المحاضرة،۱: ۱۲۷، میں علامہ قرافیؒ کا شمار مصر کے مجتہدین میں کیا ہے۔اُن کے حالات زندگی دیگر عام علماء کے حالات زندگی کے ساتھ تحریر نہیں کیے جن کا تعلق مذاہب اربعہ میں کسی نہ کسی مسلک سے ہے۔علامہ سیوطی نے اس کے ساتھ ہی قاضی القضاۃ (چیف جسٹس) تقی الدین بن شُکر کا مذکورہ بالا قول بھی نقل کیا ہے۔

علامہ قرافی بحیثیت ریاضی دان

علامہ قرافیؒ علوم شرعیہ میں امامت کے درجہ پر فائز ہونے کے علاوہ بہت بڑے ریاضی دان اور ماہر فلکیات بھی تھے۔متحرک تصاویر پر نئی ایجادات کے حوالے سے انہوں نے تحقیقی وتجدیدی کام کر کے بڑی شہرت وفضیلت حاصل کی تھی۔

علامہ قرافیؒ اپنی کتاب "نفائس الاصول فی شرح المحصول" میں دلالت صوتیہ کے بارے میں لکھتے ہیں: کیا صرف آواز کو سن کر اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ یہ فلاں شخص کی آواز ہے؟ تحقیق سے یہ بات ثابت ہوئی کہ صرف آواز سن کر یہ نہیں کہہ سکتے کہ یقیناً یہ فلاں شخص کی آواز ہے۔کیونکہ انسان کے علاوہ کسی دوسری مصنوعی چیز سے بھی آواز پیدا کی جاسکتی ہے۔(۲۶)

عجیب وغریب گھڑی کی ایجاد

علامہ قرافیؒ نفائس " الأصول فی شرح المحصول"ہی میں لکھتے ہیں:

مجھے معلوم ہوا کہ مَلک کامل (۲۷) کے لئے چراغ رکھنے کے لئے پیتل کا بنا ہوا ستون نما لمبا چراغدان رکھا جاتا تھا جس میں مختلف خانے بنے ہوئے تھے۔ رات کے وقت ہر گھنٹہ کے بعد ایک خانہ کھلتا تھا اور اس میں سے ایک انسان کی شبیہ برآمد ہوتی اور بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوتی ۔

جب دس گھنٹے گذر جاتے تو اُن میں سے ایک انسانی شبیہ چراغدان کے سب سے اوپر والے خانے میں پہنچ کر صبح کا سلام ان الفاظ میں کرتی تھی ''**صبّح الله السلطان بالخير والسعادة**''۔

علامہ قرافی کہتے ہیں کہ:

''میں نے بھی اسی طرح کا ایک چراغدان بنایا اور میں نے اُس میں یہ اضافہ کیا کہ ہر گھنٹہ کے بعد اُس میں رکھے ہوئے چراغ کا رنگ تبدیل ہو جاتا۔ اُس میں شیر کی ایک شبیہ بنائی جس کی دونوں آنکھیں پہلے سیاہ رنگ پھر سفید رنگ اور اس کے بعد سُرخ رنگ میں تبدیل ہو جاتیں تھیں۔ ہر گھنٹہ کے بعد اُن کا ایک نیا رنگ ہو جاتا تھا۔ اور دو پرندوں کے منہ سے دو کنکر گرتے تھے، آدمی کی شبیہہ اُس چراغدان میں داخل ہوتی اور دوسری باہر آتی ایک دروازہ کھلتا اور دوسرا بند ہو جاتا اور جب صبح ہو جاتی تو ایک انسانی مجسمہ چراغدان کے سب سے اوپر والے خانے میں پہنچ کر اپنی اُنگلیاں کانوں میں ڈال کر اذان کا اشارہ کرتا لیکن میں اُس میں آواز پیدا کرنے سے قاصر رہا۔ اس کے بعد میں نے ایک جانور بنایا جو چلتے وقت دائیں بائیں دیکھتا تھا اور سیٹی بجاتا تھا لیکن وہ بھی بات نہ کر سکتا تھا''۔(۲۸)

یہ ایجاد امام قرافی کی ذکاوت اور صنعت سازی کی عجیب وغریب اور امتیازی مہارت کی دلیل ہے۔

علامہ قرافی کا شکوہ

علامہ قرافیؒ اکثر وبیشتر حاسدین، فسادی اور فتنہ پرور مناظرین کے بارے میں کہا کرتے تھے کہ یہ لوگ علوم کو چوری کرنے والے، علم ومعرفت کے نام نہاد دعویدار، ذی عقل علماء کی عقل کو اُچک لینے والے ہوتے ہیں اور وہ

ہر زمانے ہر صحرا اور ہر شہر وقصبہ میں موجود ہوتے ہیں۔ایسے لوگوں سے بچنے کی ترغیب دیتے وقت درج ذیل اشعار پڑھا کرتے تھے:

وَاِذَا جَلَسْتَ إلی الرِّجَالِ و أشرَقَتْ   فِی جَوّ باطِنِکَ العُلوم الشُّرد

جب تو لوگوں کے پاس بیٹھے اور تیرے باطن کے بدک جانے والے نادر علوم روشن ہونے لگیں

فاحذر مناظرةَ الحسودِ فإنما   تغتاظُ أنت و یستفیدُ ویَجْحَدُ

تو حاسد کے ساتھ مناظرہ سے بچو کیونکہ تم تو غصہ میں آ جاؤ گے اور وہ فائدہ اُٹھا کر انکار کر دے گا

اس کے علاوہ اکثر و بیشتر محی الدین المعروف حاتیؒ کے یہ اشعار پڑھتے رہتے تھے۔

عَتَبْتُ عَلی الدُّنیا بتقدیم جاهل   و تاخیر ذی علمٍ فقالت خُذِ العذرا

میں نے جاہل کو فوقیت دینے اور صاحب علم کو محروم رکھنے پر دنیا سے اظہار ناراضگی کیا، تو دنیا نے جواب دیا عذر سنو!

بنو الجهل أبنائی ، وکُلُّ فضیلة   فأبناؤها أبناءُ ضَرَّتِیَ الأخریٰ

جاہل میرے فرزند ہیں، ہر فضیلت اور کمال کے فرزند میری دوسری سوکن کے فرزند ہیں (۲۹)

کتاب کے نام کی تحقیق اور زمانۂ تالیف

یہ کتاب اپنے موضوع پر ایک نہایت اہم متن ہے۔کتاب کے نام کے بارے میں موجود عبارات کے درمیان خاصا اختلاف پایا جاتا ہے۔چنانچہ اس کتاب کے اکثر قلمی نسخوں کے شروع اور آخر میں اس کا نام الإحکام فی تمییز الفتاویٰ عن الأحکام وتصرُّفِ القاضی و الإمام لکھا ہوا ہے۔جبکہ امام قرافی کی معروف تصانیف الفروق(۳۰)،اور شرح تنقیح الفصول فی الأصول ص: ۱۹۶، الفصل السابع فی نقص الاجتهاد میں مکمل نام الإحکام فی الفرق بین الفتاویٰ والأحکام و تصرّف القاضی و الإمام موجود ہے۔(۳۱)

الفروق ہی میں کتاب کا نام الإحکام فی الفَرق بین الفتاویٰ والأحکام(۳۲)، نیز علامہ ابن فرحون کی دو کتابوں:

- الدیباج المُذھب فی معرفة أعیان علماء المَذھب (۳۳)
- تبصرة الحکام،(۳۴)

نیز علامہ طرابلسی کی کتاب مُعین الحکام،(۳۵) میں بھی کتاب کا نام اسی طرح مذکور ہے۔اور الفروق ہی میں اِس کتاب کا نام الإحکام فی الفتاویٰ والأحکام و تصرف القاضی والاِمام بھی ہے۔(۳۶) جب کہ مؤخر الذکر دونوں کتابوں تبصرة الحکام(۳۷) اور مُعین الحکام(۳۸)، میں الإحکام فی تمییز الفتاویٰ والأحکام بھی مذکور ہے۔اس کے علاوہ علامہ علیش کے فتاویٰ فتح العلی المالک،۱:۵۸ میں اس کا نام الإحکام فی تمییز الفُتیاعن الأحکام و تصرُّف القاضی والاِمام ہے۔(۳۹)

بظاہر مختلف کتابوں میں نام کا یہ فرق اس وجہ سے ہے کہ ان میں سے بیشتر نام حقیقی واصلی نام نہیں بلکہ کتاب کے اصلی نام کے لیے رموز واشارہ ہیں ۔اِن تمام ناموں میں صحیح، مناسب اور مکمل ترین وہ پہلا نام ہے جو کہ کتاب کے متفرق مطبوعہ نسخوں کے شروع اور اختتام میں موجود ہے۔اور اِن ناموں میں سے بھی سب سے زیادہ مکمل نام وہ ہے جو کہ ''دار الکتب المصریه'' میں موجود قلمی نسخہ میں ہے شیخ ابو غدّہ فرماتے ہیں کہ: میں نے اِس کتاب کے لئے اُسی نام:الإحکام فی تمییز الفتاویٰ عن الأحکام و تصَرّفات القاضی و الإمام کو بطور عنوان اختیار کیا ہے۔کیونکہ اس میں تصرفات جمع کا صیغہ استعمال ہوا ہے۔اور جو جامعیت و معنویت، یکسانیت اور حسن ترتیب تصرفات کے صیغہ میں پائی جاتی ہے یہ خصوصیات واحد کے صیغہ تصرف میں نہیں پائی جاتی۔

امام احمد بن یحییٰ وَنشَرِیشی نے بھی اپنی کتاب المِعیار المُعرِب ۶:۱۲ میں قرافی کی کتاب کا حوالہ دیتے ہوئے الإحکام فی تمییز الفتاویٰ عن الأحکام وتَصرّفِ القاضی والاِمام نقل کیا ہے۔علامہ قرافی نے بذات خود بھی الاحکام کے مقدمہ میں تصرف کے بجائے تصرفات کا صیغہ استعمال کیا ہے۔چنانچہ وہ لکھتے ہیں وقد وقع بینی و بین الفضلاء مباحثُ فی أمر الفرق بِین تصرُّفات الحُکّامِ و تصرُّفات الائمة

''میرے بعض فاضل ساتھیوں اور میرے درمیان فتویٰ اور فیصلہ میں فرق، قاضی اور حکمران کے اختیارات میں تمیز کے بارے میں اختلاف واقع ہوا تھا''۔

مقدمہ کے آخر میں لکھتے ہیں: **وَاُنبّه علیٰ غوامض تلک المواضع وفروعهافی الاَحکام والفتاویٰ وتصرّفات الائمة**، اِن مقامات کے دقیق نکات، قاضی کے اختیارات، احکام اور فتاویٰ سے متعلق مسائل پر روشنی ڈالنا چاہتا ہوں۔ علامہ قرافی کی اِن عبارات کو دیکھتے ہوئے اِس بات کو تقویت ملتی ہے کہ ''**تصرُّف الائمة**'' واحد کے صیغہ کی بہ نسبت ''**تصرفات الاَئمة**'' (جمع کا صیغہ) زیادہ مناسب اور صحیح ہے۔ (۴۰)

کتاب کا یہ نام اگر چہ طویل ہے لیکن اتنا طویل بھی نہیں جیسا کہ بعض اکابر علمائے مالکیہ اور علماء مراکش کی کتابوں کے طویل نام ہیں۔ اِس نام کا ایک ایک لفظ مستقل معنیٰ پر دلالت کرتا ہے جو کہ کسی اور لفظ سے ادا نہیں ہوسکتا۔

تاریخ تالیف

اس کتاب کی تاریخ تالیف متعین نہیں، لیکن یہ بات یقین سے کہی جا سکتی ہے کہ علامہ قرافیؒ نے اپنی کتاب **الفروق** کی تالیف **اَلإ حکام** کے بعد کی ہے۔ کیونکہ علامہ قرافیؒ نے **الفروق** میں جابجا **الاحکام** کا تذکرہ کرتے ہوئے اِس کی خوب تعریف وتوصیف کی ہے۔

علامہ قرافی **الفروق** میں لکھتے ہیں:

> میری ایک کتاب ہے جس کا نام میں نے **الإحکام فی تمییز الفتاویٰ عن الأحکام و تصَرّفات القاضی و الإمام** رکھا ہے۔ اس کتاب میں چالیس مسائل بیان کئے ہیں۔ جو ''الفروق'' کے اسرار ورموز کو جامع ہیں۔ اپنے فن کے اعتبار سے یہ ایک بہت ہی عمدہ، معیاری اور ایک مستقل کتاب ہے۔ یہاں اُس کے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے جو چاہے اس کتاب کا مطالعہ کرلے یہ کتاب اپنے موضوع پر ایک عمدہ کتاب ہے اور اس فن کے بارے میں معلومات حاصل کرنے والوں کے لئے بہت زیادہ نفع بخش ہوگی۔ (۴۱)

علامہ قرافی الفروق، ہی میں ایک مقام پر لکھتے ہیں:

> کسی بھی فقیہ نے، مفتی اور حاکم کے فیصلہ میں فرق کو بہتر انداز میں بیان نہیں کیا، کیونکہ یہ بہت ہی خفیف و باریک فرق ہے۔ چنانچہ میں نے اپنی کتاب **الاحکام فی تمییز الفتاویٰ** میں یہ باریک فرق اچھی طرح واضح کر دیا ہے۔ نیز **الاحکام** میں چالیس مختلف مسائل ذکر کیے گئے ہیں جس سے یہ فرق خوب واضح ہو گیا ہے۔ جس شخص کو بھی اس بارے میں معلومات درکار ہوں وہ میری مذکورہ کتاب سے استفادہ کرے تو اُسے بہت مفید پائے گا۔ (۴۲)

علامہ قرافی کی کتاب **الفروق** کے مطبوعہ نسخوں میں الفروق کی تالیف مکمل ہونے کی تاریخ کا کہیں تذکرہ نہیں ملتا۔ البتہ علامہ قرافی اپنی کتاب شرح **تنقیح الفصول فی الاُصول** کے آخر میں لکھتے ہیں کہ میں اس کتاب کی تصنیف و تالیف سے بروز پیر ۹ شعبان، ۶۷۷ھ کو فارغ ہوا۔ اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ **الاحکام** کی تالیف ۶۷۷ھ سے پہلے ہوئی ہے۔ کیونکہ علامہ قرافیؒ کی تاریخ وفات ۶۸۴ھ ہے۔ (۴۳)

الاِحکام کی تدوین جدید میں شیخ عبدالفتاح ابوغدہ کا کردار

شیخ عبدالفتاح ابوغُدہ جو کہ معروف شامی الاصل حنفی فقیہ (م: ۹ شوال ۱۴۱۷ھ/ ۱۶ فروری ۱۹۹۷ء) تھے، اُنہوں نے علامہ قرافی کے حالات زندگی اور اُن کی کتاب **الاحکام** کے بارے میں ایک تفصیلی مقدمہ تحریر کیا ہے جس سے اِس کتاب کی افادیت میں کئی اضافہ ہو گیا ہے۔ ابوغدہ کی تحقیق اور تدوین حدیث سے متعلق چیدہ چیدہ نکات ملاحظہ ہوں:

شیخ ابوغدہؒ نے **الاحکام** کو مختلف خطی اور مطبوعہ نسخوں کے تقابل سے تدوین جدید کے ساتھ مرتب کیا ہے اور اِسے اپنے وقیع حواشی اور تعلیقات سے مزین کیا ہے۔ ان تعلیقات اور حواشی کی ضخامت اصل متن کے تقریباً نصف کے قریب ہے۔

شیخ ابوغدہؒ فرماتے ہیں:

الاحکام کی تحقیق اور تدوین جدید کے دوران کئی مقامات پر الاحکام اور الفروق کی اُن مباحث میں جو ان دونوں کتابوں میں تقریباً یکساں ہیں، اور جن میں قارئین کے لئے کوئی مفید مباحث ہیں، اُن کے درمیان ربط پیدا کرنے کی میں نے پوری کوشش کی ہے۔

- اکثر مواقع پر جہاں دونوں کتابوں کے مباحث میں مجھے یکسانیت نظر آئی میں نے اُن تمام مسائل کا حوالہ دیدیا، لیکن وہ مقامات جہاں میں نے محسوس کیا کہ قاری کے لیے اِس کا مزید مطالعہ مفید ثابت ہوگا تو میں نے ''الاحکام'' کے حاشیہ پر ''الفروق'' کی عبارات قارئین کے استفادہ کے لئے نقل کر دیے ہیں۔
- الاحکام کو مزید فائدہ مند اور معلومات افزا بنانے کے لئے قاضی ابن فرحون مالکیؒ (م:۷۹۹ھ) کی کتاب تبصرة الحكام فی أصول الأقضية ومناهج الأحكام اور قاضی علاء الدین طرابلسی حنفیؒ (م:۸۴۴ھ) کی کتاب مُعين الحكام فيما يتردد بين الخصمين من الأحكام سے بھی متعلقہ اقتباسات حاشیہ پر نقل کر دیے گئے ہیں۔
- محققین کے استفادہ کے لئے الاحکام میں موجود آیاتِ قرآنیہ اور احادیث نبویہ کی تخریج اصل مصادر سے کی ہے۔ صحت وسقم کے حوالے سے بعض احادیث پر کی گئی جرح کی بھی نشاندہی کردی ہے۔ اور الاحکام میں موجود شخصیات کے حالات زندگی کا تذکرہ کر دیا تاکہ قاری شخصیات کے علمی تشخص اور مقام کو پہچان سکے۔
- الاحکام کی عبارت میں اگر کوئی تحریف یا سقم نظر آیا تو حسب استطاعت اس کی اصلاح کردی ہے۔ اور بعض مفصل جملوں کی اختصار کے ساتھ آسان الفاظ میں تشریح بھی کردی گئی ہے۔

کتاب کے آخر میں آیات قرآنیہ، احادیث نبویہ، أعلام اور مآخذ ومصادر کا انڈکس اور اشاریہ دیدیا ہے

شیخ ابوغدہؒ لکھتے ہیں:

میں نے اس کتاب کو آسان اور عمدہ انداز میں پیش کرنے کی پوری کوشش کی ہے۔ میری

محنت قاری کے سامنے ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کام کو محض اپنے فضل و کرم اور لطف و عنایت سے شرف قبولیت بخشے، اس کتاب کو مفید عام بنائے اور ہمیں اپنے دین اور شریعت مطہرہ کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے، **فذلک الفضل العظیم.** (۴۴)

کتاب تصنیف کرنے کی وجہ

علامہ قرافی نے الإحکام کی تصنیف و تالیف میں عام طرز تحریر نہیں اپنایا، بلکہ علامہ قرافی نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ ہونے والے مختلف مسائل سے متعلق چالیس سوالات کے جوابات اور تبادلہ خیال کو کتابی شکل میں قلمبند کیا ہے۔ علامہ قرافیؒ نے الإحکام کا مقدمہ خود تحریر کیا جس میں اُنہوں نے، کتاب لکھنے کی ضرورت و اہمیت، اہم نکات اور اہداف کو اور اپنے طرز تحریر کی وضاحت اِن الفاظ میں کرتے ہیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ تعالیٰ سے عفو و درگذر کا طالب بندہ فقیر احمد بن ادریس مالکیؒ رقمطراز ہے، تمام تعریفیں تمام جہانوں کے بادشاہوں کے بادشاہِ حقیقی کے لئے کہ تمام دنیا اِسی کی عنایت و عطاء ہیں۔ وہ کریم اور بہت احسان کرنے والی ذات ہے اُن کا ہر فیصلہ عدل و احسان پر مبنی ہوتا ہے۔ اُسی نے صحیفے نازل فرمائے اور دنیا کے وسائل کو اپنی اعلیٰ ارفع نعمتوں کے حصول کے لیے مشروع قرار دیا، جس سے حق عیاں ہوا، عدل و انصاف کا بول بولا ہوا، ظلم و زیادتی ملیامیٹ ہوئی، وہی نیکیوں کو پروان چڑھاتا ہے اور سیئات کو مٹاتا ہے، وہ بڑے غلبہ والا بادشاہ ہے، بہت زیادہ عطا کرنے والا، پردہ پوشی کرنے اور مسلسل مغفرت کرنے والا ہے۔

درود و سلام کے تمام اچھے کلمات اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے سب سے بہترین ذات کے لئے مختص ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے بنو عدنان میں سے مبعوث فرمایا، جو سب سے زیادہ درست فیصلہ کرنے والے اور طاقتور و مضبوط امام ہیں، انسانوں اور جنوں کے لئے رسول اعظم ہیں، اور درود و سلام آپ کے صحابہ کرام، آپ کی ازواج مطہرات اور آپ کے انصار پر نازل ہو۔ اُس ذات برحق پر ایسا درود و سلام نازل ہو جو اُن کے لیے جنت کے اعلیٰ ترین مقامات پر فائز ہونے کا ذریعہ و وسیلہ بن جائے اور ہم آپ کی ذات ہی کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرتے ہیں۔

امابعد: کافی عرصہ سے میرے اور میرے بعض فُضلاء کے درمیان درج ذیل مسائل کے بارے میں بحث و مباحثہ چلا آ رہا ہے:

① اُس فتویٰ کی شرعی حیثیت کیا ہے ؟جس کے خلاف فریق مخالف کا فتویٰ موجود ہو

② ایسے حکم کی کیا حیثیت ہے؟ جس کے خلاف کوئی دوسرا حکم موجود نہ ہو؟

③ حُکام عدالت اور ائمہ یا سربراہان ریاست کے تصرفات کے دائرہ کار کیا ہے؟

④ اِس باب میں اختلاف ہے کہ آیا رمضان کے چاند کا ثبوت صرف ایک آدمی کی گواہی سے ثابت ہوجاتا ہے؟

⑤ پھر کیا ایک آدمی کے گواہی سے رمضان کا ثبوت اُس شخص کے حق میں بھی ہوگا؟ جس کا مسلک یہ ہے کہ رمضان کے چاند کے ثبوت کے لئے دو آدمیوں کی گواہی ضروری ہے۔ (یعنی جب تک دو آدمی رمضان کا چاند دیکھنے کی گواہی نہ دیں اُس وقت تک رمضان کا ثبوت نہیں ہوسکتا)

⑥ اسباب میں بھی اختلاف ہوسکتا ہے کہ یتیموں کے اموال میں سے اگر حاکم کچھ فروخت کردے تو کیا خرید وفروخت کے اس عقد کے صحیح ہونے کا حکم لگایا جاسکتا ہے؟ کوئی دوسرا شخص اس حکم کو کالعدم قرار دے سکتا ہے؟

⑦ جب کسی شخص کا عادل ہونا ثابت ہوجائے؟ تو کیا کوئی دوسرا شخص اس کی ثابت شدہ عدالت کو باطل و کالعدم قرار دے سکتا ہے؟ یا یہ ایک ایسا فیصلہ ہے جسے کالعدم قرار نہیں دیا جاسکتا؟ اور اِس طرح کے دیگر مسائل۔

اس کے علاوہ قاضی و حاکم کے اس فیصلہ کی حقیقت سے متعلق بھی جواب وسوال کا دور ہوا جسے تبدیل نہیں کیا جاسکتا، چنانچہ اس سوال کا جواب بڑی شرح وبسط کے ساتھ اسی کتاب میں دیا گیا ہے۔ جبکہ عموماً اس سوال کا جواب یہی دیا جاتا کہ فیصلہ تو واجب التعمیل اور لازمی ہوتا ہے جبکہ فتویٰ کی حیثیت تو صرف خبر کی ہوتی ہے۔

اس پر بھی یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ لازمی ہونے سے اگر حسی اور جسمانی طور پر لازم ہونا مراد ہے تو حاکم بھی بسا اوقات ظاہری اور حسی طور پر لازم نہیں کر سکتا، مثلاً وہ نظر بند اور قید وغیرہ، کرنے کے قابل نہیں ہوتا، لیکن اس کے باوجود حاکم کا فیصلہ حکم ہی کہلاتا ہے حالانکہ حاکم کا لزوم حسی تو حکم نہیں ہوتا۔ اور اگر اس سے مراد یہ ہے کہ حاکم اللہ تعالیٰ کے حکم کے بارے میں یہ اطلاع دیتا ہے کہ اللہ کا حکم واجب التعمیل ہوتا ہے تو فتویٰ کی بھی یہی حیثیت ہوتی ہے۔

بعض اوقات فیصلہ ہی اِس بات کا ہوتا ہے کہ فلاں چیز لازمی یا واجب التعمیل نہیں مثلاً حاکم کا کوئی ایسا حکم جس کے مطابق حاکم نے فیصلہ کیا اور اُس میں ایسا کوئی عنصر موجود نہیں جو کسی فعل کو لازمی قرار دے مثلاً کسی معاملہ میں یہ طے کرایا جائے کہ فلاں فعل یا امر مباح ہے، یا فلاں معاملہ میں متعلقہ فریق پر کوئی پابندی عائد نہیں کی جا سکتی۔ ظاہر ہے کہ ایسے فیصلہ میں نہ وجوب کا مفہوم پایا جاتا ہے اور نہ کسی چیز کے لازمی ہونے کا۔ اس سے یہ بات واضح ہوگئی کہ حکم کی تفسیر اور وضاحت واجب التعمیل ہونے کے لفظ کے ساتھ کرنا، حکم کی یہ جامع تعریف نہیں ہے۔

اس کے علاوہ حاکم کے حکم کے بارے میں یہ سوال بھی کیا جاتا ہے کہ حاکم کا حکم نفسانی ہے یا لسانی؟ کیا وہ خبر ہے یا انشاء؟ ان سوالات کا جواب کسی نے بھی عمدگی کے ساتھ نہیں دیا ان کے علاوہ اسی طرح کے اور بھی بہت سوالات زیر بحث لائے گئے ہیں۔

میرا ارادہ ہے کہ میری یہ کتاب اس طرح کے حل طلب مشکل مباحث پر مشتمل ہو اور اس کتاب میں سوالات کو اُسی انداز میں تحریر کروں گا جس طرح میرے اور ان حضرات کے درمیان بحث و مباحثہ ہوا تھا۔ ہر سوال کا جواب اِس کے فوراً بعد دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ احکام اور فتاویٰ کی فروعات کے بارے میں پیچیدہ اور مشکل مسائل کی توضیح پیش کی گئی ہے۔

میں نے اس کتاب کا نام **الإحکام فی تمییز الفتاویٰ عن الأحکام وتصرّفات القاضی و الإمام** رکھا ہے۔ اس کتاب کا موضوع گفتگو چالیس نکات ہیں جنہیں سوال اور جواب کی شکل میں بیان کیا گیا ہے۔ (۴۵)

الاحکام کی انفرادیت اور افادیت کا اندازہ اُن مسائل کو دیکھنے سے بآسانی لگایا جا سکتا ہے جنہیں علامہ قرافی نے موضوع بحث بنایا ہے۔ علامہ قرافی نے جن اہم موضوعات پر گفتگو کی ہے اُن میں سے چند ایک اِس طرح ہیں:

- حاکمِ عدالت کے فیصلے کی حقیقت
- انسانوں کے پاس فیصلہ کرنے کا اختیار، حاکم اور مفتی کا دائرہ کار،
- مفتی، قاضی اور سربراہِ مملکت کے اختیارات
- اِنشاء اور خبر میں فرق، اِنشاء، لُغت اور عرف کا حکم
- اجتہادی مسائل اور حاکم کا فیصلہ، اجماعی اور قابل قبول شرعی دلیل کی بنیاد پر فیصلہ کرنا
- اختلافی مسائل اور حاکم کا فیصلہ حاکم کے فیصلہ کو کالعدم قرار دینا
- حاکم کا ایسا فیصلہ جسے کالعدم قرار نہیں دیا جا سکتا
- حاکم کے حکم اور نذر میں فرق
- حاکم کے اجتہادی فیصلے اور فتویٰ کی حیثیت
- رسول اللہ ﷺ کے ارشادات کی مختلف حیثیتیں
- فتویٰ اور حکم میں فرق، قضاء اور افتاء میں فرق
- نبوت اور رسالت میں فرق، رسول اللہ کے مختلف مناصب
- رسول اللہ ﷺ کے تصرفات کی مختلف جہات رسول اللہ کے ارشادات بحیثیت حاکم، قاضی اور مفتی
- حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا بنوحنیفہ کے قیدیوں سے سلوک
- حاکم کے فیصلہ کو کالعدم قرار دینے کی نوعیت
- کیا حاکم کے حکم کو مفتی کالعدم قرار دے سکتا ہے؟
- حاکم کے اُس فیصلہ کی حیثیت جو قواعد شرعیہ کے خلاف ہو حکم
- ثبوت اور نفاذ میں فرق

- حاکم کے اقرار اور اُس کے فیصلہ میں فرق
- شرعی سبب اور حاکم کا حکم
- وزارتوں اور سرکاری محکمہ جات کی پندرہ اقسام
- کیا قاضی اپنا فیصلہ کالعدم قرار دے سکتا ہے؟
- اُس فیصلہ کی شرعی حیثیت جس میں گواہان اپنی گواہی سے رجوع کرلیں
- حُکام کے ایسے تصرفات جنہیں کوئی دوسرا شخص کالعدم قرار دے سکتا ہے
- حکام کے تصرفات کی بیس قسمیں
- تقلید کی اہمیت وضرورت
- روایت اور شہادت کے درمیان فرق
- مفتوحہ زمینوں کے احکام
- فرائض کے تارک اور مختلف فیہ محرمات کے مرتکب کے احکام
- قاضی کے اُس فیصلہ کی حقیقت جو اجماع وغیرہ کے خلاف ہو
- عُرف وعادت کی بنیاد پر دیے گئے فتاویٰ کی حیثیت
- جب استفتاء کی عبارت ذو معنیٰ ہو تو مفتی کو کیا کرنا چاہئے:
- فقہی نصوص کے راوی کا معیار
- مشہور فقہی کتابوں کی بنیاد پر فتویٰ دینا غیر معروف فقہی کتابوں کی بنیاد پر دیئے گئے فتاویٰ حیثیت
- فتویٰ نویسی میں قلم کا استعمال
- جب ایک دارالافتاء میں کئی مفتی ہوں فتویٰ پر نظر ثانی کرنے کے اصول

- فتویٰ میں ''واللہ اعلم'' وغیرہ کلمات لکھنا:
- مبہم فتویٰ دینا: فتویٰ اور مفادِ عامّہ:
- فتویٰ اور تفصیلی دلائل:
- مختلف اقوال اور فتویٰ مفتی اور اظہارِ حق:

☆ **الإحكام فی تمییز الفتاویٰ عن الأحكام وتصرّفات القاضی و الإمام**، کا اردو ترجمہ جو کہ راقم نے کیا ہے ''مفتی، قاضی اور انتظامیہ کے دائرہ ہائے کار'' کے نام سے شریعہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد سے نومبر ۲۰۰۴ء شائع ہو چکا ہے۔ اَلإِ حکام کے ترجمہ کے بارے میں، پروفیسر ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی، ڈائریکٹر جنرل شریعہ اکیڈمی، لکھتے ہیں:

> ''شریعہ اکیڈمی کے رفیق کار ڈاکٹر غلام یوسف صاحب فقہ اسلامی کے متخصص ہیں، علوم فقہ میں فتاویٰ اُن کی دلچسپی کا میدان رہا ہے، اُنہوں نے **الإحكام** کی مشکل اور فنی مباحث کو آسان اور رواں اردو زباں میں منتقل کیا ہے۔ اُمید ہے کہ **الإحكام** کا یہ ترجمہ علماء، قانون دان اور متخصصین فقہ کے لئے بہت مفید ثابت ہوگا اردو ادب میں یہ ترجمہ اِن شاءاللہ، ایک نیا اضافہ اور فقہ کا ایک ضروری ماخذ ثابت ہوگا''۔(۴۶)

علامہ قرافی کی تصانیف

علامہ قرافی کی تمام تصانیف زبان وبیان، بحث وتمحیص، تحقیق وتدقیق کے لحاظ سے منفرد ہیں اور علامہ قرافیؒ کا انوکھا اسلوبِ تالیف، انتخاب اور تحقیق، جمع وترتیب، منفرد اندازِ استنباط تمام کتب میں نمایاں اور ممتاز نظر آتا ہے۔ اُن کے قریبی ساتھی اور دور کے لوگ بھی اُن کی اِن صلاحیتوں کے زبردست معترف دکھائی دیتے ہیں۔ ''الفروق'' کے علاوہ اُن کی دیگر تصانیف نہ بھی ہوتیں تو یہ ایک کتاب ہی علم میں اُن کی علمی بزرگی اور شرافت پر بطورِ دلیل کافی تھی۔ اُن کی کتاب ''الفروق'' اپنی مثال آپ ہے اس کتاب میں حیرت انگیز عجیب وغریب اور ایسے

نادر نکات کو بیان کیا گیا ہے۔ جن کی نظیر نہ ان سے پہلے لوگوں کی تصانیف میں ملتی ہے اور نہ اُن کے بعد کے لوگوں میں۔ شمس الدین بن عدلان شافعیؒ فرماتے ہیں، علامہ قرافیؒ نے گیارہ ماہ کے قلیل عرصہ میں اٹھارہ مختلف علوم وفنون پر کتابیں تصنیف فرمائیں (۴۷)

مختلف علوم وفنون پر اِن کی تصانیف کی تعداد چوبیس کے قریب ہے جن میں سے چند ایک مطبوعہ، اور بقیہ غیر مطبوعہ ہیں:

۱ — الأجوبة الفاخرة عن الأسئلة الفاجرة فی الرد علی النصاریٰ و الیهود. مطبوعہ

۲ — الأجوبة عن الأسئلة الواردة علیٰ خطب ابن نُباتة.

۳ — الاحتمالات المرجوحة.

۴ — الإحکام فی تمییز الفتاویٰ عن الأحکام وتصرّفات القاضی و الإمام ،

۵ — ادلة الوَحدَانیة فی الرد علی النصرانیة.

۶ — الاستبصار فیما لا یُدرک بالأبصار (۴۸)

۷ — الاستغناء فی أحکام الاستثناء . مطبوعہ

۸ — الأمنیَّة فی إدراک النیَّة.

۹ — الانتقاد فی الاعتقاد.

۱۰ — البارز للکفاح فی المیدان.

۱۱ — البیان فی تعلیق الأیمان.

۱۲ — التعلیقات علی المنتخب.

۱۳ — تنقیح الفصول فی الأصول. مطبوعہ

۱۴ـ الذخيرة في الفقه المالكي. دس جلدوں میں متعدد بار شائع ہوچکی ہے۔

۱۵ـ شرح الأربعين في أصول الدين للفخر الرازي.

۱۶ـ شرح المهذب للبَرْذعي المالكي.

۱۷ـ شرح الجَلّاب.

۱۸ـ شرح تنقيح الفصول. مطبوعہ

۱۹ـ العِقد المنظوم في الخصوص والعموم في الأصول.

۲۰ـ الفروق (أنوار البروق في أنواء الفروق) چار جلدوں میں متعدد بار شائع ہوچکی ہے۔

۲۱ـ المنجيات و الموبقات في الأدعية وما يجوز منها وما يُكره و ما يَحرُم.

۲۲ـ المَناظر، في الرياضيات.

۲۳ـ نفائس الأصول في شرح المحصول. ۹ جلدوں میں متعدد بار شائع ہوچکی ہے۔

۲۴ـ اليواقيت في أحكام الموقيت. (۴۹)

علامہ قرافیؒ ساری زندگی طلبہ، علماء اور عوام کی علمی پیاس بجھاتے رہے اور اُنہیں اپنے علوم وفنون سے سیراب کرتے رہے۔ علامہ قرافیؒ کی وفات جمادی الاخر ۶۸۴ھ کو ہوئی اور قرافہ ہی میں اُن کی تدفین عمل میں لائی گئی۔ اللہ تعالیٰ اُن کو جنت میں جگہ عطا فرمائے اور اُن کی قبر کو رحمت کے نور سے منور فرمائے آمین۔ (۵۰)

حواشی وتعلیقات

(۱) کحالہ،محمد رضا،معجم المؤلفین،تراجم مصنفین الکتب العربیۃ،۱:۱۵۸-۱۵۹،مکتبہ المثنی،داراحیاء التراث العربی،بیروت س ن۔

(۲) شیخ عبدالفتاح ابوغدہؒ،مقدمہ: الاحکام فی تمییز الفتاویٰ عن الاحکام و تصرفات القاضی و الامام،ص:۲۱، مکتب المطبوعات الاسلامیۃ حلب،۱۴۱۶ھ/۱۹۹۵ء

(ii) ابن فرحون مالکی، قاضی ابراھیم بن نور الدین،الدیباج المُذھب فی معرفۃ أعیان علماء المَذھب ص:۱۲۸،دارالکتب العلمیۃ،بیروت،۱۹۹۶ء۔

(iii) حاجی خلیفہ،مصطفیٰ بن عبداللہ،کشف الظُّنون عن اسامی الکُتُبِ و الفُنون،۵:۸۲-۸۴، دار إحیاء التراث العربی بیروت ،۱۹۸۱ء۔

(۳) الدیباج المُذَھب،ص:۱۲۹۔

(ii) جمال الدین یوسف بن تغری،اتا بکی، المنھل الصافی والمستوفی بعد الوافی،۱:۲۱۵،ترجمہ نمبر۱۲۱، مطبعۃ دارالکتب المصریۃ،قاہرہ،۱۹۵۶ء۔

(iii) مرزامحمد باقر موسوی،اصبہانی،روضات االجنات ،فی احوال العلماء والسادات،۱:۳۳۶،ترجمہ رقم:۱۱۸،مکتبہ اسماعیلیان،تہران،۱۳۹۰ھ۔

(۴) شیخ عبدالفتاح ابوغدہؒ،مقدمہ: الاحکام ص:۲۱-۲۲۔

(۵) الدیباج المُذھب فی معرفۃ أعیان علماء المَذھب،ص:۱۲۸۔

۲- ابو اسحاق أحمد عبد الرحمٰن،مقدمۃ التحقیق،الذخیرۃ فی فروع المالکیۃ، للقرافی،۱:۵،دارالکتب العلمیۃ ، بیروت،۲۰۰۱ء۔

(۶) الدیباج المُذھب فی معرفۃ أعیان علماء المَذھب،ص:۱۲۸۔

(۷) قرافی ،شہاب الدین ابوالعباس احمد بن ادریس مصری مالکی ،الفروق،أنوار البروق فی أنواء الفروق،۲:۱۵۷،فرق نمبر: ۹۵،دارالکتب العلمیۃ ،بیروت،سن ندار۔

(۸) الفروق،۴:۲۵۱،فرق نمبر:۲۶۹۔

(۹) الديباج المُذهب في معرفة أعيان علماء المَذهب،ص:۱۲۹۔

(۱۰) الفروق، ۴:۲۰۸،فرق نمبر:۲۵۴۔

(۱۱) الفروق، ۴:۲۲۴،فرق نمبر:۲۵۷۔

(۱۲) شیخ عبدالفتاح ابوغدہؒ،مقدمہ: الاحکام،ص:۲۳۔

(۱۳) الفروق، ۴:۲۶۴،فرق نمبر:۲۷۲۔

(۱۴) شیخ عبدالفتاح ابوغدہؒ،مقدمہ: الاحکام،ص:۲۳۔

(۱۵) الفروق،۱:۷۶،فرق نمبر:۳۔

(۱۶) الفروق،۱:۷۶،فرق نمبر:۳۔

(۱۷) شیخ عبدالفتاح ابوغدہؒ،مقدمہ: الاحکام،ص:۲۳۔

(۱۸) الفروق،۱:۷۶،فرق نمبر:نمبر۳۔

(۱۹) بخاری،ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل،صحیح ا لبخاری ، کتاب الادب،باب المدارۃ مع الناس، رقم : ۵۶۶۲، قدیمی کتب خانہ کراچی،۱۹۶۱ء

(۲۰) الاسراء،۱۷:۸۵۔

(۲۱) طہٰ،۲۰:۱۱۴۔

(۲۳) شیخ عبدالفتاح ابوغدہؒ،مقدمہ: الاحکام،ص:۲۴۔

(۲۴) شیخ جلال الدین السیوطی شافعی،حسن المحاضرۃ فی تاریخ المصر والقاہر،''ذکر من کان من الأئمۃ المجتھدین'' ۱:۱۷۲،مطبعہ ادارۃ الوطن،قاہرۃ،مصر،۱۲۹۹ھ۔

(۲۵) الدیباج المُذَھب،ص:۱۲۹۔

(ii) شیخ جلال الدین السیوطی شافعی،حسن المحاضرۃ فی تاریخ المصر والقاہر،''ذکر من کان من الأئمۃ المجتھدین'' ۱:۱۷۲،مطبعہ ادارۃ الوطن،قاہرۃ،مصر،۱۲۹۹ھ۔

(iii) مرزا محمد باقر موسوی،اصبہانی،روضات ا الجنات ،فی احوال العلماء والسادات ،۱:۳۳۶،ترجمہ رقم:۱۱۸، مکتبہ اسماعیلیان،تہران،۱۳۹۰ھ۔

(۲۶) شہاب الدین ابو العباس احمد بن ادریس قرافی، نفائس الاُصول، فی شرح المحصول، ۱: ۴۴۰، مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز، مکۃ المکرمۃ، الریاض، ۱۹۹۷ء۔

(۲۷) ملک کامل سے ابو المعانی، ناصر الدین مراد محمد بن محمد ملک کامل، ہیں اِن کا تعلق سلاطین ایوبیہ سے تھا، عربی ادب، شعر شاعر سے سے لگاؤ تھا، اِن کی پیدائش مصر میں، (۵۷۶ھ) ہوئی، اپنے والد کی وفات کے بعد مصر اور شام کے بعض علاقوں پر مستقل طور پر حکمرانی کی، اِن کی وفات ۶۳۵ھ میں ہوئی۔ عادل احمد عبد الموجود، علی محمد معوض، حاشیہ نمبر: ۱، نفائس الاُصول، فی شرح المحصول، ۱: ۴۴۱، مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز، مکۃ المکرمۃ، الریاض، ۱۹۹۷ء۔

(۲۸) شہاب الدین ابو العباس احمد بن ادریس قرافی، نفائس الاُصول، فی شرح المحصول، ۱: ۴۴۱، مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز، مکۃ المکرمۃ، الریاض، ۱۹۹۷ء۔

(ii) علامہ احمد تیمور پاشا نے بھی یہ واقعہ (کتاب احمد تیمور پاشا، التصویر عند العرب، ص: ۱۰۴،۹۷، مطبعہ لجنۃ التالیف والترجمۃ والنشر، القاہرۃ، ۱۹۴۲ء) ابن طولون کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

☆ مزید تفصیل کے لیے دیکھئے: استاذ عبد المجید وافی کا تحقیقی اور طویل مقالہ جو کہ ''علماء فنّانون: امام قرافی'' کے عنوان سے '' مجلۃ الوعی الاسلامی '' کے شمارہ نمبر: ۴۰، ۱۳۸۸ھ/۱۹۶۸ء ص: ۵۴-۵۹، وزارۃ اوقاف کویت، سے شائع ہوا۔

(۲۹) الدیباج المُذْھَب، ص: ۱۳۰۔

(۳۰) الفروق، ۱: ۳، ۵۱: ۲، ۱۰۴، فرق نمبر: ۷۷؛ ۴: ۶، فرق نمبر: ۱۰۳۔

(۳۱) شیخ عبد الفتاح ابو غدہؒ، مقدمہ: الاحکام، ص: ۱۷۔

(۳۲) ۲: ۱۰۶ فرق نمبر: ۷۸؛ ۴: ۴۸، فرق نمبر: ۲۲۳۔

(۳۳) الدیباج المُذھب فی معرفۃ أعیان علماء المَذھب، ص: ۱۲۹۔

(۳۴) تبصرۃ الحکام ابن الفرحون، برہان الدین ابو الوفاء ابراہیم بن شمس الدین عبد اللہ، تبصرۃ الحکام فی أصول الأقضیۃ ومناھج الأحکام، ۱: ۱۶؛ ۲: ۶۰، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۳۰۱ھ۔

(۳۵) علاء الدین ابو الحسن علی بن خلیل طرابلسی، حنفی، معین الحکام، فیما یتردد بین الخصمین من الحکام، ص: ۱۲۶، مکتبہ مصطفیٰ البابی الحلبی، قاہرہ، مصر، ۱۳۹۳ھ/۱۹۷۳ء

(۳۶) الفروق، ۴: ۵۴، فرق نمبر: ۲۲۵۔

(۳۷) تبصرۃ الحکام، ۱: ۵۶، ۵۸، ۲۷۱۔

(۳۸) مُعین الحکام(۷)ص:۲۷

(۳۹) شیخ عبدالفتاح ابوغدہؒ،مقدمہ: الاحکام،ص:۱۷۔

(۴۰) شیخ عبدالفتاح ابوغدہؒ،مقدمہ: الاحکام،ص:۱۸۔

(۴۱) الفروق،۱:۵۱؛۲:۱۰۴-۱۰۵؛۴:۶-۷

(۴۲) الفروق،۲:۱۰۶،رقم نمبر:۷۸۔

(۴۳) شیخ عبدالفتاح ابوغدہؒ،مقدمہ: الاحکام،ص:۱۹۔

(۴۴) شیخ عبدالفتاح ابوغدہؒ،مقدمہ: الاحکام،ص:۱۹-۲۰۔

(۴۵) الإحکام ص:۳۰-۳۲۔

(۴۶) الإحکام، ''مفتی، قاضی اور انتظامیہ کے دائرہ ہائے کار'' ص:۱۰، شریعہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد سے نومبر،۲۰۰۴۔

(۴۷) الدیباج المُذْھَب،ص:۱۲۹۔

(۴۸) یہ کتاب علم کلام کے موضوع پر ہے، اِس کتاب کا ایک قلمی نسخہ، مکتبہ أسدی أفندی، استنبول میں نمبر ۱۲۷۰ کے ذیل میں موجود ہے۔

(۴۹) الدیباج المُذْھَب،ص:۱۲۹۔

(ii) کشف الظُون عن اسامی الکُتُبِ و الفُنون،۵:۸۲-۸۴۔

(iii) معجم المؤلفین،تراجم مصنفین الکتب العربیۃ،۱:۱۵۸-۱۵۹۔

(iv) جمال الدین یوسف بن تُغری،اتابکی،المنہل الصافی والمستوفی بعد الوافی،۱:۲۱۵،ترجمہ رقم ۱۲۱، مطبعۃ دارالکتب المصریۃ،قاہرہ،۱۹۵۶ء

(v) حسن المحاضرۃ فی تاریخ المصر والقاہر،ذکر من کان من الأئمۃ المجتہدین،۱:۱۷۳۔

(۵۰) الدیباج المُذْھَب،ص:۱۲۹۔

حسین بن منصور حلاجؒ احوال و آثار

* راشد حمید

ابوعبداللہ ابوالمغیث الحسین بن منصور حلاجؒ (۲۴۴ھ ۸۵۷ء) طور نزد بیضا (فارس) میں پیدا ہوئے۔ یہ وہی بیضا ہے جہاں عربی نحو کے امام سیبویہ اور مفسر قرآن بیضاوی بھی پیدا ہوئے۔ دادا کا نام محمی تھا اور وہ مجوسی تھے۔ والد کا نام منصور تھا اور اس خاندان میں اسلام قبول کرنے والے پہلے بزرگ تھے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حسین بن منصور حلاجؒ ایک صحابی حضرت ابوایوب انصاریؓ کی اولاد میں سے ہیں مگر یہ بات قیاس کے خلاف ہے۔

علامہ سید سلیمان ندوی رقم طراز ہیں:

عمر یست کہ افسانۂ منصور کہن شد
من از سر نو جلوہ دہم دار و رسن را

اگر یہ سچ ہے کہ بیٹے سے باپ کا نام روشن ہوتا ہے تو ہمارے نزدیک حسین حلاج سے بڑھ کر دنیا میں کوئی سپوت پیدا نہ ہوا ہوگا، حلاج کا اصل نام حسین شاید ہی کوئی جانتا ہو لیکن منصور کے نام سے کوئی ناواقف نہ ہوگا حالاں کہ منصور اس کا نہیں اس کے باپ کا اور حسین خود اس کا نام ہے لیکن اب سب لوگ اس کو منصور ہی کہتے ہیں۔" (۱)

حسین بن منصور حلاجؒ بچپن میں اپنے باپ کے ساتھ واسط (کوفہ اور بصرہ کے نزدیک) چلے گئے اور وہیں نشو ونما پائی۔ بارہ سال کی عمر میں مدرسہ دارالحفاظ سے قرآن حفظ کر لیا۔ عمر سولہ سال ہوئی ہوگی (۲۶۰ھ) تستر (اہواز) منتقل ہوئے جہاں سہل بن عبداللہ تستریؒ (حلاج کے سب سے پہلے پیر طریقت)، ابوالحسین نوریؒ اور عمرو بن عثمان المکیؒ سے علوم متداولہ کی تحصیل اور اکتساب فیض کیا۔ بغداد گئے اور وہاں حضرت جنید بغدادیؒ کے حلقۂ ارادت میں شامل ہوئے۔ ۲۸۴ھ تک اپنے زمانے کے نامور صوفیائے عظام و علمائے کرام کی صحبت میں رہے اور

* لیکچرار گورنمنٹ کالج ٹیکسلا۔

فیض یاب ہوتے رہے۔ یہی وہ زمانہ ہے جب انہوں نے مقامات سلوک طے کیے، مگر بغیر شیخ کی اجازت کے مطالعے اور کسب فیض کا سلسلہ جاری رکھا لہذا شیخ کی طرف سے ناراضگی کا سامنا بھی کرنا پڑا۔

انیس برس کے تھے کہ حضرت ابو یعقوب الاقطعؒ کی صاحب زادی ام الحسین سے شادی کی۔ حسین بن منصور حلاجؒ نے صرف ایک شادی کی اور اس میں سے تین بیٹے عبداللہ، سلمان، احمد اور ایک بیٹی پیدا ہوئی۔ عمرو بن عثمان المکیؒ اور ابو یعقوب الاقطعؒ کے درمیان شدید منافرت کی کیفیت کے سبب حضرت حسین بن منصور حلاجؒ خسر اور مرشد کے درمیان پستے رہے اور ایک مرحلے پر تو حضرت جنید بغدادیؒ سے اس سلسلے میں شکایت بھی کی۔ حضرت جنید بغدادیؒ نے انہیں حوصلے اور صبر کی تلقین کرتے ہوئے دونوں بزرگوں کے ساتھ حسن سلوک کا معاملہ کرنے کو کہا۔ آپ حالات کا مقابلہ کرتے رہے۔ اس دوران ۲۷۰ھ میں آپ حج کے لیے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے۔ کم و بیش دو سال وہاں قیام کے بعد چند فقرا کے ہمراہ خوزستان قیام کرتے ہوئے بغداد روانہ ہوئے۔ حضرت بغدادیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے مگر انہوں نے حسین بن منصور حلاجؒ کے کسی بھی سوال کا جواب دینے سے گریز کیا اور بے نیازی کا سلوک روا رکھا۔ کچھ بدخواہ بھی آپ کے خلاف کمربستہ ہوگئے۔ اس صورت حال سے بے زار ہو کر حضرت حسین بن منصور حلاجؒ دوبارہ تستر تشریف لے گئے۔ وہاں ایک برس قیام کا عرصہ بہت ہنگامہ خیز رہا۔ ایک طرف تو آپ مرجع خاص و عام بنے رہے مگر دوسری طرف بعض حاسدوں کی کارروائیاں تیز تر ہوتی گئیں۔ آپ بہ مشکل خاندان کو تستر سے بغداد لانے میں کامیاب ہوئے۔ اس ساری صورت حال نے اس قدر پریشان کیا کہ حسین بن منصور حلاجؒ نے تنگ آ کر تجرد اختیار کر لیا۔ آپ اس عرصے میں کبھی صوفیانہ خرقہ چھوڑ کر دنیا داروں کا لباس زیب تن کر لیتے، کبھی پھر مختصران سلا لباس پہننا شروع کر دیتے۔ ۲۹۱ھ میں آپ نے مریدوں کے ہم راہ دوسرا حج کیا۔ واپسی پر آپ نے اب ملکوں ملکوں تبلیغ کے لیے گھومنا شروع کر دیا۔ ایران، خراسان، اہواز، ماوراالنہر، ترکستان، ہندوستان، چین میں دعوت و تبلیغ کا کام کرتے رہے۔ آپ نے اس دورے میں سندھ اور کشمیر میں بھی تبلیغ کا کام کیا۔ جب بھی بیوی بچوں سے جدا ہوتے تو انہیں اپنے برادر نسبتی (سالے) کے حوالے کر کے جاتے۔

کبھی دنیاداروں کی صحبت اختیار کرتے، کبھی فقراء کا رنگ ڈھنگ اختیار کر لیتے۔ اس زمانے میں بے پناہ مقبولیت پائی، کشف و کرامات میں طاق ہوگئے۔ ہندوستان کے لوگ انہیں ابوالمغیث، چین اور ترکستان والے

مقیت' خراسان کے عوام ممیز' فارس کے عوام ابوعبداللہ زاہد' خوزستان والے شیخ حلاج الاسرار' بغداد کے لوگ مصطلم اور بصرہ کے لوگ انہیں محیّر کہتے تھے۔ ان حقائق کا پتا ان خطوط سے چلتا ہے جو مختلف علاقوں سے حضرت حسین بن منصور حلاجؒ کے نام آتے رہتے تھے۔ حسین بن منصور حلاجؒ نے بیضا' واسط' تستر' بصرہ' بغداد' نہاوند' ہمدان' رے' اصفہان' قم' نیشاپور' ہرات' مرو' بلخ' طالقان' بخارا' سمرقند' منصورہ' ملتان اور کشمیر میں کہیں طویل اور کہیں مختصر قیام کیا۔ اس عرصے میں آپ نے دوسرے مذاہب کا مطالعہ کیا اور ان کی معاشرت وتہذیب سے آگاہی بھی حاصل کی۔ یہ وہ زمانہ ہے جب جگہ جگہ آپ کے معتقد پیدا ہو گئے اور سرکار آپ سے خائف ہونا شروع ہو گئی۔ آپ حج کی غرض سے تیسری مرتبہ ۲۹۴ھ میں مکہ مکرمہ تشریف لے گئے تو دو برس تک وہیں مقیم رہے۔ ۲۹۶ھ میں مکہ سے واپس بغداد پہنچے تو مکمل طور پر باطنی تبدیلی کی گرفت میں تھے اور بڑی تعداد میں لوگ آپ سے اکتساب فیض کے لیے نسبت جوڑ رہے تھے۔ آپ نے تبلیغ دین کا فرض ادا کرتے ہوئے کشف وکرامات کے مظاہروں سے کام لیا اور یہ سلسلہ اس قدر طول پکڑ گیا کہ مخالفین نے آپ کے خلاف پراپیگنڈا زوروشور سے شروع کر دیا۔ سرکاری عہدے داروں میں آپ کی کرامات کا چرچا ۲۹۷ھ میں پہلی مرتبہ ہوا اور ابن داؤد اصفہانی الظاہری کے فتوئے پر دبری کے مقام سے گرفتار کر لیا گیا۔ آپ ایک سال بعد سرکاری قید سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

وباس نامی غلام کی مخبری پر حسین بن منصور حلاجؒ دوسری مرتبہ عراق کے علاقے سوس کے مقام سے ۳۰۱ھ میں گرفتار کر کے بغداد روانہ کر دیے گئے۔ واضح رہے کہ ۳۰۱ھ سے لے کر ۳۱۰ھ تک فتنوں کے عروج کا زمانہ تھا اور عباسی خلیفہ مقتدر باللہ بس نام ہی کا مقتدر تھا۔ طوائف الملو کی کا دوردورہ تھا۔ وزیر اور مشیر اپنے اپنے گروہ بنا کر خلیفہ پر زیادہ سے زیادہ اثر انداز ہونے کی کوشش کر رہے تھے۔ مالیہ اور خراج کی وصولی میں بے پناہ سختی کی جا رہی تھی اور دوسری طرف بھوک کا عالم یہ تھا کہ تنگ آ کر لوگوں نے بصرہ اور موصل کے گودام لوٹ لیے تھے۔

حامد بن عباس' جو کہ وزیر اعظم کی حیثیت رکھتا تھا' حسین بن منصور حلاجؒ کے خلاف تھا۔ اس نے مقتدر باللہ سے مطالبہ کیا کہ حلاجؒ اور ان کے حواری میرے حوالے کر دیں۔ مقتدر نے مطالبہ تسلیم کر لیا مگر دربان' جو کہ حلاجؒ کا معتقد تھا' حائل ہوا۔ حامد بن عباس مُصر رہا کہ حلاجؒ اور حواری اس کے حوالے کر دیے جائیں۔ بالآخر خلیفہ مقتدر باللہ نے حامد بن عباس کا مطالبہ تسلیم کر لیا۔

اسلامی حکومت میں دو اہم ترین عہدوں وزارت اور حجابت میں سے حاجب نصر، حلاجؒ کا معتقد تھا۔ اس نے بھرپور کوشش کی کہ انہیں سزا نہ دی جائے مگر وزیر حامد روزانہ حلاجؒ کو دربار میں بلاتا اور کوشش کرتا کہ وہ کوئی ایسی بات کریں جس پر موت کی تعزیر جلد سے جلد دی جا سکے۔ یہ معاملہ اس قدر طول پکڑ گیا کہ مجذوب الحال درویش اور خدا رسیدہ صوفی حلاجؒ آٹھ سال، آٹھ ماہ اور آٹھ دن قید میں رہے۔

یہ سارا عرصہ اس کش مکش میں گزرا کہ حسین بن منصور حلاجؒ کے حامیوں اور مخالفین کے درمیان کھینچا تانی کا سلسلہ چلتا رہا۔ خلیفہ مقتدر باللہ کی ماں، بعض وزرا اور سرکاری اہل کار بھی حلاجؒ کی حمایت کر رہے تھے۔ جب کہ بعض شیعہ وزرا (شلمغانی اور ابو سہل نوبختی) سرکاری اہل کاروں اور وزیر حامد بن عباس کے سامنے کسی کی دال نہیں گلی، حالاں کہ جتنے بھی الزامات عاید کیے گئے، وہ سب کے سب غلط تھے۔ انا الحق کا نعرہ ذہن میں رکھیے اور بایزید بسطامیؒ ابوسعید ابوالخیرؒ ابوبکر شبلیؒ اور ملا بدخشی کے ثابت شدہ قابل اعتراض اقوال و نظریات پر نظر دوڑایئے، یہ حقیقت کھل کر سامنے آتی ہے کہ حسین بن منصور حلاجؒ صرف اور صرف حکمرانوں کے سیاسی خوف کی بھینٹ چڑھے۔ حکیم سید امین الدین احمد قادری خوشحالیؒ لکھتے ہیں:

> ''(۱) ابن منصور حلاجؒ نے انا الحق کہہ دیا' (۲) بایزید بسطامیؒ نے سبحانی ما اعظم شانی پکارا' (۳) خواجہ شمس تبریزیؒ نے قم باذنی کا دعویٰ کیا (۴) اور ایک شخص نے لیس فی جُبتّی سوی اللہ اور انا ھو و ھو انا کا اعلان کیا (۵) حضرت شبلیؒ نے ڈاڑھی کو نورہ لگایا، اشرفیوں کی تھیلی دریائے دجلہ میں پھینک دی اور نئے کپڑے تار تار کر دیے (۶) حضرت ابوحمزہ خراسانیؒ نے کنویں میں گر کر کسی کو استعانت کے لیے نہ پکارا (۷) اور حضرت ذوالنون مصریؒ نے مقام مہلک کو اپنی رہائش گاہ کے لیے اختیار کر لیا (۸) شیخ ابوالحسن نوریؒ مقتل میں خود بہ خود پہنچ گئے۔ غرضیکہ اس قسم کے ہزاروں واقعات و معاملات ان بزرگان طریقت سے عالم سکر و حال میں رونما ہوتے رہے ہیں اور ان پر ان کا ضبط و اختیار نہیں تھا۔ ایسے واقعہ پر صوفیہ و فقہا دونوں برابر ہیں۔'' (۲)

حسین بن منصور حلاجؒ مختلف جیلوں میں قید رہے اور ان پر بے تحاشا الزامات عاید کیے گئے، مثلاً:

ا۔ مثل قرآن بنانے کا دعویٰ۔
۲۔ خط کی کفریہ ابتدا۔
۳۔ مہدویت کا دعویٰ۔
۴۔ انا الحق کہہ کر خدائی کا دعویٰ۔
۵۔ سحر کی تعلیم۔
۶۔ حج کرنے کا غلط طریقہ بتانا۔
۷۔ حلول کے قائل۔
۸۔ مریدوں کا حلاج کو خدا کہنا۔
۹۔ تھے کچھ، بنتے کچھ تھے۔
۱۰۔ اسلامی عبادات کے مفہوم میں تبدیلی۔
۱۱۔ کفریہ اشعار۔
۱۲۔ دوبارہ زندہ ہو جانے کا دعویٰ۔

حسین بن منصور حلاجؒ پر فرد جرم عاید کرتے وقت اور بعد میں جب بھی محولہ بالا الزامات کے بارے میں استفسار کیا گیا تو آپ نے اس کے جواب میں بار بار فرمایا:

> ''میری پیٹھ مضبوط ہے۔ میرا خون حرام ہے۔ عقیدتاً میں مسلمان ہوں۔ مذہباً سنی ہوں اور تفصیل یہ کہ ابوبکر، عمر، عثمان، علی، طلحہ، زبیر، سعد، سعید عبدالرحمان بن عوف اور ابوعبیدہ بن جراح ؓ کا قائل ہوں''۔ (۳)

یہ حقیقت ہے کہ حلاجؒ شرعی حدود و قیود پر کاربند تھے، صوم و صلوٰۃ کے پابند اور نوافل کثرت سے ادا کرتے رہتے تھے۔ ایک ہزار رکعت نفل روزانہ ادا کرتے تھے اور بیڑیوں کے ہوتے ہوئے بھی اس ریاضت کا معمول قائم رہا، کھانا پینا بالکل برائے نام تھا۔ عشق الٰہی کے بغیر یہ عمل کب ممکن ہے؟ آپ نے ۳۰۴ھ میں طاسین الازل بھی جیل میں تخلیق کی۔

حامد بن عباس ہر صورت حلاجؒ کو سزائے موت دلوانے کا تہیہ کر چکا تھا، حالاں کہ شافعی اور حنفی قاضیوں نے ان کے خلاف فیصلہ دینے سے انکار کر دیا تھا۔ حنفی قاضی کے معاون قاضی ابوبکر عمر نے قاضی کی کرسی پر خلاف روایت بیٹھ کر حامد بن عباس کی خواہش پوری کی اور سزائے موت کے لیے لکھے گئے فتوے پر چوراسی علما کے دست خط بھی ثبت کرا لیے۔ اس موقع پر حامد، قاضی کے ساتھ انتہائی سختی سے پیش آیا تاکہ وہ قتل کے حکم پر کسی نہ کسی طرح دست خط

کردے۔ یہاں یہ بات بھی دل چسپی سے خالی نہ ہوگی کہ حضرت جنید بغدادیؒ سے قتل کے فتوے پر دست خط کرانے کا دعوٰی غلط ہے، کیوں کہ آپ تو ۲۹۷ھ میں رحلت فرما چکے تھے اور فردِ جرم ۳۰۹ھ میں عاید ہوئی۔

حلاجؒ اس موقعے پر بھی اپنا عقیدہ اور شرعی حدود مسلسل بیان کرتے رہے، مگر کسی نے ایک نہ سنی اور عدالت برخاست ہوگئی۔ حامد بن عباسؒ نے توثیق کے لیے فیصلہ فوری طور پر خلیفہ مقتدر باللہ کے پاس بھجوایا مگر دو دن تک اس کا جواب موصول نہ ہوسکا۔ کہا جاتا ہے کہ خلیفہ نے فیصلہ منسوخ کرنے کے احکامات جاری کردیے تھے کیوں کہ خلیفہ کی ماں اور حاجب نصر مسلسل اسے فیصلہ منسوخ کرنے کی ترغیب دیتے رہے۔ تیسرے روز وزیر حامد بن عباس نے ایک دعوت میں موقع پاکر خلیفہ سے فیصلے کی توثیق کرالی۔ اسے بتایا کہ حلاجؒ زیادہ دیر زندہ رہا تو حکومت عوامی غیظ و غضب کے سامنے زیادہ دیر ٹھہر نہیں سکے گی۔

یہ سارا عدالتی عمل اور سازش سے عبارت جلد بازی، زبانِ حال سے پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ شرعی، قانونی اور اخلاقی طور پر کوئی جواز بھی پورا نہیں کیا گیا۔ مخالفین' حسین بن منصور حلاجؒ کی گردن بہ ہر صورت مارنے کا تہیہ کیے ہوئے تھے۔

خلیفہ سے توثیق حاصل کرنے کے بعد حامد نے فوراً عمل درآمد کے لیے تگ و دو شروع کردی اور سزائے موت کے لیے منگل، ۲۴۔ ذیقعد ۳۰۹ھ (۲۶۔ مارچ ۹۲۲ء) کی صبح مقرر کردی۔ دریائے فرات کے کنارے باب خراساں پولیس چوکی کے سامنے مقتل سجایا گیا۔ ایک بڑا ہجوم وہاں جمع ہوگیا۔ حسین بن منصور حلاجؒ کو پتھروں اور لاٹھیوں سے مارا اور پیٹا گیا۔ ایک ہزار تازیانے لگائے گئے' ایک ہاتھ کاٹا گیا پھر ایک پاؤں کاٹا گیا' دوسرا ہاتھ اور پاؤں بھی کاٹ دیے گئے۔ کہا جاتا ہے کہ کان اور ناک کاٹ کر دونوں آنکھیں بھی نکال دی گئیں۔ پھر سولی دے دی گئی اور وقت زیادہ گزر جانے کے باعث اگلے روز گردن ماردی گئی اور دھڑ جلا کر راکھ بنا دیا گیا۔ اس راکھ کو ہوا میں اڑا دیا گیا۔ ڈاکٹر شاہد مختار لکھتے ہیں:

> ''مشاق جلادوں نے انتہائی بے دردی اور کمال آہستگی کے ساتھ قطع و برید کی۔۔۔۔ رات بھر انہیں جاں کنی کی حیرت انگیز اور ناقابل تخیل حالت میں رکھا گیا اور اگلے دن سر قلم کیا

گیا۔ پھر اس کی لاش کو ٹاٹ میں لپیٹ کر جلا دیا گیا اور اس کی راکھ ایک مینار سے ہوا میں اڑا دی گئی۔'' (۴)

ایک روایت کے مطابق راکھ کناروں سے اکٹھی کر کے بغداد میں مزار بنا دیا گیا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ پانچویں صدی میں بغداد میں حسین بن منصور حلاجؒ کا خیالی مرقد بنایا گیا۔ جس کی زیارت کی جاتی ہے۔ عجیب بات ہے کہ حسین بن منصور حلاجؒ کی خانقاہیں کرغیزستان، موریطانیہ اور بنگلہ دیش میں بھی تعمیر کی گئی ہیں۔ شہید عشق کے مزار مبارک کے حوالے سے لوئی ماسینیون کی کتاب سے اقتباس ملاحظہ فرمائیں:

''چوں کہ جسد حلاج کو جلا دیا گیا تھا اس لیے پانچویں صدی میں اس کے نام سے ایک خالی مرقد بنایا گیا جو آج کل زیارت گاہ مسلمین، خصوصاً زیارت گاہ اسلامیان پاک و ہند ہے۔ طبقات صنعت و حرفت کے بارے میں ابتدائی رسائل میں جو ''فتوت نامہ،، کے نام سے معروف ہیں اور جن کی قدامت آٹھویں صدی بلکہ رحاصیہء بغداد (سال ۵۴۲ھ) تک پہنچتی ہے اور مؤلف، حلاج کا نام لیتا ہے، اسے منصور شہید اور استاد قطان کے نام سے یاد کرتا ہے۔ قطان سے مراد پنبہ زن ہے۔ یعنی وہ آدمی جس کا پیشہ حلاجی ہے، آج کل چار مرکز یا خانقاہیں جو حسین بن منصور حلاج کے نام سے مشہور ہیں ایک اوش قرغزستان میں، دوسری غدف موریطانیہ میں، تیسری روتا بندرگاہ ہیج نزد چٹا گاؤں میں اور چوتھی شورش وارہ نزد فرید پور میں، آخر الذکر دونوں خانقاہیں اب بنگلہ دیش میں ہیں۔'' (۵)

پاکستان کے نامور حکیم سید علی احمد نیرّ واسطی (ستارہ ء امتیاز) نے حسین بن منصور حلاجؒ کے مزار مبارک کا حال یوں بیان کیا ہے:

''میں وہاں دو مرتبہ گیا۔ مزار ایک عمارت میں واقع ہے جو بند ہے اس لیے اندر نہیں جا سکا۔ عمارت خستہ حالت میں ہے اور اس کے ساتھ ایک چھوٹا سا میدان ہے۔ بغدادی بچے اس میں کھیل رہے تھے اور جا بہ جا پرانی اینٹیں اس میدان میں بکھری ہوئی تھیں۔'' (۶)

یوں تو اس سانحے کے حوالے سے معلومات کا ایک انبار ہے اور مختلف و متضاد روایتیں پڑھنے کو ملتی ہیں۔ لیکن ایک بات طے ہے کہ حکمرانوں کے ظلم و جبر اور عوامی حقوق کے استحصال کے خلاف حسین بن منصور حلاجؒ ایک توانا آواز تھے، جنہیں خاموش کرانا حکمرانوں کی زندگی کے لیے ضروری ہو گیا تھا۔ آپ صاحب کشف و کرامات بزرگ اور مستجاب الدعوات تھے، سخت ترین ریاضتیں اور مجاہدے کیے، نماز کی پابندی کمال درجے کی تھی۔ روزے رکھتے تھے جب کہ وقتاً فوقتاً تین حج کیے۔ نوافل بہت زیادہ کثرت کے ساتھ ادا کرتے تھے۔

حضرت سید علی بن عثمان ہجویریؒ، حسین بن منصور حلاجؒ کے بارے میں یوں گویا ہیں:

''حسین بن منصور حلاجؒ جب تک رہے لباس صلاح میں رہے، وہ نماز کے پابند، ذکر و مناجات بسیار کرنے والے، پیوستہ روزے رکھنے والے، تحمید میں مہذب اور توحید میں لطیف نکات بیان کرنے والے تھے۔ اگر ان کے افعال سحر ہوتے تو یہ سب کچھ ان سے سرزد ہونا محال ہوتا۔ پس درست ہوا کہ صاحب کرامات تھے اور کرامات سوائے ولی کے ظاہر نہیں ہو سکتی۔ بعض اہل اصول انہیں یوں رد کرتے اور ان پر اعتراض لاتے ہیں کہ ان کے کلمات سے امتزاج و اتحاد کے پہلو نکلتے ہیں لیکن یہ تشنیع ان کی عبارت پر ہے نہ کہ معنی پر کیوں کہ مغلوب سے امکان عبارت مشکل ہے۔ غلبۂ حال میں اس سے صحیح عبارت کی ادائیگی نہیں ہو سکتی نیز یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مشکل ہوں اور اس کا مقصود سمجھ میں نہ آئے اور اس سبب سے اس کے منکر ہو جائیں سو قصور ان کے نہ سمجھ سکنے کا ہے نہ کہ اس عبارت کا۔'' (۷)

سیرت منصور حلاج از مولانا ظفر احمد عثمانی میں سے یہ اقتباس ملاحظہ فرمائیں:

''امام ابو حامد غزالی صوفی محض یا خشک ملا نہیں ہیں بلکہ شریعت و طریقت میں اپنے وقت کے مسلّم امام اور مجدد تھے۔ ان کا ابن منصور کی حمایت کرنا، ان کے اقوال کو اچھے محامل پر محمول کرنا ابن منصور کی برأت و ولایت و مقبولیت کی بڑی دلیل ہے۔ رہا یہ کہ جو مطالب بیان کیے گئے ہیں وہ زبان عربی کے ظاہر محاورہ سے بعید ہیں، سو اول تو یہ دعوے مطلقاً مسلم نہیں کیوں کہ

بعض اقوال کا جو مطلب محققین صوفیہ نے بیان کیا ہے، وہ ابن منصور کے الفاظ سے ظاہراً بھی بعید نہیں اور اگر کسی ایک دو قول میں ایسا ہوا ہو تو بتلایا جائے کہ ایسا کون شخص ہے جس کے کسی قول کو تاویل کے ساتھ محمل حسن پر محمول نہیں کیا جاتا۔ آئمہ مجتہدین اور اجلہ محدّثین کے ایسے اقوال بکثرت موجود ہیں جو ظاہر میں حدیث کے معارض معلوم ہوتے ہیں مگر ان کے مقلدین ہمیشہ تاویل کر کے ان کو حدیث کے موافق بناتے رہتے ہیں اور صوفیہ کا تو مذاق ہی یہ ہے کہ وہ اپنے علوم غامضہ وحالات عجیبہ کو رموز میں بیان کیا کرتے ہیں جن کو اہل ہی سمجھ سکتا ہے۔"(۸)

مولانا ظفر احمد عثمانی نے حسین بن منصور حلاجؒ کے مقام و مرتبے کے حوالے سے بعض دل چسپ دلائل پیش کیے ہیں، ملاحظہ فرمائیں:

"یہ ہے حسین بن منصور کا عقیدہء توحید، جس کا لفظ لفظ کتاب وسنت اور مذہب سلف صالح کی پر شوکت تفسیر ہے، جس میں صاف تصریح ہے کہ مخلوق کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی قسم کا اختلاط و امتزاج نہیں ہو سکتا، نہ حلولاً نہ اتحاداً .... پس ایسے شخص کی زبان سے اگر کسی وقت انا الحق نکل گیا ہو تو اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں ہو سکتا کہ وہ اپنے کو خدا کہتا تھا کیوں کہ انسان کا حادث ہونا ظاہر ہے اور ابن منصور کے عقیدہ میں حادث محتاج قدیم سے متحد نہیں ہو سکتا بلکہ اس قول کی تاویل ضروری ہے چناں چہ چند تاویلات رسالہء اشعار الغیور میں مذکور ہیں۔ اور ایک تاویل یہ بھی ہو سکتی ہے کہ اس وقت ابن منصور کی زبان کلام حق کی ترجمان تھی۔ اس کی زبان سے اسی طرح انا الحق نکلا تھا جیسے شجرہء موسیٰ سے انی انا اللہ رب العلمین کی آواز آئی تھی۔ ظاہر ہے کہ درخت نے اپنے کو اللہ رب العالمین نہیں کہا تھا بلکہ اس وقت وہ کلام الٰہی کا ترجمان تھا۔ اسی طرح ابن منصور کے متعلق بھی خیال کیا جا سکتا ہے اور غلبہٗ حالات وواردات میں بار ہا ایسا ہوتا ہے کہ عارف کی زبان سے اللہ تعالیٰ تکلم فرماتے ہیں جس کو سالکین اصحاب حال سمجھ

سکتے ہیں۔پس یہ تو مسلّم ہو سکتا ہے کہ ابن منصور کی زبان سے انا الحق نکلا ہو مگر یہ مسلّم نہیں کہ ابن منصور نے خود انا الحق کہا تھا۔" (۹)

حسین بن منصور حلاجؒ کے زہد و تقویٰ کے بارے میں نامور صوفی بزرگ بابا ذہین شاہ تاجیؒ فرماتے ہیں:

"منصور جہاں علم و فضل میں یکتائے روزگار تھے، وہاں زہد و ریاضت اور عبادت و اطاعت میں بھی اپنی نظیر نہیں رکھتے تھے۔کتاب و سنت کی پیروی اپنے آپ پر لازم جانتے تھے۔کم از کم ایک ہزار رکعت روزانہ نماز ادا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہ ایک ہزار رکعت میں اپنے آپ پر فرض سمجھتا ہوں۔" (۱۰)

پروفیسر لطیف اللہ لکھتے ہیں:

"دنیا کی تمام قوموں اور ملتوں میں انفرادی سزائے قتل کے واقعات' خواہ ان کا سبب فکری' نظریاتی' سیاسی یا مذہبی ہو' ہزاروں کیا بلکہ لاکھوں کی تعداد میں وقوع پذیر ہو چکے ہیں۔لیکن جو شہرت' دوامیت اور مقبولیت حسین بن منصور حلاجؒ بن محمی بیضاوی کے حصے میں آئی اور کسی قوم و ملت کے مقتول کو حاصل نہ ہو سکی۔گزشتہ گیارہ صدیوں میں کوئی صدی ایسی نہ گزری ہوگی، جس میں اسلامی اور غیر اسلامی دنیا کے کسی مصنف' مؤرخ' تذکرہ نگار یا شاعر نے انہیں کسی نہ کسی جہت سے یاد نہ کیا ہو۔" (۱۱)

ڈاکٹر سلیم اختر لکھتے ہیں:

"اپنے تمام علم و فضل اور ذہنی کمالات کے باوجود منصور حلاجؒ میں یقیناً الہامی دیوانگی کے آثار ہوں گے، علمی کمالات حفظ قرآن مجید اور تین حجوں کے باوجود بھی ان سے بعض لوگ سحر و طلسم کے واقعات بھی منسوب کر کے انہیں "حلاج الاسرار، قرار دیتے تھے جس کی حضرت داتا گنج بخشؒ نے غیر مشروط الفاظ میں تردید کی ہے۔ان کے بموجب یہ ساحر حسین بن منصور حلاج تھا۔حضرت داتا گنج بخشؒ نے کشف المحجوب میں

ایک واقعہ بیان کیا ہے جو نفسیاتی لحاظ سے بے حد اہم ہے۔ منصور حلاجؒ اپنے مرشد عمرو بن عثمان سے جھگڑا کر کے حضرت جنید بغدادیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے آنے کا سبب دریافت کیا جس پر منصور حلاجؒ نے جواب دیا ''با با شیخ محبت کنم،، اس پر جنید بغدادیؒ نے یہ جواب دیا ''مارا با مجانین، محبت نیست کہ محبت را صحت باید،، (میں دیوانوں سے محبت نہیں رکھتا کیوں کہ محبت کے لیے بھی صحت کی ضرورت ہوتی ہے)

اس کے ساتھ ہی شبلیؒ کا یہ معنی خیز قول بھی ملحوظ رہے ''میں اور حلاجؒ ایک ہی چیز ہیں۔ میرے جنون نے مجھے مخلصی دلا دی اور اس کی عقل نے اسے ہلاک کر ڈالا'' جنیدؒ اور شبلیؒ کے بیانات میں بظاہر تضاد نظر آتا ہے لیکن یہ تضاد منطقی استدلال والا نہیں بلکہ جذباتی کیفیات والا ہے۔'' (۱۲)

آپ کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ وحدت الوجود کے فصیح ترین شارح تھے اور یہاں تک کہ حلول کے قائل تھے۔ لیکن ان کی تحریروں سے حلول ثابت نہیں ہوتا۔ اس حوالے سے یہ حقیقت ان کے مرتبے کو متعین کرنے اور عظیم صوفی بزرگ ہونے پر دال ہے کہ حضرت ابوبکر شبلیؒ امام قشیریؒ ابوالعباس ابن عطاؒ حضرت خواجہ باقی باللہؒ حضرت شیخ اکبر ابن عربیؒ شیخ عبدالوہاب شعرانیؒ، حضرت علی ہجویری المعروف بہ داتا گنج بخشؒ، حضرت فرید الدین عطارؒ، حضرت ابن عطارؒ، حضرت عبداللہ خفیفؒ، حضرت ابوالقاسم نوآبادیؒ، حضرت عارف جامیؒ، مولانا رومؒ، امام محمد بن خفیفؒ، علامہ عبدالروف مصریؒ، علامہ محمود شبستریؒ، امام راغب اصفہانیؒ، حضرت مجدد الف ثانیؒ، سید احمد کبیر رفاعیؒ، حضرت شاہ ولی اللہؒ اور علامہ محمد اقبالؒ جیسی عظیم المرتبت ہستیوں نے ان کا ذکر بڑے احترام کے ساتھ کرتے ہوئے اپنے کلام اور ملفوظات میں انہیں راہ حق کا شہید قرار دیا ہے۔

مولانا ابوالکلام آزاد کی حسین بن منصور حلاجؒ کے بارے میں ایک تحریر میں سے یہ اقتباس یقیناً صورت حال کی بہترین عکاسی کر رہا ہے:

''اسلام کے اس تیرہ سو برس کے عرصے میں فقہا کا قلم ہمیشہ کے لیے بے نیام رہا ہے اور ہزاروں حق پرستوں کا خون ان کے فتووں کا دامن گیر ہے۔ اسلام کی تاریخ خواہ

کہیں سے پڑھیے، سینکڑوں مثالیں ایسی ملیں گی کہ جب بادشاہ خون ریزی پر آ تا تھا تو دارالافتاء کا قلم اور سپہ سالار کی تیغ، دونوں یکساں طور پر کام دیتے تھے۔ صوفیا اور ارباب وطن ہی پر منحصر نہیں، علمائے شریعت میں سے بھی جو نکتہ بیں اور صاحب اسرار ہوتے، فقہا کے ہاتھوں انہیں مصیبتیں اٹھانی پڑتیں اور بالآخر سر دے کر نجات پاتے۔ منصور بھی اسی تیغ کا شہید ہے۔" (۱۳)

حسین بن منصور حلاجؒ کی شہادت کے جواز اور عدم جواز کے حوالے سے لوئی ماسینیون کا یہ اقتباس بہت اہم ہے:

"منصور حلاج کی ابتدا میں تکفیر کی گئی اور پھر اسے قتل کیا گیا۔ اگر مرنے کے بعد عوام کی نظروں میں مقبول نہ ٹھہرتا اور نجات یافتہ دکھائی نہ دیتا تو ان اسناد کا جاری رہنا ناروا سمجھا جاتا۔ اس سلسلہء اسناد کی پہلے پہل، حلاج کے دوست جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے حفاظت کرتے رہے۔ وہ حلاج کی وفات کے جزئیات لکھتے اور انہیں پوشیدہ رکھتے تاکہ ہر کس و ناکس ان سے واقف نہ ہوں۔ ان اسناد کے دوام کے ساتھ حلاج گویا موت کے بعد بھی زندہ رہا۔ حلاج کی موت کے بعد اس کی زندگی مغربی دنیا کی نظر میں ناموراسکندر و قیصر سے برتر و ممتاز تر تھی۔" (۱۴)

یوں تو حسین بن منصور حلاجؒ کی کتابوں کی تعداد کے بارے میں جو تفصیل مختلف مقامات پر ملتی ہے اس کے مطابق کتب و رسائل کی تعداد چھیالیس ہے، جو عربی میں ہیں۔ حالاں کہ حسین بن منصور بن حلاجؒ کی مادری زبان فارسی ہے مگر انہوں نے عربی میں عالمانہ دسترس حاصل کی۔ ایک فارسی دیوان (مطبوعہ در ۱۳۲۵ھ) بھی حسین بن منصور حلاجؒ سے منسوب کیا جاتا ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ حسین بن منصور بن حلاجؒ نے کبھی فارسی میں شعر کہا ہی نہیں۔ کئی اور شواہد بھی یہ ثابت کرتے ہیں کہ مذکورہ دیوان حسین بن منصور بن حلاج رحمہ اللہ کا نہیں، کسی نے سستی شہرت کے لیے جدید فارسی لب و لہجے میں ناکام شاعری کرتے ہوئے اسے حسین بن منصور بن حلاج سے منسوب کر دیا۔

حسین بن منصور حلاجؒ سے غلط طور پر منسوب فارسی دیوان کے بارے میں مولانا ظفر احمد عثمانی کا یہ اقتباس

ملاحظہ فرمائیں:

''احقر نے ڈھاکہ یونی ورسٹی کی لائبریری میں کتاب الطواسین کو تلاش کرایا، وہ تو نہ ملی، ایک دیوان فارسی ملا، جس کی لوح پر یہ عبارت درج ہے:'' دیوان استطاب عارف ربانی و مجذوب سبحانی سراج وہاج حسین بن منصور حلاج، حسب فرمائش عالیجاہ مرزا محمد خان ملک الکتاب المخاطب بخان صاحب در بمبئی بزیور طبع درآمد ۱۳۲۵ھ'' مطبع کا نام کتاب پر درج نہیں، ہر غزل کے مقطع میں تخلص حسین ہے۔ میرے نزدیک اس دیوان کی نسبت ابن منصور کی طرف صحیح نہیں کیوں کہ کسی تاریخ سے پتہ نہیں چلتا کہ انہوں نے فارسی میں شاعری کی ہے۔ ان کی طرف جس قدر اشعار منسوب ہیں۔ سب عربی میں ہیں، پھر جس شخص کی تربیت واسط، تستر اور بغداد میں ہوئی اور زیادہ حصہ عمر کا بصرہ اور حرمین و بغداد میں گزرا ہو، اس کا فارسی زبان میں ایسے وقت میں شاعری کرنا جب کہ یہ بلاد عربیت کا گہوارہ بنے ہوئے تھے، کسی طرح سمجھ میں نہیں آتا۔

علاوہ ازیں اس دیوان کی زبان بھی قدیم فارسی نہیں بلکہ جدید فارسی سے بھی متاخر ہے۔ اکثر غزلوں کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ شاعر نے حافظ شیرازی اور عراقی جیسے شعرائے متاخرین کا اتباع کیا ہے مگر اس میں بھی کامیاب نہیں ہوا۔''(۱۵)

